تَعلِیمُ القُرآن

اُتلُ مَآ اُوحِیَ (۲۱)

قرآن سیکھنے والوں کیلئے آسان گرامر کے ساتھ
لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

چوہدری عبد السّلام

حافظ قاری عطاء اللہ

(مستند) رجسٹرڈ پروف ریڈر پنجاب قرآن بورڈ محکمہ اوقاف

حکومت پنجاب لاہور۔ پاکستان

فون نمبر: 0308-4259187

0324-4858497

حوالہ نمبر: تعلیم القرآن　　　　رجسٹریشن نمبر:013

میں نے چوہدری عبدالسّلام کے ترجمہ قرآن کریم (تعلیم القرآن) کے پارہ نمبر21 کے قرآنی متن کو حرفاً حرفاً پوری توجہ اوراحتیاط سے پڑھا ہے۔ میں پورے وثوق سے اس کی صحت کی تصدیق کرتا ہوں کہ اس کے متن میں اعرابی لفظی اور رسم الخط کی کوئی ایسی غلطی نہیں جس سے قرآنِ کریم کے عربی متن میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہو۔

حافظ قاری عطاء اللہ

عرضِ مؤلف

پارہ **اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ (۲۱)** کا آسان گرامر کے ساتھ لفظی اور بامحاورہ ترجمہ پیش کیا ہے۔
قرآن پاک کا ترجمہ سیکھنے کیلئے گرامر کا آنا بہت ضروری ہے۔ پہلے پارہ میں گرامر کے صفحات لگائے گئے ہیں۔ اسے پڑھیں یا کسی اور گرامر کی کتاب کا مطالعہ کریں۔

قرآن کے الفاظ کا گرامر کے ساتھ ترجمہ کیا گیا ہے۔ پھر الفاظ کے ترجمہ کو ملا کر بامحاورہ ترجمہ کی شکل دی گئی ہے۔ فعل کے مصادر اور ساتھ فعل ماضی واحد مذکر غائب اور فعل مضارع واحد مذکر غائب کے صیغے دیئے گئے ہیں تاکہ ترجمہ سیکھنے میں آسانی ہو۔

اگر کوئی کوتاہی نظر آئے تو آگاہ کریں تاکہ اصلاح کی جائے۔

پورے قرآن مجید کا اسی انداز میں ترجمہ کرنے کا ارادہ ہے دعا کریں اللہ تعالیٰ مجھے ہمت اور صحت عطا فرمائے اور یہ کوشش میری بخشش کا سبب بن جائے۔

چوہدری عبدالسّلام

435 رضا بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

موبائل نمبر: 0322-4655866

آپ اس کتاب میں سے تلاوت کریں جو آپ کی طرف وحی کی گئی ہے اور آپ نماز قائم کریں	اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ

اُتْلُ، فعل امر واحد مذکر حاضر تَلَا يَتْلُوْ، مصدر تِلَاوَةٌ، پڑھنا، تلاوت کرنا (آپ تلاوت کریں)

مَآ، اسم موصول (اس سے جو) اُوْحِيَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَوْحٰى يُوْحِيْ، مصدر اِيْحَآءٌ، وحی کرنا (وحی کی گئی) اِلَيْكَ (اِلٰى، كَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کی طرف) مِنَ الْكِتٰبِ (مِنْ، اَلْكِتٰبِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْكِتٰبِ، مجرور، کتاب (کتاب میں سے)

وَ، حرف عطف (اور) اَقِمِ، اصل میں "اَقِمْ" تھا اگلے لفظ سے ملانے کیلئے میم کو زیر دی گی ہے، فعل امر واحد مذکر حاضر اَقَامَ يُقِيْمُ، مصدر اِقَامَةٌ، قائم کرنا (آپ قائم کریں) الصَّلٰوةَ (نماز)

بلا شبہ نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے۔	اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْكَرِ ؕ

اِنَّ الصَّلٰوةَ (اِنَّ، اَلصَّلٰوةَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، اَلصَّلٰوةَ، نماز (بلاشبہ نماز)

تَنْهٰى، فعل مضارع واحد مؤنث غائب نَهٰى يَنْهٰى، مصدر نَهْيًا، روکنا (وہ روکتی ہے)

عَنِ الْفَحْشَآءِ (عَنْ، اَلْفَحْشَآءِ) عَنْ، حرف جار، سے، اَلْفَحْشَآءِ، مجرور، بے حیائی (بے حیائی سے)

وَ، حرف عطف (اور) الْمُنْكَرِ، اِنْكَارٌ، مصدر سے اسم مفعول (برائی)

اور یقیناً اللہ کا ذکر سب سے بڑا (کام) ہے	وَ لَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ

وَ، حرف عطف (اور) لَذِكْرُ اللّٰهِ (لَ، ذِكْرُ، اَللّٰهِ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، ذِكْرُ، مضاف، ذکر، یاد، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (یقیناً اللہ کا ذکر)

اَكْبَرُ، كِبَرٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (سب سے بڑا، زیادہ بڑا)

اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔	وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ۝۴۵

وَ اللّٰهُ (وَ۔ اَللّٰهُ) وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰهُ، اللہ (اور اللہ)

یَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا(وہ جانتا ہے) مَا،اسم موصول (جو)
تَصْنَعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر صَنَعَ یَصْنَعُ، مصدر صَنْعًا، کرنا، بنانا، تخلیق کرنا (تم کرتے ہو)

وَ لَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ۖ	اور تم اہل کتاب سے جھگڑا نہ کرو مگر اس (طریقہ) سے جو وہ سب سے اچھا ہو۔

وَ، حرف عطف (اور) لَا تُجَادِلُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر جَادَلَ یُجَادِلُ، مصدر مُجَادَلَةٌ، جھگڑا کرنا (تم جھگڑا نہ کرو) اَهْلَ الْكِتٰبِ، اَهْلَ، مضاف، اہل، والوں، اَلْكِتٰبِ، مضاف الیہ، کتاب (اہل کتاب سے)
اِلَّا، حرف استثنا (مگر) بِالَّتِیْ (بِ۔اَلَّتِیْ) بِ، حرف جار، (اس طریقہ) سے، اَلَّتِیْ، مجرور، اسم موصول واحد مؤنث، جو (اس (طریقہ) سے جو) هِیَ، ضمیر منفصلہ واحد مؤنث غائب (وہ)
اَحْسَنُ۔ حُسْنٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (سب سے اچھا، زیادہ اچھا)

اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَ اُنْزِلَ اِلَیْكُمْ وَ اِلٰهُنَا وَ اِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝۴۶	سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے ان میں سے ظلم کیا اور تم (ان سے) کہہ دو ہم اس پر ایمان لائے جو ہماری طرف نازل کیا گیا اور (جو) تمہاری طرف نازل کیا گیا اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہے اور ہم اسی کی فرمانبرداری کرنے والے ہیں۔

اِلَّا، حرف استثنا (سوائے) الَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کے جنہوں نے)
ظَلَمُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ظَلَمَ یَظْلِمُ، مصدر ظُلْمًا، ظلم کرنا (انہوں نے ظلم کیا)
مِنْهُمْ (مِنْ۔هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں سے)
وَ، حرف عطف (اور) قُوْلُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (تم کہہ دو)
اٰمَنَّا، فعل ماضی جمع متکلم اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا (ہم ایمان لائے)
بِالَّذِیْٓ (بِ۔اَلَّذِیْ) بِ، حرف جار بمعنی "عَلٰی، پر، اَلَّذِیْ، مجرور، اسم موصول واحد مذکر، جو (اس پر جو)

اُنْزِلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا (نازل کیا گیا)
اِلَيْنَا (اِلٰى۔ نَا) اِلٰى، حرف جار، طرف، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری طرف)
وَ، حرف عطف (اور) اُنْزِلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا (نازل کیا گیا) اِلَيْكُمْ (اِلٰى۔ كُمْ) اِلٰى، حرف جار، طرف، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری، (تمہاری طرف) وَ، حرف عطف (اور) اِلٰهُنَا (اِلٰهُ۔ نَا) اِلٰهُ، مضاف، معبود، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم ہمارا (ہمارا معبود) وَ، حرف عطف (اور) اِلٰهُكُمْ (اِلٰهُ۔ كُمْ) اِلٰهُ، مضاف، معبود، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (تمہارا معبود) وَاحِدٌ، اسم فاعل واحد مذکر (اکیلا، یگانہ، ایک)
وَّ، حرف عطف (اور) نَحْنُ، ضمیر منفصلہ جمع متکلم (ہم)
لَهٗ (لَ۔ هٗ) لَ، حرف جار، کی، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی (اسی کی)
مُسْلِمُوْنَ۔ اِسْلَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (فرمانبرداری کرنے والے) واحد، مُسْلِمٌ۔

وَ كَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ	اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف کتاب نازل کی

وَ، حرف عطف (اور) كَذٰلِكَ (كَ۔ ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ، و حرف جار، طرح، مانند، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس، اسی (اسی طرح) اَنْزَلْنَآ، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا، (ہم نے نازل کی) اِلَيْكَ (اِلٰى۔ كَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کی طرف) الْكِتٰبَ (کتاب)

فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ	پھر وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی تھی وہ اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں۔

فَالَّذِيْنَ (فَ۔ اَلَّذِيْنَ) فَ، حرف عطف، پھر، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہیں)
اٰتَيْنٰهُمُ (اٰتَيْنَا۔ هُمْ) اٰتَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، ہم نے دی تھی، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں دی تھی) الْكِتٰبَ (کتاب)

يُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لاتے ہیں)

بِهٖ (بِ، هٖ) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰی، پر، هٖ، مجرور ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَلْكِتٰبَ (قرآن) ہے (اس پر)

وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ	اور ان (اہل مکہ) میں سے (بھی) کچھ ہیں جو اس پر ایمان لاتے ہیں۔

وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ (وَ۔ مِنْ۔ هٰٓؤُلَآءِ) وَ، حرف عطف، اور، مِنْ، حرف جار تبعیضیہ، میں سے کچھ،

هٰٓؤُلَآءِ، مجرور، اسم اشارہ جمع قریب، ان، اشارہ مشرکین مکہ کی طرف ہے (اور ان میں کچھ)

مَنْ، اسم موصول (جو) يُّؤْمِنُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لاتا ہے) بِهٖ (بِ۔ هٖ) بِ، حرف جار، پر، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ۝	اور ہماری آیات کا انکار نہیں کرتے مگر کافر لوگ۔

وَمَا، وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

يَجْحَدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَحَدَ يَجْحَدُ، مصدر جُحُوْدًا، انکار کرنا، کسی کا حق دینے سے منکر ہونا (وہ انکار کرتا ہے) بِاٰيٰتِنَآ (بِ، اٰيٰتِ، نَا) بِ، حرف جار، کا، اٰيٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات کا) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

الْكٰفِرُوْنَ، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کفر کرنے والے، کافروں، کافر لوگ) واحد، اَلْكَافِرُ،

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ۝	اور آپ اس (قرآن) سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور آپ اپنے دائیں ہاتھ سے نہیں لکھتے تھے (اگر ایسا ہوتا) تب باطل پرست ضرور شک میں پڑ جاتے۔

وَمَا، وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

كُنْتَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (آپ تھے)

تَتْلُوْا، فعل مضارع واحد مذکر حاضر تَلَا يَتْلُوْا، مصدر تِلَاوَةٌ، پڑھنا، تلاوت کرنا (آپ پڑھتے)

مِنْ قَبْلِهٖ (مِنْ۔ قَبْلِ۔ هٖ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، ضمیر کا مرجع "قرآن" ہے (اس (قرآن) سے پہلے)

مِنْ كِتٰبٍ، مِنْ، حرف جار، برائے عموم، كِتٰبٍ، مجرور (کوئی کتاب) وَّ، حرف عطف (اور)

لَا تَخُطُّهٗ (لَا تَخُطُّ، هٗ) لَا تَخُطُّ، فعل مضارع منفی واحد مذکر حاضر خَطَّ يَخُطُّ، مصدر خَطًّا، لکھنا، آپ نہیں لکھتے تھے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (آپ اسے نہیں لکھتے تھے)

بِيَمِيْنِكَ (بِ۔ يَمِيْنِ۔ كَ) بِ، حرف جار، سے، يَمِيْنِ، مجرور، مضاف، اسم نکرہ، دائیں ہاتھ، دائیں سمت، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنے (اپنے دائیں ہاتھ سے)

اِذًا، حرف جزا، جواب اور جزا کیلئے آتا ہے (تب، اس وقت)

لَّارْتَابَ (لَ۔ اِرْتَابَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، اِرْتَابَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِرْتَابَ يَرْتَابُ، مصدر اِرْتِيَابٌ، شک میں پڑنا، شک کرنا، یہاں صیغہ جمع کیلئے استعمال ہوا ہے، جواب شرط کی وجہ سے ترجمہ (وہ ضرور شک میں پڑ جاتے)

الْمُبْطِلُوْنَ، اِبْطَالٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (غلط گو، باطل پرست، حق کو جھٹلانے والے)

بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ	بلکہ وہ (قرآن) واضح آیات ہیں ان لوگوں کے سینوں میں جو علم دیئے گئے۔

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)

اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ، اٰيٰتٌ، موصوف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، بَيِّنٰتٌ، صفت، واضح، روشن (واضح آیات)

فِيْ صُدُوْرِ۔ فِيْ، حرف جار، میں، صُدُوْرِ، مجرور، سینوں، واحد، صَدْرٌ (سینوں میں)

الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کے جو)

اُوْتُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا (وہ دیئے گئے) الْعِلْمَ (علم)

وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ۝۴۹	اور ہماری آیات کا انکار نہیں کرتے مگر ظالم لوگ۔

وَ مَا،وَ، حرف عطف،اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

يَجْحَدُ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَحَدَ يَجْحَدُ، مصدر جُحُوْدًا، انکار کرنا (وہ انکار کرتا ہے)

بِاٰيٰتِنَآ(بِ،اٰيٰتِ،نَا)بِ، حرف جار، کا،اٰيٰتِ، مجرور، مضاف،آیات،واحد،اٰيَةٌ،نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات کا) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

الظّٰلِمُوْنَ۔ظُلْمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے،ظالموں،ظالم لوگ) واحد،اَلظَّالِمُ،

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ	اور انہوں نے کہا اس پر اس کے رب کی طرف سے نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں۔

وَ، حرف عطف (اور) قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (انہوں نے کہا)

لَوْلَآ،زجر و توبیخ کیلئے (کیوں نہیں)

اُنْزِلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا،اتارنا، نازل کرنا (اتاری گئی)

عَلَيْهِ(عَلٰى۔هِ)عَلٰى، حرف جار،پر،هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس پر) اٰيٰتٌ (نشانیاں، معجزات) واحد،اٰيَةٌ،مِّنْ رَّبِّهٖ(مِنْ۔رَبِّ۔هٖ) مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰى، کی طرف سے، رَبِّ، مجرور، مضاف،رب، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب،اس کے (اس کے رب کی طرف سے)

قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ	آپ کہہ دیجئے نشانیاں صرف اللہ کے پاس ہیں۔

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

اِنَّمَا،اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور مَا کافہ ہے جو حصر کیلئے آتی ہے (صرف، سوائے اس کے نہیں)

الْاٰيٰتُ (نشانیاں) واحد،اٰيَةٌ۔عِنْدَ اللّٰهِ(عِنْدَ۔اَللّٰهِ) عِنْدَ، مضاف، پاس،اَللّٰهِ، مضاف الیہ،اللہ کے، (اللہ کے پاس)

وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۵۰	اور میں صرف ایک کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں۔

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّمَآ،اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور مَا ،کافہ ہے جو حصر کیلئے آتی ہے اس کا مرکب ہے، (صرف) اَنَا، ضمیر واحد متکلم (میں)

نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ۔نَذِیْرٌ، موصوف،نَذْرٌ، مصدر سے بمعنی اسم فاعل صفت مشبہ ڈرانے والا،

مُبِیْنٌ، صفت،اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کھلم کھلا، واضح، صریح (کھلم کھلا ڈرانے والا)

اَوَ لَمْ یَکْفِہِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْکِتٰبَ یُتْلٰی عَلَیْہِمْ ؕ	اور کیا انہیں کافی نہیں ہے کہ بے شک ہم نے آپ پر کتاب نازل کی ہے (جو) ان پر پڑھی جاتی ہے۔

اَوَ لَمْ یَکْفِہِمْ (اَ۔وَ۔لَمْ یَکْفِ۔ہِمْ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا،وَ، حرف عطف، اور،

لَمْ یَکْفِ، اصل میں "یَکْفِیْ" تھا،لَمْ، کی وجہ سے آخر سے "یَاء" حرف علت گر گئی، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب کَفٰی یَکْفِیْ، مصدر کِفَایَۃٌ، کافی ہونا،لَمْ کی وجہ سے ترجمہ، وہ کافی نہیں ہے،

ہِمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (اور کیا انہیں کافی نہیں ہے)

اَنَّآ(اَنَّ۔نَا)اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک ،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم نے (کہ بے شک ہم نے)

اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ یُنْزِلُ مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا (ہم نے نازل کی)

عَلَیْکَ(عَلٰی۔کَ) عَلٰی، حرف جار، پر،کَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ پر)

الْکِتٰبَ (کتاب (قرآن)) یُتْلٰی، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب تَلَا یَتْلُوْا، مصدر تِلَاوَۃٌ، پڑھنا (وہ پڑھی جاتی ہے) عَلَیْہِمْ (عَلٰی۔ہِمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، ہِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان پر)

اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَرَحْمَۃً وَّ ذِکْرٰی لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ ع	بلاشبہ اس میں یقیناً رحمت اور نصیحت ہے ان لوگوں کیلئے جو ایمان رکھتے ہیں۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ)

فِیْ ذٰلِکَ (فِیْ۔ذٰلِکَ) فِیْ، حرف جار، میں، ذٰلِکَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں)

لَرَحْمَۃً (لَ۔رَحْمَۃً) لَ، لام تاکید، یقیناً، رَحْمَۃً، اسم مصدر، رحمت (یقیناً رحمت) وَّ، حرف عطف (اور)

ذِكْرٰى، مصدر ہے (نصیحت کرنا، نصیحت، ذکر)

لِقَوْمٍ (لِ۔قَوْمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوْمٍ، مجرور، قوم، لوگوں (لوگوں کیلئے)

يُّؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان رکھتے ہیں)

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ۚ	آپ کہہ دیجئے کہ اللہ میرے درمیان اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے۔

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

كَفٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَفٰى يَكْفِيْ، مصدر كِفَايَةٌ، کافی ہونا (کافی ہے)

بِاللّٰهِ (بِ۔اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَللّٰهِ، مجرور (اللہ)

بَيْنِيْ (بَيْنِ۔ يْ) بَيْنِ، مضاف، درمیان، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے درمیان)

وَ، حرف عطف (اور) بَيْنَكُمْ (بَيْنَ۔كُمْ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے درمیان)

شَهِيْدًا۔شَهَادَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (گواہ، حاضر، موجود)

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	وہ جانتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے۔

يَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے)

مَا، اسم موصول (جو) فِي السَّمٰوٰتِ (فِيْ۔اَلسَّمٰوٰتِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمانوں میں) وَ الْاَرْضِ (وَ۔اَلْاَرْضِ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْاَرْضِ، زمین (اور زمین)

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۵۲﴾	اور وہ لوگ جو باطل پر ایمان لائے اور انہوں نے اللہ کا انکار کیا وہی لوگ ہی نقصان اٹھانے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

بِالْبَاطِلِ(بِ۔اَلْبَاطِلِ) بِ، حرف جار بمعنی "عَلٰی" پر، اَلْبَاطِلِ، مجرور، باطل (باطل پر)

وَ، حرف عطف (اور) كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا، (انہوں نے انکار کیا) بِاللّٰهِ(بِ۔اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کا، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کا)

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (وہی لوگ) هُمُ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہی، ہی)

الْخٰسِرُوْنَ۔ خُسْرَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، خسارہ اٹھانے والے، نقصان اٹھانے والے، واحد، اَلْخَاسِرُ،

وَ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ	اور وہ آپ سے عذاب کو جلدی مانگتے ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) يَسْتَعْجِلُوْنَكَ(يَسْتَعْجِلُوْنَ۔كَ) يَسْتَعْجِلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ، مصدر اِسْتِعْجَالٌ، جلدی مانگنا، وہ جلدی مانگتے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ آپ سے جلدی مانگتے ہیں)

بِالْعَذَابِ(بِ۔اَلْعَذَابِ) بِ، حرف جار، کو، اَلْعَذَابِ، مجرور، عذاب، (عذاب کو)

وَ لَوْ لَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ؕ	اور اگر ایک مقرر وقت نہ ہوتا تو ان پر عذاب ضرور آجاتا۔

وَ لَوْ لَآ۔ وَ، حرف عطف، اور، لَوْلَا، امتناعیہ، لَوْ، شرطیہ، اگر، لَا، نافیہ، نہ کا مرکب (اور اگر نہ (ہوتا)

اَجَلٌ مُّسَمًّى۔ اَجَلٌ، موصوف، مدت، موت، مہلت، ایک وقت، جمع، اٰجَالٌ،

مُسَمًّى، صفت، تَسْمِيَةٌ، مصدر سے اسم مفعول، واحد مذکر، نام رکھا ہوا، مقرر، متعین (ایک مقرر وقت)

لَّجَآءَهُمُ (لَ۔ جَآءَ۔ هُمْ) لَ، لام تاکید، ضرور، جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا "لَوْ" کی وجہ سے ترجمہ، وہ آجاتا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (وہ ان پر ضرور آجاتا)

الْعَذَابُ (عذاب)

وَ لَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۵۳	اور بلاشبہ وہ ان پر ضرور اچانک آئے گا اور وہ

	شعور نہ رکھتے ہوں گے۔

وَ، حرف عطف (اور) لَيَاْتِيَنَّهُمْ (لَ۔يَاْتِيَنَّ۔هُمْ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، يَاْتِيَنَّ، فعل مضارع موکد بانون تاکید ثقیلہ واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِىْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، وہ ضرور آئے گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (بلاشبہ وہ ان پر ضرور آئے گا) بَغْتَةً (اچانک، ایک دم) وَّ، حرف عطف (اور) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) لَا يَشْعُرُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب شَعُرَ يَشْعُرُ، مصدر شُعُوْرًا، شعور رکھنا (وہ شعور نہ رکھتے ہوں گے)

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ	وہ آپ سے عذاب کو جلدی مانگتے ہیں۔

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ (يَسْتَعْجِلُوْنَ۔كَ) يَسْتَعْجِلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ، مصدر اِسْتِعْجَالٌ، جلدی مانگنا، وہ جلدی مانگتے ہیں، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (وہ آپ سے جلدی مانگتے ہیں) بِالْعَذَابِ (بِ۔اَلْعَذَابِ) بِ، حرف جار، کو، اَلْعَذَابِ، مجرور، عذاب (عذاب کو)

وَ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿۵۴﴾	اور بلاشبہ جہنم کافروں کو یقیناً گھیرنے والی ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) جَهَنَّمَ (جہنم، دوزخ) لَمُحِيْطَةٌ (لَ۔مُحِيْطَةٌ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، مُحِيْطَةٌ۔اِحَاطَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث، (گھیرنے والی) بِالْكٰفِرِيْنَ (بِ۔اَلْكٰفِرِيْنَ) بِ، حرف جار، کو، اَلْكٰفِرِيْنَ، مجرور، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، واحد، اَلْكَافِرُ (کافروں کو)

يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَ يَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۵﴾	(اس) دن عذاب انہیں ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے ڈھانپ لے گا اور وہ (اللہ) فرمائے گا تم اس کا مزہ چکھو جو تم عمل کرتے تھے۔

يَوْمَ، اسم ظرف ((اس) دن) يَغْشٰىهُمْ (يَغْشٰى۔هُمْ) يَغْشٰى، فعل مضارع واحد مذکر غائب غَشِيَ يَغْشٰى، مصدر غَشَايَةٌ وَّ غَشْيٌ، ڈھانپ لینا، وہ ڈھانپ لے گا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں

ڈھانپ لے گا) الْعَذَابُ (عذاب)

مِنْ فَوْقِهِمْ (مِنْ۔فَوْقِ۔هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے،فَوْقِ، مجرور، مضاف،اوپر،هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کے (ان کے اوپر سے) وَ مِنْ تَحْتِ۔ وَ، حرف عطف،اور، مِنْ، حرف جار، سے، تَحْتِ، مجرور، نیچے (اور نیچے سے) اَرْجُلِهِمْ (اَرْجُلِ۔هِمْ) اَرْجُلِ، مضاف، پاؤں، واحد، رِجْلٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کے (ان کے پاؤں) وَ، حرف عطف (اور)

يَقُوْلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا،فرمانا، (وہ (اللہ) فرمائے گا)

ذُوْقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر ذَاقَ يَذُوْقُ، مصدر ذَوْقًا،مزہ چکھنا(تم مزہ چکھو)

مَا،اسم موصول (اس کا جو) كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا(تم تھے)تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا(تم عمل کرتے)

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ۝	اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو! بے شک میری زمین وسیع ہے سو میری ہی پس تم عبادت کرو۔

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا(يَا،عِبَادِ، يْ،الَّذِيْنَ،اٰمَنُوْٓا) يَا، حرف ندا،اے، عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا، منادیٰ،عِبَادِ، مضاف، بندوں، واحد،عَبْدٌ، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے،الَّذِيْنَ،اسم موصول جمع مذکر،جو،اٰمَنُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا،ایمان لانا،ایمان لائے ہو (اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو)

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، (بے شک) اَرْضِيْ (اَرْضِ۔يْ) اَرْضِ، مضاف، زمین، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میری (میری زمین) وَاسِعَةٌ۔سَعَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (وسیع کشادہ)

فَاِيَّايَ(فَ۔اِيَّايَ) فَ، حرف عطف، سو،اِيَّايَ، ضمیر منصوب منفصل واحد متکلم، میری ہی (سو میری ہی)

فَاعْبُدُوْنِ،اصل میں "فَاعْبُدُوْنِيْ" تھا(فَ۔اُعْبُدُوْا۔نِ۔يْ)فَ، حرف عطف، پس،اُعْبُدُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر عَبَدَ يَعْبُدُ، مصدر عِبَادَةٌ، عبادت کرنا، تم عبادت کرو،نِ، نون وقایہ، يْ، ضمیر واحد

متکلم، محذوف ہے، میری (پس تم میری عبادت کرو)

كُلُّ نَفْسٍ ذَآىِٕقَةُ الْمَوْتِ	ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے۔

كُلُّ نَفْسٍ۔ كُلُّ، مضاف، ہر، نَفْسٍ، مضاف الیہ، نفس، جان (ہر جان)

ذَآىِٕقَةُ الْمَوْتِ۔ ذَآىِٕقَةُ، مضاف، ذَوْقٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث، مزہ چکھنے والی،

اَلْمَوْتِ، مضاف الیہ موت کا (موت کا مزہ چکھنے والی)

ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۷﴾	پھر تم ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اِلَيْنَا (اِلٰی، نَا) اِلٰی، حرف جار، طرف، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری طرف) تُرْجَعُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر رَجَعَ يَرْجِعُ، مصدر رُجُوْعٌ، لوٹنا (تم لوٹائے جاؤ گے)

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ	اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے بلاشبہ ہم انہیں جنت کے بالاخانوں میں ضرور جگہ دیں گے ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (انہوں نے عمل کیے) الصّٰلِحٰتِ۔ صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (نیکیاں، اچھائیاں) واحد، صَالِحَةٌ،

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ (لَنُبَوِّئَنَّ۔ هُمْ) لَنُبَوِّئَنَّ، فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم بَوَّاَ يُبَوِّاُ، مصدر تَبْوِئَةٌ، جگہ دینا، ٹھہرانا، بلاشبہ ہم ضرور جگہ دیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (بلاشبہ ہم انہیں ضرور جگہ دیں گے) مِّنَ الْجَنَّةِ۔ مِنْ، حرف جار، سے، ضرور تا ترجمہ "کے" کیا جاتا ہے، اَلْجَنَّةِ، مجرور،

جنت (جنت کے) غُرَفًا، حالت نصب (اونچے مکانوں، بالاخانوں، بلائی منزلیں) واحد، غُرۡفَةٌ،

تَجۡرِیۡ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب جَرٰی یَجۡرِیۡ، مصدر جِرۡیَانًاوَّ جَرۡیًا، بہنا (وہ بہتی ہے)

مِنۡ تَحۡتِهَا (مِنۡ۔تَحۡتِ۔هَا) مِنۡ، حرف جار، سے، تَحۡتِ، مجرور، مضاف، نیچے، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع "غُرۡفًا" ہے (ان کے نیچے سے) الۡاَنۡهٰرُ (نہریں) واحد، نَهۡرٌ،

خٰلِدِیۡنَ۔ خُلُوۡدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہمیشہ رہنے والے)

فِیۡهَا (فِیۡ۔هَا) فِیۡ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع "غُرَفًا" ہے، (ان میں)

نِعۡمَ اَجۡرُ الۡعٰمِلِیۡنَ ﴿۵۸﴾	(نیک) عمل کرنے والوں کا اچھا اجر ہے۔

نِعۡمَ، کلمہ مدح اور فعل مدح ہے، نِعۡمَ (واحد مذکر) نِعۡمَتۡ (واحد مؤنث) کے علاوہ اس سے ماضی اور مضارع کا کوئی صیغہ نہیں (اچھا ہے)

اَجۡرُ الۡعٰمِلِیۡنَ (اَجۡرُ۔اَلۡعٰمِلِیۡنَ) اَجۡرُ، مضاف، اجر، بدلہ، جزا، اَلۡعٰمِلِیۡنَ، مضاف الیہ، عَمَلًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر عمل کرنے والوں کا واحد، اَلۡعَامِلُ (عمل کرنے والوں کا اجر)

الَّذِیۡنَ صَبَرُوۡا وَعَلٰی رَبِّهِمۡ یَتَوَکَّلُوۡنَ ﴿۵۹﴾	وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

الَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

صَبَرُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَبَرَ یَصۡبِرُ، مصدر صَبۡرًا، صبر کرنا (انہوں نے صبر کیا)

وَ، حرف عطف (اور) عَلٰی رَبِّهِمۡ (عَلٰی۔رَبِّ۔هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب پر) یَتَوَکَّلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب وَکَّلَ یَتَوَکَّلُ، مصدر تَوَکُّلٌ، توکل کرنا، بھروسہ کرنا (وہ بھروسہ کرتے ہیں)

وَکَاَیِّنۡ مِّنۡ دَآبَّةٍ لَّا تَحۡمِلُ رِزۡقَهَا ۖ	اور کتنے ہی چلنے والے جاندار ہیں کہ وہ اپنا رزق

	اٹھائے نہیں رکھتے

وَ، حرف عطف (اور) کَاَیِّنْ، یہ لفظ اصل میں "کَاَیٍّ" تھا، قرآنی املا میں تنوین کو بصورت نون لکھا گیا ہے، مبہم کثیر تعداد پر دلالت کرتا ہے (کتنے ہی) مِّنْ دَآبَّۃٍ۔ مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دَآبَّۃٍ، مجرور، دَبٌّ، سے اسم فاعل کا صیغہ، مذکر اور مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہے "تَا" وحدت کیلئے ہے، اس کی جمع، دَوَابٌّ ہے، جاندار، زیادہ تر "حَشَرَاتِ الْاَرْضِ" کیلئے آتا ہے، لَّا تَحْمِلُ، فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب حَمَلَ یَحْمِلُ، مصدر حَمْلًا، اٹھانا اٹھا رکھنا (وہ نہیں اٹھا رکھتا)

رِزْقَهَا (رِزْقَ۔ هَا) رِزْقَ، مضاف، رزق، روزی، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اپنا (اپنا رزق)

اَللّٰهُ یَرْزُقُهَا وَ اِیَّاکُمْ	اللہ انہیں رزق دیتا ہے اور تمہیں بھی۔

اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) یَرْزُقُهَا (یَرْزُقُ۔ هَا) یَرْزُقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب رَزَقَ یَرْزُقُ، مصدر رِزْقًا، رزق دینا، وہ رزق دیتا ہے، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع "دَآبَّۃٌ" ہے، (وہ انہیں رزق دیتا ہے)

وَ، حرف عطف (اور) اِیَّاکُمْ، ضمیر منصوب منفصل جمع مذکر حاضر (تمہیں بھی)

وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۶۰﴾	اور وہی خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی) السَّمِیْعُ، اللہ کا صفاتی نام، سَمْعٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب سننے والا) الْعَلِیْمُ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

وَ لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ	اور بلاشبہ اگر آپ ان سے پوچھیں کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور سورج اور چاند کو مسخر کیا بلاشبہ وہ ضرور کہیں گے اللہ نے

وَ لَئِنْ (وَ۔ لَ۔ اِنْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلاشبہ، اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (اور بلاشبہ اگر) سَاَلْتَهُمْ (سَاَلْتَ۔ هُمْ) سَاَلْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر سَاَلَ یَسْئَلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا

پوچھنا، "اِنْ" کی وجہ سے ترجمہ ،آپ پوچھیں ،هُمْ ، ضمیر جمع مذکر غائب ،ان سے (آپ ان سے پوچھیں)
مَّنْ ،استفہامیہ (کس نے) خَلَقَ ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ ، مصدر خَلْقًا ، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا) السَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد ،اَلسَّمَآءُ ۔وَ، حرف عطف (اور) الْاَرْضَ (زمین) وَ، حرف عطف (اور) سَخَّرَ ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَخَّرَ يُسَخِّرُ ، مصدر تَسْخِيْرٌ ، تسخیر کرنا، مسخر کرنا، کام پہ لگانا (اس نے مسخر کیا) الشَّمْسَ (سورج) وَ، حرف عطف (اور) الْقَمَرَ (چاند)
لَيَقُوْلُنَّ (لَ ۔يَقُوْلُنَّ) لَ ،لام تاکید ، بلاشبہ ،يَقُوْلُنَّ ، فعل مضارع موکد بانون تاکید ثقیلہ جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ ، مصدر قَوْلًا ، کہنا (بلاشبہ وہ ضرور کہیں گے) اللّٰهُ (اللہ نے)

فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝۶۱	پھر کہاں وہ بہکائے جاتے ہیں۔

فَاَنّٰى (فَ ۔اَنّٰى) فَ، حرف عطف ، پھر ،اَنّٰى ،اسم ظرف مکان بمعنی "اَيْنَ" کہاں (پھر کہاں) يُؤْفَكُوْنَ ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب اَفَكَ يَاْفِكُ ، مصدر اِفْكًا ، بہتان لگانا ، بہکانا (وہ بہکائے جاتے ہیں)

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَ يَقْدِرُ لَهٗ ؕ	اللہ اپنے بندوں میں سے جس کیلئے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے اور وہی اس کیلئے تنگ کرتا ہے۔

اَللّٰهُ ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) يَبْسُطُ ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَسَطَ يَبْسُطُ ، مصدر بَسْطٌ ، پھیلانا، بڑھانا، کشادہ کرنا (وہ کشادہ کرتا ہے) الرِّزْقَ (رزق)
لِمَنْ (لِ ۔مَنْ) لِ ، حرف جار ، کیلئے ،مَنْ ، مجرور ،اسم موصول ، جس (جس کیلئے)
يَّشَآءُ ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ ، مصدر مَشِيْئَةٌ ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)
مِنْ عِبَادِهٖ (مِنْ ۔عِبَادِ ۔هٖ) مِنْ ، حرف جار ، سے ،عِبَادِ ، مجرور ، مضاف ، بندوں ، واحد ، عَبْدٌ ، هٖ ، مضاف الیہ ، ضمیر واحد مذکر غائب ، اپنے (اپنے بندوں میں سے) وَ، حرف عطف (اور)
يَقْدِرُ ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَدَرَ يَقْدِرُ ، مصدر قَدْرًا ، رزق تنگ کرنا، پابندی کرنا (وہی تنگ کرتا ہے) لَهٗ (لَ ۔هٗ) لَ ، حرف جار ، کیلئے ،هٗ ، مجرور ، ضمیر واحد مذکر غائب ، اس (اس کیلئے)

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۲﴾	بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

اِنَّ اللّٰهَ۔اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلا شبہ، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

بِكُلِّ شَيْءٍ(بِ، كُلِّ، شَيْءٍ) بِ، حرف جار، کو، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَيْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کو)

عَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

وَ لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ	اور یقیناً اگر آپ ان سے پوچھیں کہ کس نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس کے ساتھ زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کیا بلاشبہ وہ ضرور کہیں گے اللہ نے

وَلَئِنْ(وَ۔لَ۔اِنْ)وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، یقیناً، اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (اور یقیناً اگر)

سَاَلْتَهُمْ (سَاَلْتَ۔هُمْ)سَاَلْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر سَاَلَ يَسْئَلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ پوچھیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان سے (آپ ان سے پوچھیں)

مَّنْ، استفہامیہ (کس نے) نَّزَّلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنْزِيْلٌ، اتارنا (اس نے اتارا) مِنَ السَّمَآءِ(مِنْ۔اَلسَّمَآءِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان سے) مَآءً (پانی)

فَاَحْيَا(فَ۔اَحْيَا)فَ، حرف عطف، پھر، اَحْيَا، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَحْيٰى يُحْيِيْ، مصدر اِحْيَآءٌ، زندہ کرنا، اس نے زندہ کیا (پھر اس نے زندہ کیا)

بِهِ(بِ، هٖ)بِ، حرف جار، کے ساتھ، هٖ مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ساتھ) الْاَرْضَ (زمین)

مِنْۢ بَعْدِ۔مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور (کے بعد)

مَوْتِهَا(مَوْتِ۔هَا)مَوْتِ، مضاف، موت، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع "اَلْاَرْضَ" ہے (اس کی موت) لَيَقُوْلُنَّ(لَ۔يَقُوْلُنَّ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، يَقُوْلُنَّ، فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (بلاشبہ وہ ضرور کہیں گے) اللّٰهُ (اللہ نے)

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ	آپ کہہ دیجئے کہ سب تعریف اللہ کیلئے ہے۔

قُلِ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا(آپ کہہ دیجئے)اَلْحَمْدُ(سب تعریف)
لِلّٰہِ(لِ۔اَللّٰہِ)لِ، حرف جار، کیلئے،اَللّٰہِ، مجرور،اللہ (اللہ کیلئے)

بَلْ اَکْثَرُھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۶۳﴾	بلکہ ان کے اکثر عقل نہیں رکھتے

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ)اَکْثَرُھُمْ (اَکْثَرُ۔ھُمْ)اَکْثَرُ، مضاف،کَثْرَۃٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا
صیغہ،اکثر،زیادہ،اکثریت،ھُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کے (ان کے اکثر)
لَا یَعْقِلُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَقَلَ یَعْقِلُ، مصدر عَقْلًا، سمجھنا، عقل رکھنا(وہ عقل
نہیں رکھتے)

وَمَا ھٰذِہِ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ اِلَّا لَھْوٌ وَّ لَعِبٌ ؕ	اور یہ دنیا کی زندگی ایک دل لگی اور کھیل کود کے سوا کچھ نہیں ہے۔

وَ مَا۔وَ، حرف عطف،اور،مَا، نافیہ، نہیں(اور نہیں)
ھٰذِہِ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ۔ھٰذِہِ،اسم اشارہ واحد مؤنث قریب،یہ،اَلْحَیٰوۃُ،مشارٌ الیہ، موصوف،زندگی،
اَلدُّنْیَا،صفت،دنیا(یہ دنیا کی زندگی)اِلَّا،حرف استثنا(سوا)
لَھْوٌ،اسم مصدر، سنجیدگی چھوڑ کر مزاح کی طرف میلان "لَھْوٌ" کہلاتا ہے(ایک دل لگی، تماشہ)
وَّ، حرف عطف(اور)لَعِبٌ، حاصل مصدر(کھیل کود)

وَ اِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَۃَ لَھِیَ الْحَیَوَانُ ۘ	اور بلاشبہ آخرت کا گھر یقیناً وہی (اصل)زندگی ہے

وَ، حرف عطف(اور)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل(بے شک، بلاشبہ)
الدَّارَ الْاٰخِرَۃَ۔اَلدَّارَ، موصوف، گھر،اَلْاٰخِرَۃَ،صفت،آخرت،اخروی(آخرت کا گھر)
لَھِیَ(لَ۔ھِیَ)لَ،لام تاکید، یقیناً،ھِیَ، ضمیر واحد مؤنث غائب،وہی(یقیناً وہی)
اَلْحَیَوَانُ،اصل میں "حَیَیَانَ" تھا،یا،ثانیہ،واو،سے بدل دی گئی ہے، مصدر ہے(زندگی، جینا)

لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾	کاش وہ جانتے ہوتے

لَوْ، تمنائی (کاش) كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ہوتے) يَعْلَمُوْنَ، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتے)

فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ	پھر جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں وہ اللہ کو اس کیلئے (اپنا) دین خالص کرتے ہوئے پکارتے ہیں

فَاِذَا (فَ۔اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف زمان، مستقبل پر دلالت کرتا ہے، بمعنی شرط، جب، (پھر جب) رَكِبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب رَكِبَ يَرْكَبُ، مصدر رُكُوْبٌ، سوار ہونا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ سوار ہوتے ہیں) فِي الْفُلْكِ (فِيْ۔اَلْفُلْكِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْفُلْكِ، مجرور، کشتی (کشتی میں)
دَعَوْا، اصل میں "دَعَوُوْا"، تھا، واو متحرک ما قبل مفتوح کی وجہ سے واو، کو الف سے بدلا، دو ساکنین کے جمع ہونے سے الف حذف کر دیا گیا، اور، دَعَوْا، رہ گیا، فعل ماضی جمع مذکر غائب دَعَا يَدْعُوْا، مصدر دُعَآءٌ، پکارنا، دعا کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ پکارتے ہیں) اللّٰهَ (اللہ)
مُخْلِصِيْنَ۔اِخْلَاصٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (خالص کرنے والے، خالص کرتے ہوئے) واحد، مُخْلِصٌ، لَهُ (لَ۔هُ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے) الدِّيْنَ (دین)

فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾	پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف بچا لیتا ہے اچانک وہ شرک کرنے لگتے ہیں۔

فَلَمَّا (فَ۔لَمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، لَمَّا، اسم ظرف بمعنی شرط، جب (پھر جب)
نَجّٰىهُمْ (نَجّٰى۔هُمْ) نَجّٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَجّٰى يُنَجِّيْ، مصدر تَنْجِيَةٌ، نجات دینا، بچالینا، لَمَّا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ بچالیتا ہے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں بچالیتا ہے)
اِلَى الْبَرِّ (اِلٰى۔اَلْبَرِّ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَلْبَرِّ، مجرور، خشکی (خشکی کی طرف)
اِذَا، اسم ظرف زمان، مفاجاتیہ (اچانک، ناگہاں) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) يُشْرِكُوْنَ، فعل مضارع

جمع مذکر غائب اَشْرَكَ یُشْرِكُ، مصدر اِشْرَاكًا، شرک کرنا، شریک ٹھہرانا (وہ شرک کرنے لگتے ہیں)

لِیَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَیْنٰهُمْ	تاکہ وہ اس کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دیا

لِیَكْفُرُوْا (لِ۔یَكْفُرُوْا) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، یَكْفُرُوْا، فعل مضارع منصوب جمع مذکر غائب كَفَرَ یَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا، ناشکری کرنا، وہ ناشکری کریں (تاکہ وہ ناشکری کریں)

بِمَآ (بِ۔مَا) بِ، حرف جار، کی، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کی جو)

اٰتَیْنٰهُمْ (اٰتَیْنَا۔هُمْ) اٰتَیْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا، ہم نے دیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں دیا)

وَ لِیَتَمَتَّعُوْا	اور تاکہ وہ فائدہ اٹھالیں۔

وَلِیَتَمَتَّعُوْا (وَ۔لِ۔یَتَمَتَّعُوْا) وَ، حرف عطف، اور، لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، یَتَمَتَّعُوْا، فعل مضارع منصوب جمع مذکر غائب تَمَتَّعَ یَتَمَتَّعُ، مصدر تَمَتُّعٌ، فائدہ اٹھانا، وہ فائدہ اٹھالیں (اور تاکہ وہ فائدہ اٹھالیں)

فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ۞	تو عنقریب وہ جان لیں گے۔

فَسَوْفَ (فَ۔سَوْفَ) فَ، حرف عطف، تو، سَوْفَ، حرف استقبال، عنقریب (تو عنقریب)

یَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جان لیں گے)

اَوَ لَمْ یَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّ یُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ	اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ بے شک ہم نے حرم کو امن والا بنایا حالانکہ لوگوں کو ان کے ارد گرد سے اچک لیا جاتا ہے۔

اَوَ لَمْ یَرَوْا (اَ۔وَ۔لَمْ یَرَوْا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، وَ، حرف عطف، اور، لَمْ یَرَوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَةٌ، دیکھنا، لَمْ کی وجہ سے ترجمہ، انہوں نے نہیں دیکھا (اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا) اَنَّا (اَنَّ۔نَا) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم) جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (ہم نے بنایا)

حَرَمًا اٰمِنًا۔ حَرَمًا، موصوف، حرم، اٰمِنًا، صفت، اَمْنٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، امن والا (حرم کو امن والا) وَّ، حالیہ (حالانکہ) يُتَخَطَّفُ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب تَخَطَّفَ يَتَخَطَّفُ، مصدر تَخَطُّفٌ، اچک لینا (وہ اچک لیا جاتا ہے) النَّاسُ (لوگوں)

مِنْ حَوْلِهِمْ (مِنْ۔ حَوْلِ۔ هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے، حَوْلِ، مجرور، مضاف، ارد گرد، هِمْ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے ارد گرد سے)

اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَ بِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾	تو کیا وہ باطل پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں۔

اَفَبِالْبَاطِلِ (اَ۔ فَ۔ بِ۔ اَلْبَاطِلِ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، بِ، حرف جار، پر، اَلْبَاطِلِ، مجرور، باطل (تو کیا باطل پر) يُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان رکھتے ہیں) وَ، حرف عطف (اور)

بِنِعْمَةِ اللّٰهِ (بِ۔ نِعْمَةِ۔ اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کی، نِعْمَةِ، مجرور، مضاف، نعمت، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی، (اللہ کی نعمت کی) يَكْفُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، انکار کرنا، ناشکری کرنا (وہ ناشکری کرتے ہیں)

وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ	اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے اللہ پر جھوٹ بہتان باندھا یا اس نے حق کو جھٹلایا جب وہ اس کے پاس آیا

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، استفہامیہ (کون) اَظْلَمُ۔ ظُلْمًا، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ ظالم)

مِمَّنِ (مِنْ۔ مَنْ) مِنْ، حرف جار، سے، مَنْ، مجرور، اسم موصول، جس نے (اس سے جس نے)

اِفْتَرٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ، گھڑنا، بہتان باندھنا (اس نے بہتان باندھا) عَلَى اللّٰهِ (عَلٰى۔ اَللّٰهِ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

كَذِبًا، مصدر (جھوٹ باندھنا، جھوٹی بات، جھوٹ) اَوْ، حرف عطف (یا)

كَذَّبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا (اس نے جھٹلایا)

بِالْحَقِّ (بِ۔اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کو، اَلْحَقِّ، مجرور۔ حق، سچ (حق کو) لَمَّا، اسم ظرف حینیہ (جب)

جَآءَهٗ (جَآءَ۔هٗ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، وہ آیا، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (وہ اس کے پاس آیا)

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾	کیا کافروں کا ٹھکانہ جہنم میں نہیں ہے؟

اَلَيْسَ (اَ۔لَيْسَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَيْسَ، فعل ناقص واحد مذکر غائب، اس کا فعل امر اور فعل مضارع نہیں آتا، نہیں ہے (کیا نہیں ہے)

فِيْ جَهَنَّمَ (فِيْ۔جَهَنَّمَ) فِيْ، حرف جار، میں، جَهَنَّمَ، مجرور، جہنم (جہنم میں)

مَثْوًى۔ ثَوَآءٌ، مصدر سے اسم ظرف مکان (ٹھکانہ)

لِّلْكٰفِرِيْنَ (لِ۔اَلْكٰفِرِيْنَ) لِ، حرف جار، کا، اَلْكٰفِرِيْنَ، مجرور، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، واحد، اَلْكَافِرُ (کافروں کا)

وَ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ	اور وہ لوگ جنہوں نے ہمارے بارے میں کوشش کی یقیناً ہم انہیں اپنے راستوں کی ضرور ہدایت دیں گے۔

وَ، حرف عطف (اور) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے) جَاهَدُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَاهَدَ يُجَاهِدُ، مصدر مُجَاهَدَةً، جہاد کرنا، کوشش کرنا (انہوں نے کوشش کی)

فِيْنَا (فِيْ۔نَا) فِيْ، حرف جار، بارے میں، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے بارے میں)

لَنَهْدِيَنَّهُمْ (لَ۔نَهْدِيَنَّ۔هُمْ) لَ، لام تاکید، یقیناً، نَهْدِيَنَّ، فعل مضارع موکد بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم هَدٰى يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا، ہم ضرور ہدایت دیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب،

انہیں (یقیناً ہم انہیں ضرور ہدایت دیں گے) سُبُلَنَا (سُبُلَ ۔ نَا) سُبُلَ، مضاف، راستوں، واحد، سَبِیْلٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے راستوں کی)

وَ اِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ؏ ۶۹	اور بلاشبہ اللہ یقیناً نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

رکوع ۷

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ اللّٰہَ ۔ اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، اَللّٰہَ، اللہ (بلاشبہ اللہ)

لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ (لَ ۔ مَعَ ۔ اَلْمُحْسِنِیْنَ) لَ، لام تاکید، یقیناً، مَعَ، مضاف، اسم، ظرف ساتھ،

اَلْمُحْسِنِیْنَ، مضاف الیہ، اِحْسَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، احسان کرنے والے، نیکی کرنے والے

واحد، اَلْمُحْسِنُ (یقیناً نیکی کرنے والوں کے ساتھ .

اٰیَاتُھَا: ۶۰	سُوۡرَۃُ الرُّوۡمِ مَکِّیَّۃٌ	رُکُوۡعَاتُھَا: ٦

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾	الف لام میم

الٓمّٓ ،الف، لام، میم، حروف مقطعات ہیں۔

غُلِبَتِ الرُّوۡمُ ۙ﴿۲﴾	رومی مغلوب ہوگئے

غُلِبَتِ، فعل ماضی مجہول واحد مؤنث غائب غَلَبَ یَغۡلِبُ، مصدر غَلۡبًاوَّغَلۡبَۃٌ، غلبہ پانا (وہ مغلوب ہو گیا) الرُّوۡمُ، کبھی اس لفظ کا استعمال قوم روم کیلئے ہوتا ہے، اور کبھی رومی کی جمع کیلئے (قوم روم، رومی)

فِیۡۤ اَدۡنَی الۡاَرۡضِ وَ ھُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ غَلَبِھِمۡ سَیَغۡلِبُوۡنَ ۙ﴿۳﴾	زیادہ قریب کے ملک میں اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب ہو جائیں گے۔

فِیۡۤ اَدۡنَی الۡاَرۡضِ۔فِیۡ، حرف جار، میں، اَدۡنٰی، مجرور، مضاف، دُنُوٌّ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، زیادہ قریب، اَلۡاَرۡضِ، مضاف الیہ، زمین کے، ملک کے، زیادہ قریب کے ملک (زیادہ قریب کے ملک میں) وَ، حرف عطف (اور) ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) مِّنۡۢ بَعۡدِ۔ مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدِ، مجرور (بعد) غَلَبِھِمۡ (غَلَبِ۔ھِمۡ) غَلَبِ، مضاف، مصدر، قوت کے ساتھ غالب آنا، مصدر مفعول ہے، یہاں مغلوب ہونا کے معنی ہیں، ھِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے مغلوب ہونے) سَیَغۡلِبُوۡنَ (سَ۔یَغۡلِبُوۡنَ) سَ، فعل مضارع کو مستقبل کے معنی کیلئے مختص کرتا ہے، عنقریب، یَغۡلِبُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب غَلَبَ یَغۡلِبُ، مصدر غَلۡبًاوَّغَلۡبَۃٌ، غلبہ پانا، غالب ہونا، وہ غالب ہو جائیں گے (عنقریب وہ غالب ہو جائیں گے)

فِیۡ بِضۡعِ سِنِیۡنَ ۬ؕ	چند سالوں میں

فِیۡ بِضۡعِ سِنِیۡنَ۔فِیۡ، حرف جار، میں، بِضۡعِ، مجرور، مضاف، چند، دس سے کم مدت،

سِنِيْنَ، مضاف الیہ، سالوں، واحد، سَنَةٌ (چند سالوں میں)

لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ ؕ	پہلے (بھی) اور بعد (میں بھی) اللہ ہی کا اختیار ہے۔

لِلّٰهِ (لِ۔ اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کا، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ ہی کا) الْاَمْرُ (کام، حکم، اختیار)

مِنْ قَبْلُ۔ مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، قَبْلُ، مجرور (پہلے) وَ، حرف عطف (اور)

مِنْ بَعْدُ۔ مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدُ، مجرور (بعد)

وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ	اور اس دن مومن خوش ہوں گے۔

وَ، حرف عطف (اور) يَوْمَئِذٍ (يَوْمَ۔ اِذٍ) يَوْمَ، مضاف، اسم ظرف، دن، اِذٍ، مضاف الیہ، اس (اس دن)

يَّفْرَحُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب فَرِحَ يَفْرَحُ، مصدر فَرْحًا، خوش ہونا (وہ خوش ہوگا)

الْمُؤْمِنُوْنَ۔ اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان رکھنے والے، مومنوں) واحد، اَلْمُؤْمِنُ،

بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ	اللہ کی مدد سے

بِنَصْرِ اللّٰهِ (بِ۔ نَصْرِ۔ اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، سے، نَصْرِ، مجرور، مضاف، مدد، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی، (اللہ کی مدد سے)

يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	وہ مدد کرتا ہے جس کی وہ چاہتا ہے۔

يَنْصُرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَصَرَ يَنْصُرُ، مصدر نَصْرًا، مدد کرنا (وہ مدد کرتا ہے)

مَنْ، اسم موصول (جس کی) يَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيْئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۵	اور وہی نہایت غالب بہت رحم کرنے والا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

الْعَزِيْزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (نہایت غالب)

الرَّحِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

وَعْدَ اللّٰهِ ؕ	اللہ کا وعدہ ہے

وَعْدَ اللّٰهِ(وَعْدَ۔اَللّٰهِ) وَعْدَ، مضاف ، وعدہ،اَللّٰهِ، مضاف الیہ،اللہ کا(اللہ کا وعدہ)

لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝	اللہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے

لَا يُخْلِفُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اَخْلَفَ يُخْلِفُ، مصدر اِخْلَافٌ،خلاف ورزی کرنا (وہ خلاف ورزی نہیں کرتا) اللّٰهُ (اللہ) وَعْدَهٗ(وَعْدَ۔هٗ)وَعْدَ، مضاف ، وعدہ،هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب،اپنے (اپنے وعدے کی) وَ، حرف عطف (اور) لٰكِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (لیکن)

اَكْثَرَ النَّاسِ۔اَكْثَرَ، مضاف ، اکثر،اکثریت،اَلنَّاسِ، مضاف الیہ،لوگ (اکثر لوگ)

لَا يَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ نہیں جانتے)

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ	وہ دنیا کی زندگی میں سے ظاہر کو جانتے ہیں۔

يَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتے ہیں)

ظَاهِرًا۔ظُهُوْرٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ظاہر، کھلا،آشکارا)

مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا۔مِنْ، حرف جار، سے،اَلْحَيٰوةِ، مجرور، موصوف،زندگی،اَلدُّنْيَا،صفت، دنیاوی، دنیا (دنیا کی زندگی میں سے)

وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝	اور وہ آخرت سے (بالکل) وہ غافل ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

عَنِ الْاٰخِرَةِ۔عَنْ، حرف جار، سے،اَلْاٰخِرَةِ، مجرور،آخرت (آخرت سے) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ،ہی) غٰفِلُوْنَ۔غَفْلَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (غفلت کرنے والے) واحد،غَافِلٌ (غافل)

اَوَ لَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۫	اور کیا انہوں نے اپنے دلوں میں غور نہیں کیا؟

اَوَ لَمْ يَتَفَكَّرُوْا(اَ۔وَ۔لَمْ يَتَفَكَّرُوْا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا،وَ، حرف عطف،اور،

لَمْ يَتَفَكَّرُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ، مصدر تَفَكُّرٌ، غور کرنا، انہوں نے غور نہیں کیا (اور کیا انہوں نے غور نہیں کیا)

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ (فِيْ۔ اَنْفُسِ۔ هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، اَنْفُسِ، مجرور، مضاف، نفسوں، جانوں، دلوں، واحد نَفْسٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے دلوں میں)

مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَ اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ	اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو ان دونوں کے درمیان ہے پیدا نہیں کیا مگر حق اور ایک مقرر وقت کے ساتھ۔

مَا، نافیہ (نہیں) خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا)

اللّٰهُ (اللہ نے) السَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ۔ وَ، حرف عطف (اور) الْاَرْضَ (زمین)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، اسم موصول (جو) بَيْنَهُمَآ (بَيْنَ۔ هُمَا) بَيْنَ، مضاف، درمیان، هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، ان دونوں کے، (ان دونوں کے درمیان) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

بِالْحَقِّ (بِ۔ اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْحَقِّ، مجرور، حق (حق کے ساتھ)

وَ، حرف عطف (اور) اَجَلٍ مُّسَمًّى۔ اَجَلٍ، موصوف، وقت، مدت، مہلت، مُسَمًّى، صفت، تَسْمِيَةٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، نام رکھا ہوا، مقرر، متعین (ایک مقرر وقت)

وَ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝	اور بلاشبہ لوگوں میں سے بہت سے اپنے رب کی ملاقات کا یقیناً انکار کرنے والے ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) كَثِيْرًا۔ كَثْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بکثرت، بہت) مِّنَ النَّاسِ۔ مِنْ، حرف جار، سے، اَلنَّاسِ، مجرور، لوگوں (لوگوں میں سے)

بِلِقَآئِ (بِ۔ لِقَآئِ) بِ، حرف جار، کا، لِقَآئِ، مجرور، حاصل مصدر، پیشی، ملاقات (ملاقات کا)

رَبِّهِمْ (رَبِّ۔ هِمْ) رَبِّ، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کی)

لَكٰفِرُوْنَ (لَ۔ كٰفِرُوْنَ) لَ، لام تاکید، یقیناً، كٰفِرُوْنَ۔ كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، انکار کرنے والے، منکر، واحد، اَلْكَافِرُ (یقیناً انکار کرنے والے)

اَوَ لَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ	اور کیا انہوں نے زمین میں سیر وسیاحت نہیں کی

کَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ	کہ وہ دیکھتے ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے پہلے تھے۔

اَوَلَمۡ یَسِیۡرُوۡا(اَ۔وَ۔لَمۡ یَسِیۡرُوۡا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا،وَ، حرف عطف،اور،
لَمۡ یَسِیۡرُوۡا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب سَارَ یَسِیۡرُ، مصدر سَیۡرًا، چلنا پھرنا، سیر وسیاحت کرنا، انہوں نے سیر وسیاحت نہیں کی (اور کیا انہوں نے سیر وسیاحت نہیں کی)
فِی الۡاَرۡضِ۔فِیۡ، حرف جار، میں،اَلۡاَرۡضِ، زمین (زمین میں)
فَیَنۡظُرُوۡا(فَ۔یَنۡظُرُوۡا) فَ، حرف عطف، سببیہ، کہ ،یَنۡظُرُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر غائب نَظَرَ یَنۡظُرُ مصدر نَظۡرًا، دیکھنا، وہ دیکھتے (کہ وہ دیکھتے) کَیۡفَ، استفہامیہ (کیسا)
کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہوا)
ظَهَرَ الْفَسَادُ فِى الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِى النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِىْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ	خشکی اور سمندر میں اس وجہ سے فساد ظاہر ہو گیا جو ان لوگوں کے ہاتھوں نے کمایا تاکہ وہ انہیں بعض (برے اعمال) کا مزہ چکھائے جو انہوں نے عمل کیے تاکہ

یَرْجِعُوْنَ ﴿۴۱﴾	وہ (اللہ کی طرف) لوٹ آئیں

ظَهَرَ الْفَسَادُ۔ ظَهَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ظَهَرَ یَظْهَرُ، مصدر ظُهُوْرًا، ظاہر ہونا، وہ ظاہر ہو گیا،
اَلْفَسَادُ، فساد (فساد ظاہر ہو گیا) فِی الْبَرِّ (فِیْ۔ اَلْبَرِّ) فِیْ، حرف جار، میں، اَلْبَرِّ، مجرور، خشکی (خشکی میں)
وَ، حرف عطف (اور) الْبَحْرِ (سمندر)
بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار سببیہ، وجہ سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس وجہ سے جو)
کَسَبَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب کَسَبَ یَکْسِبُ، مصدر کَسْبًا، کمانا (اس نے کمایا)
اَیْدِی النَّاسِ (اَیْدِیْ۔ اَلنَّاسِ) اَیْدِیْ، مضاف، ہاتھوں، واحد، یَدٌ، اَلنَّاسِ، مضاف الیہ، لوگوں کے،
(لوگوں کے ہاتھوں نے) لِیُذِیْقَهُمْ (لِ۔ یُذِیْقَ۔ هُمْ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، یُذِیْقَ، فعل مضارع
واحد مذکر غائب اَذَاقَ یُذِیْقُ، مصدر اِذَاقَةٌ، مزہ چکھانا، وہ مزہ چکھائے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں،
(تاکہ وہ انہیں مزہ چکھائے) بَعْضَ (بعض، کچھ) الَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر (جو)
عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (انہوں نے عمل کیے)
لَعَلَّهُمْ (لَعَلَّ۔ هُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، شاید کہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تاکہ وہ)
یَرْجِعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب رَجَعَ یَرْجِعُ، مصدر رُجُوْعًا، رجوع کرنا، لوٹنا (وہ لوٹ آئیں)

قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ	آپ کہہ دیجیے کہ تم زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ ان لوگوں کا کیسا انجام ہوا جو ان سے پہلے تھے۔

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجیے)
سِیْرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر سَارَ یَسِیْرُ، مصدر سَیْرًا، چلنا پھرنا، سیر وسیاحت کرنا (تم چلو پھرو)
فِی الْاَرْضِ۔ فِیْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)
فَانْظُرُوْا (فَ۔ اُنْظُرُوْا) فَ، حرف عطف، پس، اُنْظُرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر نَظَرَ یَنْظُرُ، مصدر نَظَرًا،
دیکھنا (تم دیکھو) کَیْفَ، استفہامیہ (کیسا)
کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ ہوا)

عَاقِبَةُ، مصدر (انجام) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کا جو)

مِنْ قَبْلُ (مِنْ ۔ قَبْلُ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلُ، مجرور، پہلے (ان سے پہلے)

كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ۝	ان کے اکثر مشرک تھے۔

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھا)

اَكْثَرُهُمْ (اَكْثَرُ ۔ هُمْ) اَكْثَرُ، مضاف، كَثْرَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، اکثر، زیادہ، اکثریت

هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے اکثر)

مُّشْرِكِيْنَ ۔ اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (شرک کرنے والے، مشرکین) واحد، مُشْرِكٌ،

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَىِٕذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ۝	پس آپ اپنا چہرہ سیدھے دین کی طرف سیدھا رکھیں اس سے پہلے کہ وہ دن آجائے کہ اس کا ٹل جانا اللہ کی طرف سے نہیں ہے اس دن وہ جدا جدا ہو جائیں گے

فَاَقِمْ (فَ ۔ اَقِمْ) فَ، حرف عطف، پس، اَقِمْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَقَامَ يُقِيْمُ، مصدر اِقَامَةٌ، قائم رکھنا، سیدھا رکھنا، آپ سیدھا رکھیں (پس آپ سیدھا رکھیں)

وَجْهَكَ (وَجْهَ ۔ كَ) وَجْهَ، مضاف، چہرہ، رخ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنا (اپنا چہرہ)

لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ (لِ ۔ اَلدِّيْنِ ۔ اَلْقَيِّمِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلدِّيْنِ، مجرور، موصوف، دین، اَلْقَيِّمِ، صفت، قِيَامٌ، سے صفت مشبہ، سیدھا (سیدھے دین کی طرف)

مِنْ قَبْلِ ۔ مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، پہلے (اس سے پہلے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ)

يَّاْتِيَ، فعل منصوب مضارع واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا (وہ آئے) يَوْمٌ (دن)

لَّا، نافیہ (نہیں) مَرَدَّ، مصدر میمی (ٹل جانا) لَهٗ (لَ ۔ هٗ) لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا) مِنَ اللّٰهِ (مِنْ ۔ اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف سے) يَوْمَىِٕذٍ (يَوْمَ ۔ اِذٍ) يَوْمَ، مضاف، دن، اِذٍ، مضاف الیہ، اس (اس دن)

يَّصَّدَّعُوْنَ، اصل میں "يَتَصَدَّعُوْنَ" تھا، "تا" کو "ص" سے بدلا، پھر "ص" کو "ص" میں مدغم کیا، فعل

مضارع جمع مذکر غائب تَصَدَّعَ یَتَصَدَّعُ، مصدر تَصَدُّعٌ، منتشر ہونا، جداجدا ہونا، الگ الگ ہونا (وہ جداجدا ہو جائیں گے)

مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ	جو کفر کرے تو اس کا کفر اسی پر ہے۔

مَنْ، اسم موصول شرطیہ (جو) کَفَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب کَفَرَ یَکْفُرُ، مصدر کُفْرًا، کفر کرنا، (وہ کفر کرے) فَعَلَیْهِ (فَ۔ عَلٰی۔ ہِ) فَ، حرف عطف، تو، عَلٰی، حرف جار، پر، ہِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی (تو اسی پر) کُفْرُهٗ (کُفْرُ، هٗ) کُفْرُ، مضاف، کفر، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا کفر)

وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ۙ﴿۴۴﴾	اور جو نیک عمل کرے تو وہ اپنی جانوں کیلئے (فلاح کا راستہ) ہموار کرتے ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول شرطیہ (جو)

عَمِلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کرے)

صَالِحًا۔ صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (نیک، اچھا، بھلا)

فَلِاَنْفُسِهِمْ (فَ۔ لِ۔ اَنْفُسِ۔ هِمْ) فَ، حرف عطف، تو، لِ، حرف جار، کیلئے، اَنْفُسِ، مجرور، مضاف، نفسوں، جانوں، ذاتوں، واحد، نَفْسٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (تو اپنی جانوں کیلئے)

یَمْهَدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب مَهَدَ یَمْهَدُ، مصدر مَهْدًا، ہموار کرنا، تیار کرنا (وہ (فلاح کا راستہ) ہموار کرتے ہیں)

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ	تاکہ وہ ان لوگوں کو اپنے فضل سے بدلہ دے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے۔

لِیَجْزِیَ (لِ۔ یَجْزِیَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، یَجْزِیَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب جَزٰی یَجْزِیْ مصدر جَزَآءٌ، بدلہ دینا، وہ بدلہ دے (تاکہ وہ بدلہ دے) الَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کو جو) اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ یَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (انہوں نے عمل کیے) الصّٰلِحٰتِ۔ صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، نیکیاں، اچھے، واحد، اَلصَّالِحَۃُ، مِنۡ فَضۡلِهٖ (مِنۡ۔ فَضۡلِ۔ ہٖ) مِنۡ، حرف جار، سے، فَضۡلِ، مجرور، مضاف، فضل، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے فضل سے)

اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الۡكٰفِرِیۡنَ ﴿۴۵﴾	بلاشبہ وہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔

اِنَّهٗ (اِنَّ۔ ہٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ، ضمیر کا مرجع "اللہ" ہے (بلاشبہ وہ) لَا یُحِبُّ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اَحَبَّ یُحِبُّ، مصدر اِحۡبَابٌ، دوست رکھنا، پسند کرنا (وہ پسند نہیں کرتا) الۡكٰفِرِیۡنَ۔ کُفۡرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، واحد، اَلۡکَافِرُ،

وَ مِنۡ اٰیٰتِهٖۤ اَنۡ یُّرۡسِلَ الرِّیَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّ لِیُذِیۡقَكُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِهٖ وَ لِتَجۡرِیَ الۡفُلۡكُ بِاَمۡرِهٖ وَ لِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۴۶﴾	اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ (بارش کی) خوشخبری دینے والیاں ہوائیں بھیجتا ہے اور تاکہ وہ تمہیں اپنی رحمت کا مزہ چکھائے اور تاکہ کشتیاں اس کے حکم سے چلیں اور تاکہ تم اس کے فضل سے تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو۔

وَ، حرف عطف (اور) مِنۡ اٰیٰتِهٖۤ (مِنۡ۔ اٰیٰتِ۔ ہٖ) مِنۡ، حرف جار، سے، اٰیٰتِ، مجرور، مضاف، نشانیوں، واحد اٰیَۃٌ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی نشانیوں میں سے) اَنۡ، مصدریہ ناصبہ (کہ) یُّرۡسِلَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا (وہ بھیجتا ہے) الرِّیَاحَ (ہوائیں) واحد، رِیۡحٌ، مُبَشِّرٰتٍ۔ تَبۡشِیۡرٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (خوشخبری دینے والیاں، بارش کی خوشخبری دینے والی ٹھنڈی ہوائیں) وَّ، حرف عطف (اور)
لِیُذِیۡقَكُمۡ (لِ، یُذِیۡقَ، کُمۡ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، یُذِیۡقَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب اَذَاقَ یُذِیۡقُ، مصدر اِذَاقَۃٌ، مزہ چکھانا، وہ مزہ چکھائے، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (تاکہ وہ تمہیں مزہ چکھائے)

مِّنْ رَّحْمَتِهٖ (مِنْ ۔ رَحْمَتِ ۔ ہٖ) مِنْ، حرف جار، ضرورتاً ترجمہ، کا، کیا جاتا ہے، رَحْمَتِ، مجرور، مضاف، رحمت، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی رحمت کا) وَ، حرف عطف (اور)

لِتَجْرِیَ (لِ ۔ تَجْرِیَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، تَجْرِیَ، فعل مضارع منصوب واحد مؤنث غائب جَرٰی یَجْرِیْ، مصدر جِرْیَانًا، بہنا، چلنا، وہ چلے (تاکہ وہ چلے)

الْفُلْكُ، یہ لفظ مذکر بھی ہے اور مؤنث بھی واحد بھی اور جمع بھی۔ جمع کی صورت میں واحد، فَلَكٌ، ہے، (کشتیاں) بِاَمْرِهٖ (بِ ۔ اَمْرِ ۔ ہٖ) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، اَمْرِ، مجرور، مضاف، حکم، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے حکم سے) وَ، حرف عطف (اور)

لِتَبْتَغُوْا (لِ ۔ تَبْتَغُوْا) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، تَبْتَغُوْا، فعل مضارع منصوب جمع مذکر حاضر اِبْتَغٰی یَبْتَغِیْ، مصدر اِبْتِغَآءً، تلاش کرنا، تم تلاش کرو (تاکہ تم تلاش کرو)

مِنْ فَضْلِهٖ (مِنْ ۔ فَضْلِ ۔ ہٖ) مِنْ، حرف جار، سے، فَضْلِ، مجرور، مضاف، فضل، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے فضل سے) وَ، حرف عطف (اور)

لَعَلَّكُمْ (لَعَلَّ ۔ كُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، شاید کہ، تاکہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم)

تَشْكُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر شَكَرَ يَشْكُرُ، مصدر شُكْرًا، شکر کرنا (تم شکر کرو)

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا ؕ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے آپ سے پہلے کئی رسول ان کی قوم کی طرف بھیجے تو وہ ان کے پاس واضح دلائل کے ساتھ آئے پھر ہم نے ان لوگوں سے انتقام لیا جنہوں نے جرم کیے۔

وَ لَقَدْ (وَ ۔ لَ ۔ قَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً)

اَرْسَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرْسَلَ يُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا (ہم نے بھیجے)

مِنْ قَبْلِكَ (مِنْ ۔ قَبْلِ ۔ كَ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ سے پہلے) رُسُلًا (کئی رسول)

اِلٰى قَوْمِهِمْ (اِلٰى ۔ قَوْمِ ۔ هِمْ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، قَوْمِ، مجرور، مضاف، قوم، هِمْ، مضاف الیہ،

ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی قوم کی طرف)
فَجَآءُوْهُمْ (فَ۔جَآءُوْ۔هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، جَآءُوْ، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَآءَ یَجِیْٓءُ، مصدر مَجِیْٓءٌ، آنا، وہ آئے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (تو وہ ان کے پاس آئے)
بِالْبَیِّنٰتِ (بِ۔اَلْبَیِّنٰتِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْبَیِّنٰتِ، مجرور، واضح دلائل، واحد، اَلْبَیِّنَةُ، (واضح دلائل کے ساتھ) فَانْتَقَمْنَا (فَ۔اِنْتَقَمْنَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِنْتَقَمْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اِنْتَقَمَ یَنْتَقِمُ، مصدر اِنْتِقَامًا، انتقام لینا، سزا دینا، ہم نے انتقام لیا (پھر ہم نے انتقام لیا)
مِنَ الَّذِیْنَ (مِنْ۔اَلَّذِیْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلَّذِیْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جنہوں نے (ان لوگوں سے جنہوں نے) اَجْرَمُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَجْرَمَ یُجْرِمُ، مصدر اِجْرَامًا، جرم کرنا (انہوں نے جرم کیے)

وَ كَانَ حَقًّا عَلَیْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۷﴾	اور مومنوں کی مدد کرنا ہم پر لازم تھا۔

وَ، حرف عطف (اور) كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ یَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھا)
حَقًّا، مصدر (حق، جائز، لازم، ذمہ داری) عَلَیْنَا (عَلٰی۔نَا) عَلٰی، حرف جار، پر، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہم (ہم پر) نَصْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ نَصْرُ، مضاف، مصدر، مدد کرنا، اَلْمُؤْمِنِیْنَ، مضاف الیہ، اِیْمَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان لانے والے، مومنوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ (مومنوں کی مدد کرنا)

اَللّٰهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَیَبْسُطُهٗ فِی السَّمَآءِ كَیْفَ یَشَآءُ وَ یَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَی الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ	اللہ وہ ہے جو ہوائیں بھیجتا ہے وہ بادلوں کو اٹھاتی ہیں پھر وہ انہیں آسمان میں پھیلا دیتا ہے جیسے وہ چاہتا ہے اور وہ انہیں تہ بہ تہ رکھتا ہے پھر آپ دیکھتے ہیں کہ بارش ان کے درمیان سے نکلتی ہے۔

اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) اَلَّذِیْ، اسم موصول جمع مذکر (وہ جو)
یُرْسِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَرْسَلَ یُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا (وہ بھیجتا ہے)
الرِّیٰحَ (ہوائیں) واحد، رِیْحٌ، فَتُثِیْرُ (فَ۔تُثِیْرُ) فَ، حرف عطف، تو، تُثِیْرُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب

اَثَارَ یُثِیۡرُ، مصدر اِثَارَۃٌ، زمین جوتنا، ابھارنا، اٹھانا (وہ اٹھاتی ہے) سَحَابًا (بادلوں) واحد، سَحَابَۃٌ،

فَیَبۡسُطُهٗ (فَ۔یَبۡسُطُ۔هٗ) فَ، حرف عطف، پھر، یَبۡسُطُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَسَطَ یَبۡسُطُ مصدر بَسۡطًا، بڑھانا، پھیلانا، وہ پھیلا دیتا، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے، ضمیر کا مرجع "سَحَابًا" ہے (پھر وہ انہیں پھیلا دیتا ہے) فِی السَّمَآءِ۔فِیۡ، حرف جار، میں، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان، جمع، اَلسَّمٰوٰتِ (آسمان میں)

کَیۡفَ، شرطیہ (جیسے، جس طرح) یَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیۡٓئَۃٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے) وَ، حرف عطف (اور)

یَجۡعَلُهٗ (یَجۡعَلُ۔هٗ) یَجۡعَلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، کرنا، رکھنا، وہ رکھتا ہے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے، ضمیر کا مرجع "سَحَابًا" ہے (وہ انہیں رکھتا ہے)

کِسَفًا (ٹکڑے ٹکڑے، تہ بہ تہ) واحد، کِسۡفَۃٌ،

فَتَرَی (فَ۔تَرٰی) فَ، حرف عطف، پھر، تَرٰی، فعل مضارع واحد مذکر حاضر رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤۡیَۃٌ، دیکھنا، آپ دیکھتے ہیں (پھر آپ دیکھتے ہیں) الۡوَدۡقَ (بارش)

یَخۡرُجُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب خَرَجَ یَخۡرُجُ، مصدر خُرُوۡجًا، نکلنا (وہ نکلتی ہے)

مِنۡ خِلٰلِهٖ (مِنۡ۔خِلٰلِ۔هٖ) مِنۡ، حرف جار، سے، خِلٰلِ، مجرور، مضاف، درمیان، بیچ، وسط، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع "سَحَابًا" ہے (ان کے درمیان سے)

فَاِذَاۤ اَصَابَ بِهٖ مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمۡ یَسۡتَبۡشِرُوۡنَ ﴿۴۸﴾	پھر جب وہ اس (بارش) کو اپنے بندوں میں سے جن پر چاہتا ہے پہنچا دیتا ہے (تو) اچانک وہ خوش ہو جاتے ہیں۔

فَاِذَاۤ (فَ۔اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (پھر جب)

اَصَابَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَصَابَ یُصِیۡبُ، مصدر اِصَابَۃٌ، پہنچانا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ پہنچا دیتا ہے) بِهٖ (بِ۔هٖ) بِ، حرف جار، کو، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو)

مَنۡ، اسم موصول (جن پر) یَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیۡٓئَۃٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے) مِنۡ عِبَادِهٖۤ (مِنۡ۔عِبَادِ۔هٖ) مِنۡ، حرف جار، سے، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبۡدٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بندوں میں سے)

اِذَا، اسم ظرف مفاجاتیہ (اچانک، فورًا) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) یَسْتَبْشِرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَبْشَرَ یَسْتَبْشِرُ، مصدر اِسْتِبْشَارٌ، خوش ہو جانا (وہ خوش ہو جاتے ہیں)

وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ۝	حالانکہ بلاشبہ وہ اس سے پہلے تھے کہ ان پر وہ (بارش) اُتاری جائے اس سے پہلے وہ یقیناً نااُمید ہونے والے تھے

وَ، حالیہ (حالانکہ) اِنْ، مخففہ ہے اِنَّ، کی بجائے استعمال ہوتا ہے، لیکن بعد والے لفظ کو منصوب نہیں کرتا (بلاشبہ)

كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے) مِنْ قَبْلِ۔ مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، پہلے (اس سے پہلے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) يُّنَزَّلَ، فعل مضارع منصوب مجہول واحد مذکر غائب نَزَّلَ يُنَزِّلُ، مصدر تَنْزِيْلًا، اُتارنا (وہ (بارش) اُتاری جائے) عَلَيْهِمْ (عَلٰى۔ هِمْ) عَلٰى، حرف جار، سے، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، اُن (اُن پر) مِّنْ قَبْلِهٖ (مِنْ۔ قَبْلِ۔ ہٖ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے پہلے) لَمُبْلِسِيْنَ (لَ۔ مُبْلِسِيْنَ) لَ، لام تاکید، یقیناً، مُبْلِسِيْنَ۔ اِبْلَاسٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ناامید ہونے والے (یقیناً ناامید ہونے والے)

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ	سو آپ اللہ کی رحمت کے نشانات کی طرف دیکھیں وہ کیسے زمین کو اس کی موت (ویرانی) کے بعد زندہ کرتا ہے

فَانْظُرْ (فَ۔ اُنْظُرْ) فَ، حرف عطف، سو، اُنْظُرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر نَظَرَ يَنْظُرُ، مصدر نَظْرًا، دیکھنا، آپ دیکھیں (سو آپ دیکھیں)

اِلٰٓى اٰثٰرِ۔ اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اٰثٰرِ، مجرور، نشانات، علامات، واحد، اَثَرٌ، (نشانات کی طرف)

رَحْمَتِ اللّٰهِ۔ رَحْمَتِ، مضاف، رحمت، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی رحمت)

كَيْفَ، استفہامیہ (کیسے) يُحْيِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحْيٰى يُحْيِيْ، مصدر اِحْيَآءٌ، زندہ کرنا (وہ زندہ کرتا ہے) الْاَرْضَ (زمین) بَعْدَ، اسم ظرف (بعد)

مَوْتِهَا (مَوْتِ۔ هَا) مَوْتِ، مضاف، موت، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع "اَلْاَرْضَ" ہے (اس کی موت)

اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ	بلاشبہ وہ مردوں کو یقیناً زندہ کرنے والا ہے۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلا شبہ) ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (وہ)
لَمُحْیِ (لَ۔ مُحْیِ) لَ، لام تاکید، یقیناً، مُحْیِ۔ اِحْیَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، زندہ کرنے والا (یقیناً زندہ کرنے والا) الْمَوْتٰی (مردوں) واحد، اَلْمَیِّتُ۔

وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۵۰﴾	اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ، وہی)
عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ (عَلٰی۔ كُلِّ۔ شَیْءٍ) عَلٰی، حرف جار، پر، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیْءٍ، مضاف الیہ، چیز، (ہر چیز پر) قَدِیْرٌ۔ قُدْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، قادر (خوب قدرت رکھنے والا)

وَ لَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِیْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ یَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾	اور بلاشبہ اگر ہم کوئی ہوا بھیجیں پھر وہ اس (کھیت) کو زرد پڑا ہوا دیکھیں تو یقیناً وہ اس کے بعد ناشکری کرتے رہ جاتے ہیں

وَ لَىِٕنْ (وَ۔ لَ۔ اِنْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، تاکید، بلاشبہ، اِنْ، شرطیہ جازمہ، اگر (اور بلاشبہ اگر)
اَرْسَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرْسَلَ یُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (ہم بھیجیں)
رِیْحًا (کوئی ہوا) فَرَاَوْهُ (فَ۔ رَاَوْا۔ هُ) فَ، حرف عطف، پھر، رَاَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَةٌ، دیکھنا، اِنْ کی وجہ سے ترجمہ، وہ دیکھیں، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کو (پھر وہ اس کو دیکھیں)
مُصْفَرًّا۔ اِصْفِرَاءٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر (زرد پڑا ہوا)
لَّظَلُّوْا (لَ۔ ظَلُّوْا) لَ، لام تاکید، یقیناً، ظَلُّوْا، فعل ناقص جمع مذکر غائب ظَلَّ یَظِلُّ، مصدر ظُلُوْلًا، ہونا، ہو جانا، رہنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ رہ جاتے ہیں (یقیناً وہ رہ جاتے ہیں)
مِنْۢ بَعْدِهٖ (مِنْ۔ بَعْدِ۔ هٖ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے بعد) یَكْفُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب كَفَرَ یَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا، ناشکری کرنا (وہ ناشکری کرتے)

فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی وَ لَا تُسْمِعُ	تو بے شک آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور آپ پکار

الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾	بہروں کو نہیں سنا سکتے جب وہ پیٹھ پھیرنے والے (بن کر) لوٹ جائیں۔

فَاِنَّكَ (فَ۔اِنَّ۔كَ) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (تو بے شک آپ) لَا تُسْمِعُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر حاضر اَسْمَعَ يُسْمِعُ، مصدر اِسْمَاعٌ، سنانا، (آپ نہیں سنا سکتے) الْمَوْتٰى (مردوں) واحد، اَلْمَيِّتُ، وَ، حرف عطف (اور)

لَا تُسْمِعُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر حاضر اَسْمَعَ يُسْمِعُ، مصدر اِسْمَاعٌ، سنانا (آپ نہیں سنا سکتے)

الصُّمَّ (بہروں) واحد، اَصَمُّ۔ الدُّعَآءَ، مصدر (پکار) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) وَلَّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب وَلّٰى يُوَلِّيْ، مصدر تَوْلِيَةٌ، واپس مڑنا، لوٹنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ لوٹ جائیں) مُدْبِرِيْنَ۔ اِدْبَارٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (پیٹھ پھیرنے والے)

وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ	اور آپ اندھوں کو ان کی گمراہی سے ہرگز راہ ہدایت پر لانے والے نہیں ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) مَآ، نافیہ (نہیں) اَنْتَ، ضمیر واحد مذکر حاضر (آپ)

بِهٰدِ (بِ۔هٰدِ) بِ، حرف جار زائد تاکید برائے نفی، ہرگز، هٰدِ، مجرور، هِدَايَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، راہ ہدایت پر لانے والے (ہرگز راہ ہدایت پر لانے والے) الْعُمْيِ (اندھوں)

عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ (عَنْ۔ضَلٰلَتِ۔هِمْ) عَنْ، حرف جار، سے، ضَلٰلَتِ، مجرور، مضاف، گمراہی، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی گمراہی سے)

اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع	آپ نہیں سنا سکتے مگر ان کو جو ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں سو وہی مسلمان ہیں۔

اِنْ، صلہ میں "اِلَّا" ہے اس لیے ترجمہ (نہیں)

تُسْمِعُ، فعل مضارع واحد مذکر حاضر اَسْمَعَ يُسْمِعُ، مصدر اِسْمَاعٌ، سنانا (آپ سنا سکتے)

اِلَّا، حرف استثنا (مگر) مَنْ، اسم موصول (ان کو جو)

یُؤۡمِنُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لاتا ہے)

بِاٰیٰتِنَا(بِ۔اٰیٰتِ۔نَا) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰی، پر، اٰیٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰیَۃٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری، (ہماری آیات پر) فَھُمۡ (فَ۔ھُمۡ) فَ، حرف عطف، سو، ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہی (سو وہی) مُّسۡلِمُوۡنَ۔اِسۡلَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (فرمانبرداری کرنے والے، اسلام لانے والے، مسلمان) واحد، مُسۡلِمٌ،

اَللّٰہُ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ مِّنۡ ضَعۡفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنۡۢ بَعۡدِ ضَعۡفٍ قُوَّۃً ثُمَّ جَعَلَ مِنۡۢ بَعۡدِ قُوَّۃٍ ضَعۡفًا وَّ شَیۡبَۃً ؕ	اللہ وہ ہے جس نے تمہیں کمزوری (کی حالت) سے پیدا کیا پھر اس نے کمزوری کے بعد قوت بنائی پھر اس نے قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا بنایا۔

اَللّٰہُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) اَلَّذِیۡ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے)

خَلَقَکُمۡ (خَلَقَ۔کُمۡ) خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ یَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا، اس نے پیدا کیا، کُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اس نے تمہیں پیدا کیا)

مِّنۡ ضُعۡفٍ۔مِنۡ، حرف جار، سے، ضُعۡفٍ، مجرور، مصدر ہے، کمزوری (کمزوری سے)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجۡعَلُ مصدر جَعۡلًا بنانا (اس نے بنائی) مِنۡۢ بَعۡدِ ضُعۡفٍ۔مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں،

بَعۡدِ، مضاف، مجرور، بعد، ضُعۡفٍ، مضاف الیہ، مصدر ہے، کمزوری کے (کمزوری کے بعد)

قُوَّۃً (قوت) ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا (اس نے بنایا)

مِنۡۢ بَعۡدِ قُوَّۃٍ۔ مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعۡدِ، مجرور، مضاف، بعد، قُوَّۃٍ، مضاف الیہ، قوت (قوت کے بعد) ضُعۡفًا، مصدر (کمزوری) وَّ، حرف عطف (اور)

شَیۡبَۃً، مصدر (بڑھاپا، بالوں کا سفید ہونا)

یَخۡلُقُ مَا یَشَآءُ ۚ	وہ پیدا کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے۔

يَخْلُقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (وہ پیدا کرتا ہے)

مَا،اسم موصول (جو) يَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ مصدر مَشِيْئَةٌ چاہنا (وہ چاہتا ہے)

وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ۝۵۴	اور وہی خوب جاننے والا بہت قدرت والا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

اَلْعَلِيْمُ ،اللہ کا صفاتی نام، عِلْمٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

اَلْقَدِيْرُ ،اللہ کا صفاتی نام، قُدْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت قدرت والا)

وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ	اور جس دن قیامت قائم ہوگی مجرم قسمیں کھائیں گے۔

وَ، حرف عطف (اور) يَوْمَ ((جس) دن)

تَقُوْمُ السَّاعَةُ۔ تَقُوْمُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اَقَامَ يُقِيْمُ، مصدر اِقَامَةٌ، قائم کرنا، وہ قائم ہوگی، اَلسَّاعَةُ، قیامت (قیامت قائم ہوگی)

يُقْسِمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَقْسَمَ يُقْسِمُ، مصدر اِقْسَامٌ، قسم کھانا (وہ قسم کھائے گا)

اَلْمُجْرِمُوْنَ۔ اِجْرَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (جرم کرنے والے، مجرموں)

مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ	وہ (دنیا میں) ایک گھڑی کے سوا نہیں ٹھہرے۔

مَا، نافیہ (نہیں) لَبِثُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب لَبِثَ يَلْبَثُ، مصدر لَبْثٌ، ٹھہرنا، قیام کرنا (وہ ٹھہرے)

غَيْرَ سَاعَةٍ۔ غَيْرَ، مضاف، سوا، علاوہ، سَاعَةٍ، مضاف الیہ، ایک گھڑی کے (ایک گھڑی کے سوا)

كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ۝۵۵	اسی طرح وہ (دنیا میں) بہکائے جاتے تھے۔

كَذٰلِكَ (كَ۔ ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ و جار، مانند، طرح، جیسا، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اسی، (اسی طرح) كَانُوْا، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

يُؤْفَكُوْنَ ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب اَفَكَ يَأْفِكُ، مصدر اِفْكًا، بہکانا، دھوکہ کھانا، جھوٹ بولنا، الٹے چلنا (وہ بہکائے جاتے)

وَ قَالَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَ الْاِیْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِیْ کِتٰبِ اللّٰہِ اِلٰی یَوْمِ الْبَعْثِ	اور وہ لوگ کہیں گے جو علم اور ایمان دیئے گئے بلاشبہ یقیناً تم اللہ کی کتاب کے مطابق قیامت کے دن تک ٹھہرے۔

وَ، حرف عطف (اور) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ کہے گا) الَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اُوْتُوا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا (وہ دیئے گئے) الْعِلْمَ، مصدر (علم)

وَ، حرف عطف (اور) الْاِیْمَانَ (ایمان)

لَقَدْ (لَ، قَدْ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

لَبِثْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر لَبِثَ یَلْبَثُ، مصدر لَبْثٌ، ٹھہرنا، قیام کرنا (تم ٹھہرے)

فِیْ کِتٰبِ اللّٰہِ۔ فِیْ، حرف جار بمعنی، کے مطابق، کِتٰبِ، مجرور، مضاف، کتاب، اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی کتاب کے مطابق) اِلٰی یَوْمِ الْبَعْثِ۔ اِلٰی، حرف جار، تک، یَوْمِ، مجرور، مضاف، دن، اَلْبَعْثِ، مضاف الیہ، حشر کے، قیامت کے، دوبارہ اٹھائے جانے کے (قیامت کے دن تک)

فَھٰذَا یَوْمُ الْبَعْثِ وَ لٰکِنَّکُمْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۶﴾	تو یہ قیامت کا دن ہے اور لیکن تم نہیں جانتے تھے۔

فَھٰذَا (فَ۔ ھٰذَا) فَ، حرف عطف، تو، ھٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، یہ (تو یہ)

یَوْمُ الْبَعْثِ۔ یَوْمُ، مضاف، دن، اَلْبَعْثِ، مضاف الیہ، قیامت کا، دوبارہ اٹھائے جانے کا (قیامت کا دن)

وَ لٰکِنَّکُمْ (وَ۔ لٰکِنَّ۔ کُمْ) وَ، حرف عطف، اور، لٰکِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، لیکن،

کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر تم (اور لیکن تم)

کُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (تم تھے)

لَا تَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم نہیں جانتے)

فَیَوْمَئِذٍ لَّا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا	تو اس دن ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا ان کا عذر

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۞	فائدہ نہیں دے گا اور نہ وہ معافی مانگنے کا موقع دیئے جائیں گے۔

فَيَوْمَئِذٍ (فَ۔يَوْمَ۔اِذٍ) فَ، حرف عطف، تو، يَوْمَ، مضاف، دن، اِذٍ، مضاف الیہ، اس (تو اس دن)

لَّا يَنْفَعُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب نَفَعَ يَنْفَعُ، مصدر نَفْعًا، نفع دینا، فائدہ دینا (وہ فائدہ نہیں دے گا) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کو جنہوں نے)

ظَلَمُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ظَلَمَ يَظْلِمُ، مصدر ظُلْمًا، ظلم کرنا (انہوں نے ظلم کیا)

مَعْذِرَتُهُمْ (مَعْذِرَتُ۔هُمْ) مَعْذِرَتُ، مضاف، مصدر، عذر پیش کرنا، عذر، معذرت، هُمْ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا عذر)

وَلَا هُمْ۔ وَ، حرف عطف، اور، لَا، نافیہ، نہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (اور نہ وہ)

يُسْتَعْتَبُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب اِسْتَعْتَبَ يَسْتَعْتِبُ، مصدر اِسْتِعْتَابٌ، معافی مانگنے کا موقع دینا (وہ معافی مانگنے کا موقع دیئے جائیں گے)

وَ لَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے لوگوں کیلئے اس قرآن میں ہر (طرح کی) مثال بیان کر دی ہے

وَ لَقَدْ (وَ۔لَ۔قَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً)

ضَرَبْنَا، فعل ماضی جمع متکلم ضَرَبَ يَضْرِبُ، مصدر ضَرْبٌ، مارنا، بیان کرنا (ہم نے بیان کر دی ہے)

لِلنَّاسِ (لِ۔اَلنَّاسِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلنَّاسِ، مجرور، لوگوں (لوگوں کیلئے)

فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ۔فِيْ، حرف جار، میں، هٰذَا، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، اس، اَلْقُرْاٰنِ، مشار الیہ، قرآن (اس قرآن میں) مِنْ كُلِّ مَثَلٍ۔مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، مَثَلٍ، مضاف الیہ، مثال (ہر (طرح کی) مثال)

وَ لَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا	اور بلاشبہ اگر آپ ان کے پاس کسی نشانی کو لائیں یقیناً وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ضرور کہیں گے نہیں ہو تم مگر

مُبْطِلُوْنَ ۝	بے حقیقت بات کرنے والے۔

وَلَئِنْ (وَ۔ لَ۔ اِنْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلاشبہ، اِنْ، شرطیہ، اگر (اور بلاشبہ اگر)
جِئْتَهُمْ (جِئْتَ۔ هُمْ) جِئْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر جَآءَ یَجِیْٓءُ، مصدر مَجِیْٓءٌ، آنا، صلہ میں "با" ہے، اس لیے معنی، لانا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ لائیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (آپ ان کے پاس لائیں) بِاٰيَةٍ (بِ۔ اٰيَةٍ) بِ، حرف جار، کو، اٰيَةٍ، مجرور، کسی نشانی (کسی نشانی کو)
لَّيَقُوْلَنَّ (لَ۔ يَقُوْلَنَّ) لَ، لام تاکید، یقیناً، يَقُوْلَنَّ، فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (یقیناً وہ ضرور کہیں گے) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے) كَفَرُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (انہوں نے کفر کیا)
اِنْ، صلہ میں "اِلَّا" ہے، ترجمہ (نہیں) اَنْتُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)
مُبْطِلُوْنَ۔ اِبْطَالٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (اہل باطل، حق کو ناحق قرار دینے والے، غلط گو، جھوٹے بے حقیقت بات کرنے والے)

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝	اسی طرح اللہ ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگادیتا ہے جو (حق کو) نہیں جانتے۔

كَذٰلِكَ (كَ۔ ذٰلِكَ) كَ، حرف تشبیہ و جار، مانند، طرح، جیسا، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس، اسی (اسی طرح) يَطْبَعُ اللّٰهُ (يَطْبَعُ۔ اَللّٰهُ) يَطْبَعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب طَبَعَ يَطْبَعُ، مصدر طَبْعًا، مہر لگادینا، وہ مہر لگادیتا ہے، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ مہر لگادیتا ہے)
عَلٰى قُلُوْبِ۔ عَلٰى، حرف جار، پر، قُلُوْبِ، مجرور، دلوں، واحد، قَلْبٌ (دلوں پر)
الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کے جو)
لَا يَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ نہیں جانتے)

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ لَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ۝	تو آپ صبر کریں بلاشبہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور وہ لوگ آپ کو ہرگز ہلکا (بے وزن) نہ کردیں جو یقین نہیں

ع ۶

	رکھتے

فَاصْبِرْ (فَ۔اِصْبِرْ) فَ، حرف عطف، تو، اِصْبِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر صَبَرَ يَصْبِرُ، مصدر صَبْرًا، صبر کرنا(آپ صبر کریں) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ)

وَعْدَ اللّٰهِ (وَعْدَ۔اَللّٰهِ) وَعْدَ، مضاف، وعدہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا وعدہ)

حَقٌّ، مصدر (حقیقی ہونا، حق، سچا) وَّ، حرف عطف (اور)

لَا يَسْتَخِفَّنَّكَ (لَا يَسْتَخِفَّنَّ۔كَ) لَا يَسْتَخِفَّنَّ، فعل مضارع منفی بانون تاکید ثقیلہ واحد مذکر غائب اِسْتَخَفَّ يَسْتَخِفُّ، مصدر اِسْتِخْفَافٌ، ہلکا کر دینا، بے صبر ابنانا، اوچھا بنانا، وہ ہرگز ہلکا نہ کر دیں ،كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (ہرگز وہ آپ کو ہلکا نہ کر دیں)

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

لَا يُوْقِنُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اَيْقَنَ يُوْقِنُ، مصدر اِيْقَانًا، یقین رکھنا (وہ یقین نہیں رکھتے)

اٰيَاتُهَا:۳۴	سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ	رُكُوْعَاتُهَا:۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾	الف۔لام۔میم

الٓمّٓ، الف، لام، میم، حروف مقطعات ہیں۔

تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۙ﴿۲﴾	یہ بڑی حکمت والی کتاب کی آیات ہیں۔

تِلْكَ، اسم اشارہ واحد مؤنث بعید، اصل ترجمہ وہ ہے، ضرورتاً (یہ) بھی کردیا جاتا ہے۔

اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ (اٰيٰتُ۔اَلْكِتٰبِ۔اَلْحَكِيْمِ) اٰيٰتُ، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، اَلْكِتٰبِ، مضاف الیہ، موصوف، کتاب کی، اَلْحَكِيْمِ، صفت، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بڑی حکمت والی (بڑی حکمت والی کتاب کی آیات)

هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۙ﴿۳﴾	نیکی کرنے والوں کیلئے ہدایت اور رحمت ہیں۔

هُدًى، مصدر (ہدایت) وَّ، حرف عطف (اور) رَحْمَةً، مصدر (رحمت)

لِّلْمُحْسِنِيْنَ (لِ۔اَلْمُحْسِنِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْمُحْسِنِيْنَ، مجرور، اِحْسَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، احسان کرنے والے، نیکی کرنے والے، واحد، اَلْمُحْسِنُ (نیکی کرنے والوں کیلئے)

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ؕ﴿۴﴾	وہ لوگ جو نماز قائم کرتے ہیں اور وہ زکوۃ دیتے ہیں اور وہی آخرت پر (بھی) یقین رکھتے ہیں۔

الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يُقِيْمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَقَامَ يُقِيْمُ، مصدر اِقَامَةٌ، قائم کرنا (وہ قائم کرتے ہیں)

الصَّلٰوةَ (نماز) وَ، حرف عطف (اور)

يُؤْتُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، ادا کرنا (وہ دیتے ہیں) الزَّكٰوةَ (زکوۃ)

وَ هُمْ ۔وَ، حرف عطف،اور،هُمْ ، ضمیر جمع مذکر غائب،وہ (اور وہ)

بِالْاٰخِرَةِ(بِ۔اَلْاٰخِرَةِ) بِ، حرف جار،پر،اَلْاٰخِرَةِ، مجرور،آخرت (آخرت پر)

هُمْ ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہی)يُوْقِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَيْقَنَ يُوْقِنُ، مصدر اِيْقَانًا، یقین رکھنا (وہ یقین رکھتے ہیں)

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝	وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ،اسم اشارہ جمع بعید (وہی لوگ)عَلٰى هُدًى۔عَلٰى، حرف جار،پر،هُدًى، مجرور، مصدر، ہدایت، (ہدایت پر)مِّنْ رَّبِّهِمْ (مِنْ۔رَبِّ۔هِمْ) مِنْ، حرف جار بمعنی اِلٰی، کی طرف،رَبِّ، مجرور، مضاف، رب هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،اپنے (اپنے رب کی طرف سے) وَ، حرف عطف (اور)

اُولٰٓئِكَ،اسم اشارہ جمع بعید (وہی لوگ) هُمُ ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہی لوگ)

الْمُفْلِحُوْنَ۔اِفْلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (فلاح پانے والے) واحد،اَلْمُفْلِحُ،

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّ يَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ	اور لوگوں میں سے بعض (ایسا) ہے جو لغو بات خریدتا ہے تاکہ وہ علم کے بغیر اللہ کی راہ سے گمراہ کرے اور وہ اسے مذاق بنائے

وَ، حرف عطف (اور)مِنَ النَّاسِ۔مِنْ، حرف جار، تبعیضیہ میں سے بعض،اَلنَّاسِ، مجرور،لوگوں (لوگوں میں سے بعض)مَنْ،اسم موصول (جو)يَّشْتَرِيْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِشْتَرٰى، يَشْتَرِيْ، مصدر اِشْتِرَآءٌ، خریدنا (وہ خریدتا ہے)لَهْوَ الْحَدِيْثِ۔لَهْوَ، مضاف، سنجیدگی چھوڑ کر مزاح کی طرف میلان، دلفریب، لغو بیہودہ، غافل کرنے والا،اَلْحَدِيْثِ، مضاف الیہ، بات، کہانی، حکایت، جمع، اَحَادِيْثُ (لغو بات)لِيُضِلَّ(لِ۔يُضِلَّ)لِ،لام تعلیل ناصبہ، تاکہ،يُضِلَّ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر غائب اَضَلَّ يُضِلُّ، مصدر اِضْلَالًا، گمراہ کرنا،وہ گمراہ کرے (تاکہ وہ گمراہ کرے)

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔عَنْ، حرف جار، سے،سَبِيْلِ، مجرور، مضاف، راہ،اَللّٰهِ، مضاف الیہ،اللہ کی (اللہ کی راہ

سے) بِغَيْرِ عِلْمٍ (بِ۔غَيْرِ۔عِلْمٍ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، غَيْرِ، مجرور، مضاف، بغیر، عِلْمٍ، مضاف الیہ، علم کے (علم کے بغیر) وَّ، حرف عطف (اور)

يَتَّخِذَهَا (يَتَّخِذَ۔هَا) يَتَّخِذَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا، وہ بنائے

هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے، ضمیر کا مرجع "سَبِيْلِ اللّٰهِ" ہے (وہ اسے بنائے)

هُزُوًا، مصدر، مذاق (وہ اسے مذاق بنائے)

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝	وہی لوگ ہیں کہ ان کیلئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع بعید (وہی لوگ)

لَهُمْ (لَ۔هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ۔ عَذَابٌ، موصوف، عذاب، مُهِيْنٌ، صفت، اِهَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ذلیل کرنے والا، رسوا کرنے والا (ذلیل کرنے والا عذاب)

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ	اور جب اس پر ہماری آیات کی تلاوت کی جاتی ہے وہ تکبر کرتے ہوئے منہ پھیر لیتا ہے گویا کہ اس نے سنا ہی نہیں گویا کہ اس کے دونوں کانوں میں بہرہ پن ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط (جب)

تُتْلٰى، فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب تَلَا يَتْلُوْ، مصدر تِلَاوَةٌ تلاوت کرنا (وہ تلاوت کی جاتی ہے)

عَلَيْهِ (عَلٰى۔هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

اٰيٰتُنَا (اٰيٰتُ۔نَا) اٰيٰتُ، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات)

وَلّٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب وَلّٰى يُوَلِّيْ، مصدر تَوْلِيَةٌ، منہ پھیرنا، واپس مڑنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ منہ پھیر لیتا ہے) مُسْتَكْبِرًا، اِسْتِكْبَارٌ مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (تکبر کرتے ہوئے، تکبر کرنے والا)

كَاَنْ، اصل میں یہ "كَاَنَّ" تھا، تخفیف نون کے بعد عمل اور لفظی تصرف ختم ہو گیا (گویا کہ)

لَّمْ يَسْمَعْهَا (لَمْ يَسْمَعْ۔هَا) لَمْ يَسْمَعْ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب سَمِعَ يَسْمَعُ،

مصدر سَمْعًا، سننا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، اس نے نہیں سنا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے، ضمیر کا مرجع "اٰیٰت" ہے (اس نے انہیں سنا ہی نہیں) كَاَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (گویا کہ)

فِیْٓ اُذُنَیْهِ (فِیْ۔ اُذُنَیْ۔ هِ) فِیْ، حرف جار، میں، اُذُنَیْ، مجرور، مضاف، اصل میں "اُذُنَیْنِ" تھا، اُذُنٌ، کا تثنیہ اضافت کی وجہ سے نون گر گیا ہے، دونوں کان، هِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے دونوں کانوں میں) وَقْرًا، اسم مصدر منصوب (بہرہ پن، بوجھ)

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝	سو آپ اسے دردناک عذاب کی خوشخبری دے دیں۔

فَبَشِّرْهُ (فَ۔ بَشِّرْ۔ هُ) فَ، حرف عطف، سو، بَشِّرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر بَشَّرَ يُبَشِّرُ، مصدر تَبْشِیْرٌ، خوشخبری دینا، آپ خوشخبری دے دیں، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (سو آپ اسے خوشخبری دے دیں) بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ (بِ۔ عَذَابٍ۔ اَلِیْمٍ) بِ، حرف جار، کی، عَذَابٍ، مجرور، موصوف، عذاب، اَلِیْمٍ، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب کی)

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِیْمِ ۝	بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کیلئے نعمت کے باغات ہیں۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) الَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (انہوں نے عمل کیے) الصّٰلِحٰتِ۔ صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، نیکیاں، اچھائیاں، واحد، اَلصَّالِحَةُ،

لَهُمْ (لَ۔ هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

جَنّٰتُ النَّعِیْمِ۔ جَنّٰتُ، مضاف، جنتیں، باغات، واحد، جَنَّةٌ، اَلنَّعِیْمِ، مضاف الیہ، نعمت کے، راحت کے، عیش (نعمت کے باغات)

خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ	ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

خٰلِدِیْنَ۔ خُلُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہمیشہ رہنے والے)

فِيْهَا(فِيْ۔ هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع "جَنّٰتُ" ہے (ان میں)

وَعْدَاللهِ حَقًّا ؕ	اللہ کا وعدہ سچا ہے۔

وَعْدَ اللهِ۔ وَعْدَ، مضاف، وعدہ، اَللهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا وعدہ) حَقًّا، مصدر (حق، سچا)

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۹	اور وہی خوب غالب، بڑی حکمت والا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

اَلْعَزِيْزُ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب غالب)

اَلْحَكِيْمُ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَ اَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَ بَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ؕ	اس نے آسمانوں کو ستونوں کے بغیر پیدا کیا تم انہیں دیکھتے ہو اور اس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیئے تاکہ وہ تم کو لے کر جھک (نہ) جائے اور اس نے اس میں ہر طرح کے جانور پھیلا دیئے۔

خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا)

السَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ۔

بِغَيْرِ عَمَدٍ(بِ۔ غَيْرِ۔ عَمَدٍ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، غَيْرِ، مجرور، مضاف، بغیر، عَمَدٍ، مضاف الیہ، ستونوں کے، واحد، عِمَادٌ (ستونوں کے بغیر)

تَرَوْنَهَا(تَرَوْنَ۔ هَا) تَرَوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا، تم دیکھتے ہو، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے، ضمیر کا مرجع "اَلسَّمٰوٰتِ" ہے (تم انہیں دیکھتے ہو)

وَ، حرف عطف (اور) اَلْقٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَلْقٰى يُلْقِيْ، مصدر اِلْقَآءٌ، ڈالنا، رکھ دینا، گاڑنا (اس نے رکھ دیئے) فِي الْاَرْضِ(فِيْ۔ اَلْاَرْضِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

رَوَاسِيَ (پہاڑوں) واحد، رَاسِيَةٌ، اَنْ، مصدریہ ناصبہ، کا ترجمہ "کہ" ہوتا ہے، لیکن کبھی ضرورتاً (تاکہ)

بھی کیا جاتا ہے۔ تَمِيْدَ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب مَادَ يَمِيْدُ، مصدر مَيْدًا، ہلنا، جھکنا، وہ جھک (نہ) جائے (تاکہ وہ جھک (نہ) جائے) بِكُمْ (بِ۔ كُمْ) بِ، حرف جار، کو، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم، (تم کو) وَ، حرف عطف (اور) بَثَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب بَثَّ يَبُثُّ، مصدر بَثًّا، پھیلانا (اس نے پھیلا دیئے) فِيْهَا (فِيْ۔ هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَلْاَرْضِ ہے (اس میں) مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ۔ مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، دَآبَّةٍ، مضاف الیہ، دَابٌّ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر اور مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے، جانور، چلنے والا، پاؤں دھرنے والا، رینگنے والا (ہر (طرح کے) جانور)

وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝۱۰	اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا پھر ہم نے اس میں ہر عمدہ قسم (کی نباتات) اگائیں۔

وَ، حرف عطف (اور) اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، نازل کرنا، اتارنا (ہم نے اُتارا) مِنَ السَّمَآءِ۔ مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان (آسمان سے) مَآءً (پانی)

فَاَنْۢبَتْنَا (فَ۔ اَنْۢبَتْنَا) فَ، حرف عطف، پھر، اَنْۢبَتْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْۢبَتَ يُنْۢبِتُ، مصدر اِنْۢبَاتٌ، اُگانا (ہم نے اگائیں) فِيْهَا (فِيْ۔ هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع "اَلْاَرْضِ" ہے (اس میں) مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ۔ مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، زَوْجٍ، مضاف الیہ، موصوف، خاوند، بیوی، جوڑا، بھانت بھانت، قسم، كَرِيْمٍ، صفت، كَرَمٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت عمدہ (ہر عمدہ قسم (کی نباتات))

هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ	یہ اللہ کی مخلوق ہے تو تم مجھے دکھاؤ انہوں نے کیا پیدا کیا ہے جو اس (اللہ) کے سوا ہیں

هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ)

خَلْقُ اللّٰهِ۔ خَلْقُ، مضاف، مخلوق، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی مخلوق)

فَاَرُوْنِيْ (فَ۔ اَرُوْا۔ نِ۔ يْ) فَ، حرف عطف، تو، اَرُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَرٰى يُرِيْ، مصدر

اِرَ آءَۃٌ، دکھانا، تم دکھاؤ، نِ، نون وقایہ، یِْ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (تو تم مجھے دکھاؤ) مَا ذَا، استفہامیہ (کیا)

خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ یَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا)

الَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (انہوں نے جو)

مِنۡ دُوۡنِهٖ (مِنۡ۔ دُوۡنِ۔ ہٖ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوۡنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے سوا)

بَلِ الظّٰلِمُوۡنَ فِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ ؏ ﴿۱۱﴾	بلکہ ظالم لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔

ع ۱۱/۱۰

بَلِ، حرف اضراب (بلکہ) الظّٰلِمُوۡنَ۔ ظُلۡمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے، ظالم لوگ، واحد، اَلظَّالِمُ، فِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ۔ فِیۡ، حرف جار، میں، ضَلٰلٍ، مجرور، موصوف، مصدر ہے، گمراہی، مُبِیۡنٍ، صفت، اِبَانَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، ظاہر کرنے والا، کھلی، واضح (کھلی گمراہی میں)

وَ لَقَدۡ اٰتَیۡنَا لُقۡمٰنَ الۡحِکۡمَۃَ اَنِ اشۡکُرۡ لِلّٰهِ ؕ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے لقمان کو دانائی عطا کی کہ تو اللہ کا شکر ادا کر

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدۡ (لَ۔ قَدۡ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدۡ، کلمہ تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

اٰتَیۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِیۡتَآءٌ، دینا، عطا کرنا (ہم نے عطا کی)

لُقۡمٰنَ (لقمان) الۡحِکۡمَۃَ، مصدر (حکمت، دانائی) اَنِ، مصدریہ (کہ)

اُشۡکُرۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر شَکَرَ یَشۡکُرُ، مصدر شُکۡرًا، شکر ادا کرنا (تو شکر ادا کر)

لِلّٰهِ (لِ۔ اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کا، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کا)

وَمَنۡ یَّشۡکُرۡ فَاِنَّمَا یَشۡکُرُ لِنَفۡسِهٖ ۚ	اور جو شکر ادا کرتا ہے تو وہ صرف اپنی ذات کیلئے شکر ادا کرتا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، اسم موصول شرطیہ (جو)

یَّشۡکُرۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَکَرَ یَشۡکُرُ، مصدر شُکۡرًا، شکر ادا کرنا (وہ شکر ادا کرتا ہے)

فَاِنَّمَا۔ فَ، حرف عطف، تو، اِنَّمَا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، اور "مَا" حصر کیلئے کا مرکب، بے شک، صرف (تو

صرف) يَشْكُرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَكَرَ يَشْكُرُ، مصدر شُكْرًا، شکر ادا کرنا، (وہ شکر ادا کرتا ہے) لِنَفْسِهٖ(لِ۔نَفْسِ۔ہٖ) لِ، حرف جار، کیلئے، نَفْسِ، مجرور، مضاف، نفس، جان، ذات، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی ذات کیلئے)

وَ مَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾	اور جو ناشکری کرے تو بے شک اللہ بے پرواہ، بہت تعریف والا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول شرطیہ (جو)

كَفَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، انکار کرنا، کفر کرنا، ناشکری کرنا، مَنْ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ ناشکری کرے)

فَاِنَّ اللّٰهَ (فَ۔اِنَّ۔اَللّٰهَ) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (تو بے شک اللہ)

غَنِيٌّ، اللہ کا صفاتی نام، غِنَآءٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بے پرواہ)

حَمِيْدٌ، اللہ کا صفاتی نام، حَمْدٌ، مصدر سے صفت مشبہ (تعریف کیا ہوا، بہت تعریف والا، قابل تعریف)

وَ اِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَ هُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ	اور جب لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا اس حال میں کہ وہ اسے نصیحت کر رہا تھا اے میرے پیارے بیٹے! تو اللہ کے ساتھ شریک نہ ٹھہرانا

وَ، حرف عطف (اور) اِذْ، ظرف زمان، ماضی کے واقعہ سے پہلے آتا ہے (جب)

قَالَ لُقْمٰنُ۔ قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اس نے کہا،

لُقْمٰنُ، لقمان (لقمان نے کہا) لِابْنِهٖ(لِ۔اِبْنِ۔ہٖ) لِ، حرف جار، سے، اِبْنِ، مجرور، مضاف، بیٹے، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بیٹے سے) وَ، حالیہ (اس حال میں کہ)

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)

يَعِظُهٗ(يَعِظُ۔هٗ) يَعِظُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَعَظَ يَعِظُ، مصدر وَعْظٌ، نصیحت کرنا، وہ نصیحت کر رہا تھا، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (وہ اسے نصیحت کر رہا تھا)

يٰبُنَيَّ(يَا۔ بُنَيْ۔ يَ) يَا، حرف ندا، اے، بُنَيَّ، منادیٰ، بُنَيْ، مضاف، اِبْنٌ، کی تصغیر ہے، چھوٹے بیٹے، پیارے بیٹے، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے پیارے بیٹے)

لَا تُشْرِكْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر اَشْرَكَ يُشْرِكُ، مصدر اِشْرَاكًا، شریک ٹھہرانا (تو شریک نہ ٹھہرانا)

بِاللّٰهِ(بِ۔ اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے ساتھ)

اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝	بے شک شرک یقیناً بہت بڑا ظلم ہے۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) الشِّرْكَ۔ اِشْرَاكٌ، سے اسم ہے (شرک، شریک ٹھہرانا)

لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ (لَ۔ ظُلْمٌ۔ عَظِيْمٌ) لَ، لام تاکید، یقیناً، ظُلْمٌ، موصوف، مصدر، ظلم، عَظِيْمٌ، صفت، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑا، عظیم (یقیناً بہت بڑا ظلم)

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ	اور ہم نے انسان کو اس کے والدین کے بارے میں (حسن سلوک کی) تاکید کی ہے

وَ، حرف عطف (اور) وَصَّيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم وَصّٰى يُوَصِّيْ، مصدر تَوْصِيَةٌ، وصیت کرنا، تاکید کرنا، حکم کرنا (ہم نے تاکید کی ہے) الْاِنْسَانَ (انسان کو)

بِوَالِدَيْهِ(بِ۔ وَالِدَيْ۔ هِ) بِ، حرف جار، کے بارے میں، وَالِدَيْ، مضاف، مجرور، اصل میں، وَالِدَيْنِ، تھا، اضافت کی وجہ تثنیہ کا نون گر گیا۔ والدین، هِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے والدین کے بارے میں)

حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّ فِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ	اس کی ماں نے تکلیف پر تکلیف کی حالت میں اسے (اپنے پیٹ میں) اٹھائے رکھا اور اس کا دودھ چھڑانا دو سالوں میں ہے یہ کہ تو میرا اور اپنے والدین کا شکر ادا کر۔

حَمَلَتْهُ(حَمَلَتْ۔ هُ) حَمَلَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب حَمَلَ يَحْمِلُ، مصدر حَمْلًا، اٹھانا، حاملہ ہونا، برداشت کرنا، اس نے اٹھائے رکھا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (اس نے اسے (اپنے پیٹ میں) اٹھائے رکھا)

اُمُّهٗ(اُمُّ۔ هٗ) اُمُّ، مضاف، ماں، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی ماں)

وَھْنًا عَلٰی وَھْنٍ۔ وَھْنًا،اسم اور مصدر، کمزوری، تکلیف، عَلٰی، حرف جار، پر، وَھْنٍ، مجرور، اسم اور مصدر، تکلیف، کمزوری (تکلیف پر تکلیف (کی حالت میں)) وَّ، حرف عطف (اور)

فِصٰلُهٗ (فِصٰلُ۔ ہٗ) فِصٰلُ، مضاف، اسم فعل، بچہ کا دودھ چھڑانا، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا دودھ چھڑانا) فِیْ عَامَیْنِ۔ فِیْ، حرف جار، میں، عَامَیْنِ، مجرور، تثنیہ، دوسالوں، واحد، عَامٌ، (دوسالوں میں) اَنِ، مصدریہ (یہ کہ)

اُشْكُرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر شَكَرَ یَشْكُرُ، مصدر شُكْرًا، شکرادا کرنا (تو شکرادا کر)

لِیْ (لِ۔ یْ) لِ، حرف جار، کا، یْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، مجھ، (مجھ کا، میرا) وَ، حرف عطف (اور)

لِوَالِدَیْكَ (لِ۔ وَالِدَیْ۔ كَ) لِ، حرف جار، کا، وَالِدَیْ، مجرور، مضاف، اصل میں "وَالِدَیْنِ" تھا، اضافت کی وجہ سے تثنیہ کا نون گر گیا، والدین، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنے (اپنے والدین کا)

اِلَیَّ الْمَصِیْرُ ⑭	(تجھے) میری ہی طرف لوٹنا ہے۔

اِلَیَّ (اِلٰی۔ یْ) اِلٰی، حرف جار، طرف، یْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میری (میری ہی طرف)

اَلْمَصِیْرُ۔ اسم ظرف مکان و مصدر (ٹھکانہ، لوٹنا)

وَ اِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰۤی اَنْ تُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۙ فَلَا تُطِعْهُمَا وَ صَاحِبْهُمَا فِی الدُّنْیَا مَعْرُوْفًا ۫	اور اگر وہ دونوں تجھ پر دباؤ ڈالیں اس پر کہ تو میرے ساتھ اسے شریک ٹھہرائے جس کا تجھ کو کوئی علم نہیں ہے تو تو ان دونوں کا کہنا نہ ماننا اور تو دنیا میں اچھے طریقے سے ان دونوں کے ساتھ رہنا۔

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر)

جَاهَدٰكَ (جَاهَدٰ۔ كَ) جَاهَدٰ، فعل ماضی تثنیہ مذکر غائب جَاهَدَ یُجَاهِدُ، مصدر مُجَاهَدَةٌ، کوشش کرنا، زور لگانا، لڑائی کرنا، دباؤ ڈالنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ "وہ دونوں دباؤ ڈالیں" كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھ (وہ دونوں تجھ پر دباؤ ڈالیں) عَلٰۤی اَنْ۔ عَلٰی، حرف جار، پر، اَنْ، مجرور، مصدریہ، ناصبہ، کہ (اس پر کہ)

تُشْرِكَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر حاضر اَشْرَكَ یُشْرِكُ، مصدر اِشْرَاكًا، شرک کرنا، شریک ٹھہرانا

النصف

(تو شریک ٹھہرائے) بِیْ(بِ، یْ) بِ، حرف جار، ساتھ، یْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے ساتھ) مَا، اسم موصول ((اسے) جس) لَیْسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب، اس کا فعل مضارع اور فعل امر نہیں ہوتا (وہ نہیں ہے) لَكَ(لَ۔كَ) لَ، حرف جار، کو، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھ (تجھ کو) بِهٖ(بِ۔هٖ) بِ، حرف جار، کا، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا) عِلْمٌ، مصدر (کوئی علم)

فَلَا تُطِعْهُمَا(فَ۔لَاتُطِعْ۔هُمَا) فَ، حرف عطف، تو، لَاتُطِعْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر اَطَاعَ یُطِیْعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا، کہنا ماننا، تو کہنا نہ ماننا، هُمَا، ضمیر تثنیہ مذکر غائب، ان، دونوں کا (تو توان دونوں کا کہنا نہ ماننا) وَ، حرف عطف (اور) صَاحِبْهُمَا(صَاحِبْ۔هُمَا) صَاحِبْ، فعل امر واحد مذکر حاضر صَاحَبَ یُصَاحِبُ، مصدر مُصَاحَبَةٌ، ساتھ رہنا، رفاقت کرنا، تو ساتھ رہنا، هُمَا، ضمیر تثنیہ مذکر غائب، ان دونوں کے (توان دونوں کے ساتھ رہنا) فِی الدُّنْیَا۔فِیْ، حرف جار، میں، اَلدُّنْیَا، مجرور، دنیا (دنیا میں) مَعْرُوْفًا۔عِرْفَانٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، ہر اس فعل کو کہتے ہیں جس کی اچھائی عقل یا شرع سے معلوم ہو (نیکی، بھلائی، دستور، اچھے طریقے)

وَّاتَّبِعْ سَبِیْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ ۚ	اور تو اس شخص کے راستے کی پیروی کرنا جس نے میری طرف رجوع کیا ہے۔

وَّ اتَّبِعْ(وَ۔اِتَّبِعْ) وَ، حرف عطف، اور، اِتَّبِعْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعٌ، پیروی کرنا (تو پیروی کرنا) سَبِیْلَ (راہ) جمع، سُبُلًا۔ مَنْ، اسم موصول (اس شخص کے جس)

اَنَابَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنَابَ یُنِیْبُ، مصدر اِنَابَةٌ، رجوع کرنا (اس نے رجوع کیا ہے)

اِلَیَّ(اِلٰی۔یْ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، یْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میری (میری طرف)

ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۱۵	پھر میری طرف تمہارا لوٹنا ہے تو میں تمہیں اس کی خبر دوں گا جو تم عمل کرتے تھے۔

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اِلَیَّ(اِلٰی۔یْ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، یْ، مجرور، ضمیر واحد متکلم، میری (میری طرف) مَرْجِعُكُمْ (مَرْجِعُ۔كُمْ) مَرْجِعُ، مضاف، مصدر میمی، لوٹنا، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر

حاضر، تمہارا (تمہارا لوٹنا) فَاُنَبِّئُكُمْ (فَ۔اُنَبِّئُ۔كُمْ) فَ، حرف عطف، تو، اُنَبِّئُ، فعل مضارع واحد متکلم نَبَّاَ يُنَبِّئُ، مصدر تَنْبِئَةٌ، خبر دینا، بتانا، میں خبر دوں گا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (تو میں تمہیں خبر دوں گا) بِمَا (بِ۔مَا) بِ، حرف جار، کی، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کی جو)

كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے)

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ	اے میرے پیارے بیٹے! بے شک وہ (عمل) کسی رائی کے دانے کے برابر ہو پھر وہ کسی چٹان میں یا آسمانوں میں یا زمین میں (چھپا) ہو اللہ اس کو (جزاو سزا کیلئے) لائے گا

يٰبُنَيَّ (يَا۔بُنَيْ۔يَ) يَا، حرف ندا، اے، بُنَيَّ، منادیٰ، بُنَيْ، مضاف، اِبْنٌ، کی تصغیر، چھوٹے بیٹے، پیارے بیٹے، يَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے پیارے بیٹے)

اِنَّهَآ (اِنَّ۔هَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، وہ (بے شک وہ)

اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) تَكُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہو)

مِثْقَالَ حَبَّةٍ۔مِثْقَالَ، مضاف، ثَقُلٌ۔ثَقَالَةٌ، مصدر سے اسم مفرد، ہم وزن، برابر، جمع، مَثَاقِيْلَ، حَبَّةٍ، مضاف الیہ، کسی دانے کے (کسی دانے کے برابر)

مِّنْ خَرْدَلٍ۔مِنْ، حرف جار، اصل ترجمہ "سے" ضرورتاً ترجمہ "کے" خَرْدَلٍ، مجرور، رائی (رائی کے)

فَتَكُنْ (فَ۔تَكُنْ) فَ، حرف عطف، پھر، تَكُنْ، فعل ناقص مضارع واحد مؤنث غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، وہ ہو (پھر وہ ہو) فِيْ صَخْرَةٍ۔فِيْ، حرف جار، میں، صَخْرَةٍ، مجرور، کسی چٹان (کسی چٹان میں) اَوْ، حرف عطف (یا) فِي السَّمٰوٰتِ۔فِيْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ، (آسمانوں میں) اَوْ، حرف عطف (یا) فِي الْاَرْضِ۔فِيْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

يَاْتِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، صلہ میں لفظ "با" سے شروع ہو رہا ہے،

معنی لانا ہوگا (وہ لائے گا) بِهَا(بِ۔هَا) بِ، حرف جار، کو، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (اس کو) اللّٰهُ (اللہ)

اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۶﴾	بے شک اللہ نہایت باریک بین، خوب خبر رکھنے والا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ۔اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

لَطِيْفٌ، اللہ کا صفاتی نام، لُطْفٌ، مصدر سے صفت مشبہ (نہایت باریک بین)

خَبِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب خبر رکھنے والا)

يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ	اے میرے پیارے بیٹے تو نماز قائم کر اور تو نیکی کا حکم دے اور تو برائی سے منع کر اور تو اس (تکلیف) پر صبر کر جو تجھے پہنچے۔

يٰبُنَيَّ(يَا۔بُنَيْ۔يَ) يَا، حرف ندا، اے، بُنَيَّ، منادی، بُنَيْ، مضاف، اِبْنٌ، کی تصغیر، چھوٹے بیٹے، پیارے بیٹے، يَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے پیارے بیٹے)

اَقِمِ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَقَامَ يُقِيْمُ، مصدر اِقَامَةٌ، قائم کرنا (تو قائم کر) الصَّلٰوةَ (نماز)

وَاْمُرْ (وَ۔اُؤْمُرْ) وَ، حرف عطف، اور، اُؤْمُرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَمَرَ يَاْمُرُ، مصدر اَمْرًا، حکم دینا، تو حکم دے (اور تو حکم دے) بِالْمَعْرُوْفِ(بِ۔اَلْمَعْرُوْفِ) بِ، حرف جار، کا، اَلْمَعْرُوْفِ، مجرور، عِرْفَانٌ، مصدر سے اسم مفعول، نیکی، اچھائی (نیکی کا) وَانْهَ(وَ۔اِنْهَ) وَ، حرف عطف، اور، اِنْهَ، فعل امر واحد مذکر حاضر نَهٰى يَنْهٰى، مصدر نَهْيٌ، روکنا، منع کرنا، تو منع کر (اور تو منع کر)

عَنِ الْمُنْكَرِ۔عَنْ، حرف جار، سے، اَلْمُنْكَرِ، مجرور، اِنْكَارٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، وہ قول و فعل جسے شرع نے ممنوع قرار دیا ہو، برائی (برائی سے)

وَاصْبِرْ (وَ۔اِصْبِرْ) وَ، حرف عطف، اور، اِصْبِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر صَبَرَ يَصْبِرُ، مصدر صَبْرًا، صبر کرنا، تو صبر کر (اور تو صبر) عَلٰى مَآ۔عَلٰى، حرف جار، پر، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس پر جو)

اَصَابَكَ(اَصَابَ۔كَ) اَصَابَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَصَابَ يُصِيْبُ، مصدر اِصَابَةٌ، پہنچنا،

وہ پہنچے،كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھے (وہ تجھے پہنچے)

اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝۱۷	یقیناً یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً) ذٰلِكَ،اسم اشارہ واحد مذکر بعید، وہ، ضرور تاًترجمہ (یہ) کیا جاتا ہے،
مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ۔مِنْ، حرف جار، سے،عَزْمِ، مجرور، مضاف، مصدر ہے، عزم، پختہ، مصمم، ہمت،
اَلْاُمُوْرِ، مضاف الیہ، معاملات، کاموں، واحد،اَمْرٌ(ہمت کے کاموں میں سے)

وَ لَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَ لَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ	اور تو لوگوں کیلئے اپنا رخسار نہ پھلا اور تو زمین میں اکڑ کر مت چل۔

وَ، حرف عطف (اور) لَاتُصَعِّرْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر صَعَّرَ يُصَعِّرُ، مصدر تَصْعِيْرٌ، پھلانا، پھیرنا (تو
نہ پھلا) خَدَّكَ (خَدَّ۔كَ) خَدَّ، مضاف، رخسار، گال، جمع، خُدُوْدٌ،كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر،
اپنا (اپنا رخسار) لِلنَّاسِ (لِ۔اَلنَّاسِ) لِ، حرف جار، کیلئے،اَلنَّاسِ، مجرور، لوگوں (لوگوں کیلئے)
وَ، حرف عطف (اور) لَا تَمْشِ، فعل نہی واحد مذکر حاضر مَشٰى يَمْشِيْ، مصدر مَشْيًا، چلنا (تومت چل)
فِي الْاَرْضِ۔فِيْ، حرف جار، میں،اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) مَرَحًا،اسم فعل (اترا کر، اکڑ کر)

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝۱۸	بے شک اللہ ہر تکبر کرنے والے بہت فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا۔

اِنَّ اللّٰهَ۔اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک،اَللّٰهَ،اللہ (بے شک اللہ)
لَا يُحِبُّ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اَحَبَّ يُحِبُّ، مصدر اِحْبَابٌ، پسند کرنا، دوستی رکھنا (وہ پسند
نہیں کرتا) كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ۔كُلَّ، مضاف، ہر،مُخْتَالٍ، مضاف الیہ، موصوف،اِخْتِيَالٌ، مصدر سے
اسم فاعل واحد مذکر، تکبر کرنے والا، مغرور، متکبر، اپنے اندر ایسی بڑائی کا خیال کرنا جو واقع میں نہ ہو۔
فَخُوْرٍ۔فَخْرٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ،مُخْتَالٍ، کی صفت،اسم فعل، ظاہری چیزوں پر اترانا (بہت فخر
کرنے والا)

وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ؕ	اور تو اپنی چال میں میانہ روی اختیار کر اور تو

	اپنی آواز کو پست رکھ۔

وَ اقْصِدْ (وَ۔ اُقْصِدْ) وَ، حرف عطف، اور، اُقْصِدْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَصَدَ يَقْصُدُ، مصدر قَصْدًا میانہ روی اختیار کرنا، تو میانہ روی اختیار کر (اور تو میانہ روی اختیار کر)

فِيْ مَشْيِكَ (فِيْ۔ مَشْيِ۔ كَ) فِيْ، حرف جار، میں، مَشْيِ، مجرور، مضاف، اسم مصدر، چال، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنی (اپنی چال میں) وَ اغْضُضْ (وَ۔ اُغْضُضْ) وَ، حرف عطف، اور، اُغْضُضْ، فعل امر واحد مذکر حاضر غَضَّ يَغُضُّ، مصدر غَضٌّ، کمی کرنا، پست رکھنا، تو پست رکھ (اور تو پست رکھ)

مِنْ صَوْتِكَ (مِنْ۔ صَوْتِ۔ كَ) مِنْ، حرف جار، ضرورتاً ترجمہ "کو" کیا جاتا ہے، صَوْتِ، مجرور، مضاف، آواز، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنی (اپنی آواز کو)

اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ۟ع	بلاشبہ آوازوں میں سب سے بری یقیناً گدھوں کی آواز ہے۔

ع ۲/۸

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ)

اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ۔ اَنْكَرَ، مضاف، نَكْرٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، سب سے بُری، زیادہ بری، اَلْاَصْوَاتِ، مضاف الیہ، آوازوں، واحد، صَوْتٌ (آوازوں میں سب سے بُری)

لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ (لَ۔ صَوْتُ۔ اَلْحَمِيْرِ) لَ، لام تاکید، یقیناً، صَوْتُ، مضاف، آواز، اَلْحَمِيْرِ، مضاف الیہ، گدھوں کی، واحد، حِمَارٌ (یقیناً گدھوں کی آواز)

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ وَ اَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّ بَاطِنَةً ؕ	کیا تم نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ نے تمہارے لیے مسخر کر دیا جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور اس نے تم پر اپنی کھلی اور چھپی نعمتیں پوری کر دیں۔

اَلَمْ تَرَوْا (اَ۔ لَمْ تَرَوْا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَمْ تَرَوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر حاضر رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا "لَمْ" کی وجہ سے ترجمہ، تم نے نہیں دیکھا (کیا تم نے نہیں دیکھا)

اَنَّ اللّٰهَ۔ اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

سَخَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَخَّرَ یُسَخِّرُ مصدر تَسْخِیْرٌ تسخیر کرنا، مسخر کرنا (اس نے مسخر کر دیا)
لَکُمْ (لَ۔ کُمْ) لَ، حرف جار، لیے، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)
مَّا، اسم موصول (جو) فِی السَّمٰوٰتِ۔ فِیْ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ،
(آسمانوں میں) وَ، حرف عطف (اور) مَا، اسم موصول (جو)
فِی الْاَرْضِ۔ فِیْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں) وَ، حرف عطف (اور)
اَسْبَغَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَسْبَغَ یُسْبِغُ، مصدر اِسْبَاغٌ، پورا کرنا (اس نے پوری کر دی)
عَلَیْکُمْ (عَلٰی۔ کُمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)
نِعَمَہٗ (نِعَمَ، ہٗ) نِعَمَ، مضاف، نعمتیں، واحد، نِعْمَۃٌ، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی نعمتیں)
ظَاهِرَةً، ظُهُوْرٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (کھلی، ظاہری) وَّ، حرف عطف (اور)
بَاطِنَةً۔ بُطُوْنٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (چھپی، باطنی، پوشیدہ)

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ فِی اللّٰهِ بِغَیْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًی وَّلَا کِتٰبٍ مُّنِیْرٍ ۝۲۰	اور لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو اللہ کے بارے میں بغیر علم اور بغیر ہدایت اور بغیر روشن کتاب کے جھگڑا کرتے ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) مِنَ النَّاسِ۔ مِنْ، حرف جار تبعیضیہ، میں سے کچھ، اَلنَّاسِ، مجرور لوگوں (لوگوں میں سے کچھ) مَنْ، اسم موصول (وہ جو)
یُّجَادِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَادَلَ یُجَادِلُ، مصدر مُجَادَلَۃٌ، جھگڑنا (وہ جھگڑا کرتا ہے)
فِی اللّٰهِ۔ فِیْ، حرف جار، بابت متعلق کے بارے میں، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے بارے میں)
بِغَیْرِ عِلْمٍ (بِ۔ غَیْرِ۔ عِلْمٍ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، غَیْرِ، مجرور، مضاف، بغیر، عِلْمٍ، مضاف الیہ، مصدر، علم کے (بغیر علم کے) وَّ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ، نہ، ضرورتاً ترجمہ (بغیر) کیا گیا، هُدًی، مصدر (ہدایت) وَّ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ، نہ، ضرورتاً ترجمہ (بغیر) کیا گیا،
کِتٰبٍ مُّنِیْرٍ۔ کِتٰبٍ، موصوف، کتاب، مُنِیْرٍ، صفت اِنَارَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، روشن،

روشن کرنے والا (روشن کتاب)

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ	اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس کی پیروی کرو جو اللہ نے نازل کیا (تو) وہ کہتے ہیں بلکہ ہم اس کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے آباؤاجداد کو پایا

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب)

قِيْلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (اس سے کہا جاتا ہے) لَهُمْ (لَ۔ هُمْ) لَ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے)

اِتَّبِعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (تم پیروی کرو)

مَآ، اسم موصول ((اس کی) جو) اَنْزَلَ اللّٰهُ۔ اَنْزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا اتارنا، نازل کرنا، اس نے نازل کیا، اَللّٰهُ، اللہ نے (اللہ نے نازل کیا)

قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہتے ہیں)

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) نَتَّبِعُ، فعل مضارع جمع متکلم اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (ہم پیروی کریں گے) مَا، اسم موصول ((اس کی) جس)

وَجَدْنَا، فعل ماضی جمع متکلم وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا، پانا (ہم نے پایا)

عَلَيْهِ (عَلٰى۔ هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

اٰبَآءَنَا۔ اٰبَآءَ، مضاف، باپ دادا، آباؤاجداد، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے آباؤاجداد کو)

اَوَ لَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۲۱﴾	اور کیا اگرچہ شیطان انہیں جہنم کے عذاب کی طرف بلاتا ہو۔

اَوَ لَوْ (اَ۔ وَ۔ لَوْ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، وَ، حرف عطف، اور، لَوْ، وصلیہ، اگرچہ (اور کیا اگرچہ)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہو) الشَّيْطٰنُ (شیطان)

يَدْعُوْهُمْ (يَدْعُوْ۔ هُمْ) يَدْعُوْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب دَعَا يَدْعُوْ، مصدر دُعَآءً وَّ دَعْوَةً،

بلانا، پکارنا، وہ بلاتا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں بلاتا)

اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ۔اِلٰى، حرف جار، کی طرف، عَذَابِ، مجرور، مضاف، عذاب، اَلسَّعِيْرِ، مضاف الیہ، سَعْرٌ، مصدر سے بمعنی مفعول، دہکتی ہوئی آگ کے، جہنم کے (جہنم کے عذاب کی طرف)

وَ مَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ وَ هُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ	اور جو اپنا چہرہ اللہ کی طرف جھکادے اور وہ نیکی کرنے والا ہو تو یقیناً اس نے مضبوط کڑے کو تھام لیا

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، شرطیہ، اسم موصول (جو)

يُّسْلِمْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَسْلَمَ يُسْلِمُ، مصدر اِسْلَامٌ، فرمانبرداری کرنا، سپرد کرنا، جھکانا، (وہ جھکادے) وَجْهَهٗ (وَجْهَ۔ هٗ) وَجْهَ، مضاف، چہرہ، رخ، جمع، وُجُوْهٌ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب اپنا (اپنا چہرہ) اِلَى اللّٰهِ (اِلٰى۔ اَللّٰهِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف)

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ)

مُحْسِنٌ۔اِحْسَانٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (نیکی کرنے والا، احسان کرنے والا، نیکوکار)

فَقَدِ (فَ۔ قَدْ) فَ، حرف عطف، تو، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (تو یقیناً)

اِسْتَمْسَكَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِسْتَمْسَكَ يَسْتَمْسِكُ، مصدر اِسْتِمْسَاكٌ، پکڑنا، تھامنا (اس نے تھام لیا) بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى (بِ۔ اَلْعُرْوَةِ۔ اَلْوُثْقٰى) بِ، حرف جار، کو، اَلْعُرْوَةِ، مجرور، موصوف، وہ چیز جس کو پکڑا جائے، کڑا، اَلْوُثْقٰى، صفت، وُثُوْقٌ، مصدر سے اسم تفضیل واحد مؤنث، مضبوط، مستحکم (مضبوط کڑے کو)

وَ اِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾	اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) اِلَى اللّٰهِ (اِلٰى۔ اَللّٰهِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف)

عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ۔عَاقِبَةُ، مضاف، مصدر ہے، عاقبت، انجام، آخر، اَلْاُمُوْرِ، مضاف الیہ، معاملات کا، کاموں کا (سب کاموں کا انجام)

وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ	اور جو کفر کرے اس کا کفر آپ کو غمگین نہ کرے۔

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول شرطیہ (جو)

كَفَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (جو کفر کرے)

فَلَا يَحْزُنْكَ (فَ۔لَا يَحْزُنْ۔كَ) فَ، حرف عطف، تو، لَا يَحْزُنْ، فعل مضارع منفی مجزوم واحد مذکر غائب حَزَنَ يَحْزُنُ، مصدر حُزْنًا، غمگیں کرنا، وہ غمگیں نہ کرے، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کو (وہ آپ کو غمگیں نہ کرے) كُفْرُهٗ (كُفْرُ۔هٗ) كُفْرُ، مضاف، اسم مصدر، کفر، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا کفر)

اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ	ہماری طرف ان کا لوٹنا ہے پھر ہم انہیں اس کی خبر دیں گے جو انہوں نے عمل کیے۔

اِلَيْنَا (اِلٰى۔نَا) اِلٰى، حرف جار، طرف، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری طرف)

مَرْجِعُهُمْ (مَرْجِعُ۔هُمْ) مَرْجِعُ، مضاف، مصدر میمی، لوٹنا، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا لوٹنا) فَنُنَبِّئُهُمْ (فَ۔نُنَبِّئُ۔هُمْ) فَ، حرف عطف، پھر، نُنَبِّئُ، فعل مضارع جمع متکلم نَبَّاَ يُنَبِّئُ، مصدر تَنْبِئَةٌ، خبر دینا، آگاہ کرنا، ہم خبر دیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (پھر ہم انہیں خبر دیں گے) بِمَا (بِ۔مَا) بِ، حرف جار، کی، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کی جو)

عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (انہوں نے عمل کیے)

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۲۳	بے شک اللہ سینوں والی (باتوں) کو خوب جاننے والا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ۔اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

عَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ صیغہ (خوب جاننے والا)

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (بِ۔ذَاتِ۔اَلصُّدُوْرِ) بِ، حرف جار، کو، ذَاتِ، مجرور، مضاف، والی، صاحب، مؤنث ہے ذُوْ کا، اَلصُّدُوْرِ، مضاف الیہ، سینوں، واحد، صَدْرًا (سینوں والی (باتوں) کو)

نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾	ہم انہیں بہت تھوڑا فائدہ دیں گے پھر ہم انہیں بہت سخت عذاب کی طرف مجبور کر دیں گے

نُمَتِّعُهُمْ (نُمَتِّعُ ۔ هُمْ) نُمَتِّعُ، فعل مضارع جمع متکلم مَتَّعَ يُمَتِّعُ، مصدر تَمْتِيْعٌ، فائدہ دینا، ہم فائدہ دیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم انہیں فائدہ دیں گے)

قَلِيْلًا ۔ قِلَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ واحد مذکر (بہت تھوڑا) ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

نَضْطَرُّهُمْ (نَضْطَرُّ ۔ هُمْ) نَضْطَرُّ، فعل مضارع جمع متکلم اِضْطَرَّ يَضْطَرُّ، مصدر اِضْطِرَارٌ، مجبور کرنا، بے بس کرنا، ہم مجبور کر دیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم انہیں مجبور کر دیں گے)

اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۔ اِلٰى، حرف جار، کی طرف، عَذَابٍ، مجرور، موصوف، عذاب، غَلِيْظٍ، صفت، غِلْظَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت سخت (بہت سخت عذاب کی طرف)

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ	اور بلاشبہ اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا یقیناً وہ ضرور کہیں گے اللہ نے۔

وَلَئِنْ (وَ ۔ لَ ۔ اِنْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلاشبہ، اِنْ، شرطیہ، اگر (اور بلاشبہ اگر)

سَاَلْتَهُمْ (سَاَلْتَ ۔ هُمْ) سَاَلْتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر سَاَلَ يَسْئَلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ پوچھیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان سے (آپ ان سے پوچھیں)

مَّنْ، استفہامیہ (کس نے) خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا) السَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ، وَ، حرف عطف (اور) الْاَرْضَ (زمین)

لَيَقُوْلُنَّ (لَ ۔ يَقُوْلُنَّ) لَ، لام تاکید، یقیناً، يَقُوْلُنَّ، فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، وہ ضرور کہیں گے (یقیناً وہ ضرور کہیں گے) اللّٰهُ (اللہ)

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ	آپ کہہ دیجئے سب تعریف اللہ کیلئے ہے۔

قُلِ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے) الْحَمْدُ (سب تعریف)

لِلّٰهِ (لِ ۔ اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے)

بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۵﴾	بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔

بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ) اَكۡثَرُهُمۡ (اَكۡثَرُ۔ هُمۡ) اَكۡثَرُ، مضاف، كَثۡرَةٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، اکثر، زیادہ، اکثریت، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے اکثر)

لَا یَعۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ نہیں جانتے)

لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ	اللہ ہی کیلئے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔

لِلّٰهِ (لِ۔ اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کیلئے) مَا، اسم موصول (جو (کچھ))

فِی السَّمٰوٰتِ۔ فِیۡ، حرف جار، میں، اَلسَّمٰوٰتِ، مجرور، آسمانوں، واحد، اَلسَّمَآءُ (آسمان میں)

وَ، حرف عطف (اور) الۡاَرۡضِ (زمین)

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡغَنِیُّ الۡحَمِیۡدُ ﴿۲۶﴾	بے شک اللہ ہی بڑا بے پرواہ، بہت تعریف والا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ۔ اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (بے شک اللہ)

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی، ہی)

الۡغَنِیُّ، اللہ کا صفاتی نام، غِنَآءٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑا بے پرواہ)

الۡحَمِیۡدُ، اللہ کا صفاتی نام، حَمۡدٌ، مصدر سے صفت مشبہ بمعنی مفعول (تعریف کیا ہوا، بہت تعریف والا)

وَ لَوۡ اَنَّ مَا فِی الۡاَرۡضِ مِنۡ شَجَرَةٍ اَقۡلَامٌ وَّ الۡبَحۡرُ یَمُدُّهٗ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ سَبۡعَةُ اَبۡحُرٍ مَّا نَفِدَتۡ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ	اور اگر واقعی جو زمین میں درخت ہیں قلمیں ہوں اور سمندر (کا پانی) اس کی سیاہی ہو اس کے بعد سات سمندر (مزید) ہوں (تو) اللہ کے کلمات (لکھنے سے) ختم نہ ہوں گے

وَ، حرف عطف (اور) لَوۡ، شرطیہ (اگر)

اَنَّ مَا۔ اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، واقعی، مَا، اسم موصول، جو، اِنَّ، کا اسم (واقعی جو)

فِی الۡاَرۡضِ (فِیۡ۔ اَلۡاَرۡضِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

مِنۡ شَجَرَةٍ۔ مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، شَجَرَةٍ، مجرور (درخت)

اَقْلَامٌ (قلمیں) وَّ الْبَحْرُ (وَ۔اَلْبَحْرُ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْبَحْرُ، سمندر (اور سمندر)

يَمُدُّهٗ (يَمُدُّ۔هٗ) يَمُدُّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مَدَّ يَمُدُّ، مصدر مَدًّا، مدد کرنا، لمبا کرنا، دوات میں سیاہی ڈالنا، دوات سے سیاہی نکالنا، سیاہی ہونا، وہ سیاہی ہو، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (وہ اس کی سیاہی ہو) مِنْۢ بَعْدِهٖ (مِنْ۔بَعْدِ۔هٖ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے بعد)

سَبْعَةُ (سات) اَبْحُرٍ (سمندروں) واحد، اَلْبَحْرُ۔

مَّا نَفِدَتْ، فعل ماضی منفی واحد مؤنث غائب نَفِدَ يَنْفَدُ، مصدر نَفَادًا، صرف کرنا، خرچ کرنا، ختم ہونا، (وہ ختم نہ ہوں) كَلِمٰتُ اللّٰهِ (كَلِمٰتُ۔اَللّٰهِ) كَلِمٰتُ، مضاف، کلمات، باتیں، واحد، كَلِمَةٌ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے کلمات)

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾	یقیناً اللہ بہت غالب، بڑی حکمت والا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ۔اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اللہ (یقیناً اللہ)

عَزِيْزٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِزَّةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت غالب)

حَكِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

مَا خَلْقُكُمْ وَ لَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ	نہیں ہے تمہارا پیدا کرنا اور نہ تمہارا دوبارہ اٹھایا جانا مگر ایک جان (کو پیدا کرنے) کی طرح

مَا، نافیہ (نہیں) خَلْقُكُمْ (خَلْقُ۔كُمْ) خَلْقُ، مضاف، مصدر، پیدا کرنا، پیدائش، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (تمہارا پیدا کرنا) وَ، حرف عطف (اور) لَا، نافیہ (نہیں)

بَعْثُكُمْ (بَعْثُ۔كُمْ) بَعْثُ، مضاف، مصدر، بھیجنا، اٹھا کھڑا کرنا، دوبارہ اٹھایا جانا، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (تمہارا دوبارہ اٹھایا جانا) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ (كَ۔نَفْسٍ۔وَاحِدَةٍ) كَ، حرف جار، مانند، طرح، نَفْسٍ، مجرور، موصوف، جان، نفس، وَاحِدَةٍ، صفت، اسم فاعل واحد مؤنث، ایک، اکیلی) ایک جان کی طرح)

اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ﴿۲۸﴾	یقیناً اللہ خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ۔اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰہَ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (یقیناً اللہ)
سَمِیْعٌ، اللہ کا صفاتی نام، سَمْعٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب سننے والا)
بَصِیْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، بَصَارَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب دیکھنے والا)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَ یُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۡ	کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ یقیناً اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو مسخر کر رکھا ہے۔

اَلَمْ تَرَ (اَ۔لَمْ تَرَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَمْ تَرَ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر حاضر رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَۃٌ، دیکھنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ نے نہیں دیکھا (کیا آپ نے نہیں دیکھا)
اَنَّ اللّٰہَ۔اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰہَ، اللہ (یقیناً اللہ)
یُوْلِجُ الَّیْلَ۔یُوْلِجُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَوْلَجَ یُوْلِجُ، مصدر اِیْلَاجٌ، تنگ جگہ میں داخل کرنا، وہ داخل کرتا ہے، اَلَّیْلَ، رات کو (وہ رات کو داخل کرتا ہے)
فِی النَّهَارِ (فِیْ۔اَلنَّهَارِ) فِیْ، حرف جار، میں، اَلنَّهَارِ، مجرور، دن (دن میں) وَ، حرف عطف (اور)
یُوْلِجُ النَّهَارَ۔یُوْلِجُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَوْلَجَ یُوْلِجُ، مصدر اِیْلَاجٌ، داخل کرنا، وہ داخل کرتا ہے، اَلنَّهَارَ، دن (وہ دن کو داخل کرتا ہے)
فِی الَّیْلِ (فِیْ۔اَلَّیْلِ) فِیْ، حرف جار، میں، اَلَّیْلِ، مجرور، رات (رات میں) وَ، حرف عطف (اور)
سَخَّرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَخَّرَ یُسَخِّرُ، مصدر تَسْخِیْرٌ، مسخر کرنا، کام میں لگانا (اس نے مسخر کر رکھا ہے) الشَّمْسَ (سورج) وَ، حرف عطف (اور) اَلْقَمَرَ (چاند)

كُلٌّ یَّجْرِیْٓ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی وَّ اَنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ﴿۲۹﴾	ہر ایک ایک مقرر وقت تک چل رہا ہے یقیناً اللہ اس سے جو تم عمل کرتے ہو خوب باخبر ہے

كُلٌّ (ہر ایک، ہر کوئی) یَّجْرِیْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَرٰی یَجْرِیْ، مصدر جَرْیٌ، بہنا، چلنا (وہ

چل رہا ہے) اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى۔ اِلٰى، حرف جار، تک، اَجَلٍ، مجرور، موصوف، مدت، وقت میعاد، مُسَمًّى، صفت، تَسْمِيَةٌ، مصدر سے اسم مفعول، مقرر، معین (ایک مقرر وقت تک)

وَّ، حرف عطف (اور) اَنَّ اللّٰهَ۔ اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اللہ (یقیناً اللہ)

بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار بمعنی، مِنْ، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

خَبِيْرٌ۔ خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب خبر رکھنے والا، خوب باخبر)

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَ اَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾	یہ اس وجہ سے کہ یقیناً اللہ ہی حق ہے اور یقیناً اس کے سوا جس کو وہ پکارتے ہیں باطل ہے اور بلاشبہ اللہ ہی بہت بلند، بہت بڑا ہے۔

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، وہ، ضرورتاً ترجمہ (یہ) کیا جاتا ہے۔

بِاَنَّ اللّٰهَ (بِ۔ اَنَّ۔ اَللّٰهَ) بِ، حرف جار، سببیہ، وجہ سے، اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، اللہ (یہ اس وجہ سے کہ یقیناً اللہ)

هُوَ الْحَقُّ۔ هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہی، اَلْحَقُّ، حق (وہی حق)

وَ، حرف عطف (اور) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً) مَا، اسم موصول (جس کو)

يَدْعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب دَعَا يَدْعُوْ، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعْوَةٌ، پکارنا (وہ پکارتے ہیں)

مِنْ دُوْنِهِ۔ مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، علاوہ، سوا، هِ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے سوا) الْبَاطِلُ (باطل) وَ، حرف عطف (اور)

اَنَّ اللّٰهَ۔ اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، اَللّٰهَ، اللہ (بلاشبہ اللہ)

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہی)

الْعَلِيُّ، اللہ کا صفاتی نام، عَلَآءٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت بلند)

الْكَبِيْرُ، اللہ کا صفاتی نام، كِبَرًا، مصدر سے صفت مشبہ (بہت بڑا)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ	کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ یقیناً کشتیاں اللہ کی مہربانی سے سمندر میں چلتی ہیں تاکہ وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے۔

اَلَمْ تَرَ(اَ۔لَمْ تَرَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَمْ تَرَ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر حاضر رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَةٌ، دیکھنا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ، آپ نے نہیں دیکھا (کیا آپ نے نہیں دیکھا)

اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً) اَلْفُلْكَ (کشتیاں)

تَجْرِیْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب جَرٰی یَجْرِیْ، مصدر جَرْیٌ وَّ جِرْیَانٌ، بہنا، چلنا (وہ چلتی ہے)

فِي الْبَحْرِ۔فِیْ، حرف جار، میں، اَلْبَحْرِ، مجرور، سمندر (سمندر میں)

بِنِعْمَتِ اللّٰهِ(بِ۔نِعْمَتِ۔اَللّٰهِ)بِ، حرف جار، سے، نِعْمَتِ، مجرور، مضاف، نعمت، مہربانی، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی مہربانی سے)

لِيُرِيَكُمْ (لِ۔یُرِیَ۔کُمْ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، یُرِیَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَرٰی یُرِیْ، مصدر اِرَاءَةٌ، دکھانا، وہ دکھائے، کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (تاکہ وہ تمہیں دکھائے)

مِّنْ اٰيٰتِهٖ(مِنْ۔اٰیٰتِ۔هٖ)مِنْ، حرف جار، سے، اٰیٰتِ، مجرور، مضاف، نشانیوں، واحد، اٰیَةٌ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی نشانیوں سے)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝۳۱	بلاشبہ اس میں ہر بڑے صابر، بڑے شاکر کیلئے نشانیاں ہیں۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) فِيْ ذٰلِكَ۔فِیْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں) لَاٰيٰتٍ(لَ۔اٰیٰتٍ)لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، اٰیٰتٍ، نشانیاں، واحد، اٰیَةٌ (یقیناً نشانیاں)

لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ(لِ۔کُلِّ۔صَبَّارٍ۔شَکُوْرٍ)لِ، حرف جار، کیلئے، کُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، صَبَّارٍ، مضاف الیہ، صَبْرٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، بڑا صابر، شَکُوْرٍ، شُکْرًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، بڑا شاکر (ہر بڑے صابر، بڑے شاکر کیلئے)

وَ اِذَا غَشِیَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۚ	اور جب (سمندر کی) موج سائبانوں کی طرح انہیں ڈھانپ لیتی ہے (تو) وہ اللہ کو اس کیلئے دین خالص کرتے ہوئے پکارتے ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) اِذَا، اسم ظرف زمان بمعنی شرط (جب)

غَشِیَهُمْ (غَشِیَ۔ هُمْ) غَشِیَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب غَشِیَ یَغْشٰی، مصدر غِشَاوَةٌ، ڈھانپ لینا، اِذَا، کی وجہ ترجمہ، وہ ڈھانپ لیتی ہے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں ڈھانپ لیتی ہے)

مَّوْجٌ (موج) كَالظُّلَلِ (كَ۔ اَلظُّلَلِ) كَ، حرف تشبیه و حرف جار، کی طرح، اَلظُّلَلِ، مجرور، سائبانوں، (سائبانوں کی طرح) دَعَوُا اللّٰهَ۔ دَعَوُا، اصل میں، دَعَوْا، ہے، واؤ پر پیش اگلے لفظ سے ملانے کیلئے دی گئی ہے، فعل ماضی جمع مذکر غائب دَعَا یَدْعُوْ، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعْوَةٌ، بلانا، پکارنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ پکارتے ہیں، اَللّٰهَ، اللہ (وہ اللہ کو پکارتے ہیں)

مُخْلِصِیْنَ۔ اِخْلَاصٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (خالص کرنے والے، خالص کرتے ہوئے) واحد، مُخْلِصٌ۔ لَهُ (لَ۔ هُ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے) الدِّیْنَ (دین)

فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ	پھر جب وہ انہیں خشکی کی طرف (لاکر) بچالیتا ہے تو ان میں سے کچھ ہی سیدھی راہ پر قائم رہنے والے ہیں

فَلَمَّا (فَ۔ لَمَّا) فَ، حرف عطف، پھر، لَمَّا، اسم ظرف حرف شرط، جب (پھر جب)

نَجّٰهُمْ (نَجّٰی۔ هُمْ) نَجّٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَجّٰی یُنَجِّیْ، مصدر تَنْجِیَةٌ، نجات دینا، بچالینا، لَمَّا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ بچالیتا ہے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں بچالیتا ہے)

اِلَى الْبَرِّ (اِلٰی۔ اَلْبَرِّ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، اَلْبَرِّ، مجرور، خشکی (خشکی کی طرف)

فَمِنْهُمْ (فَ۔ مِنْ۔ هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، مِنْ، حرف جار تبعیضیہ، میں سے کچھ، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (تو ان میں سے کچھ)

مُّقْتَصِدٌ۔ اِقْتِصَادٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (سیدھی راہ پر قائم رہنے والا)

وَمَا یَجۡحَدُ بِاٰیٰتِنَاۤ اِلَّا کُلُّ خَتَّارٍ کَفُوۡرٍ ﴿۳۲﴾	اور وہ ہماری آیات کا انکار نہیں کرتا مگر ہر بہت عہد توڑنے والا، بڑا ناشکرا۔

وَمَا۔وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

یَجۡحَدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَحَدَ یَجۡحَدُ، مصدر جُحُوۡدًا، انکار کرنا (وہ انکار کرتا ہے)

بِاٰیٰتِنَاۤ (بِ۔اٰیٰتِ۔نَا) بِ، حرف جار، کا، اٰیٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰیَۃٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات کا) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر، سوائے)

کُلُّ خَتَّارٍ کَفُوۡرٍ، کُلُّ، مضاف، ہر، خَتَّارٍ، مضاف الیہ، موصوف، خَتۡرٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ، بہت عہد توڑنے والا، کَفُوۡرٍ، صفت، کُفۡرًا، مصدر سے صفت مشبہ، بڑا، ناشکرا (ہر بہت عہد توڑنے والا، بڑا ناشکرا)

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوۡا رَبَّکُمۡ وَ اخۡشَوۡا یَوۡمًا لَّا یَجۡزِیۡ وَالِدٌ عَنۡ وَّلَدِهٖ ۫	اے لوگو! تم اپنے رب سے ڈرو اور تم اس دن سے ڈرو کہ کوئی باپ اپنے بیٹے کے کام نہیں آئے گا۔

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ (یَا۔اَیُّهَا۔اَلنَّاسُ) یَا، حرف ندا اے، اَیُّهَا، جب منادیٰ پر "ال" داخل ہو تو مذکر کیلئے "یَا" کے ساتھ "اَیُّهَا" بڑھا دیا جاتا ہے، اَلنَّاسُ، منادیٰ معرف باللام، لوگو (اے لوگو)

اِتَّقُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (تم ڈرو)

رَبَّکُمۡ (رَبَّ۔کُمۡ) رَبَّ، مضاف، رب، کُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب)

وَ، حرف عطف (اور) اِخۡشَوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر خَشِیَ یَخۡشٰی، مصدر خَشۡیَۃٌ، ڈرنا، خوفزدہ ہونا (تم ڈرو) یَوۡمًا (اس دن) لَّا یَجۡزِیۡ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب جَزٰی یَجۡزِیۡ، مصدر جَزَآءٌ، کام آنا، بدلہ دینا (وہ کام نہیں آئے گا) وَالِدٌ (کوئی باپ)

عَنۡ وَّلَدِهٖ (عَنۡ۔وَلَدِ۔هٖ) عَنۡ، حرف جار، سے، ضرورتاً ترجمہ "کے" کیا جاتا ہے، وَلَدِ، مجرور، مضاف، بیٹا، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے بیٹے کے)

وَلَا مَوۡلُوۡدٌ هُوَ جَازٍ عَنۡ وَّالِدِهٖ شَیۡـًٔا ؕ	اور نہ کوئی بیٹا وہ اپنے باپ کے کچھ بھی کام آنے والا ہو گا۔

وَ لَا۔ وَ، حرف عطف، اور، لَا، نافیہ، نہ (اور نہ)

مَوْلُوْدٌ۔ وِلَادَةٌ، مصدر سے اسم مفعول مفرد مذکر، جنا ہوا (کوئی بیٹا)

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ) جَازٍ، جَزَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (کام آنے والا)

عَنْ وَّالِدِهٖ (عَنْ۔ وَالِدِ۔ هٖ) عَنْ، حرف جار، سے، ضرورتاً ترجمہ "کے" کیا جاتا ہے، وَالِدِ، مجرور، مضاف، باپ، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے باپ کے) شَیْـًٔا (کوئی چیز، کچھ بھی)

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا ٚ	یقیناً اللہ کا وعدہ سچا ہے تو دنیا کی زندگی تمہیں ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، یقیناً)

وَعْدَ اللّٰهِ۔ وَعْدَ، مضاف، وعدہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا وعدہ) حَقٌّ، مصدر (حق، سچ، سچا)

فَلَا تَغُرَّنَّكُمْ (فَ۔ لَا تَغُرَّنَّ۔ كُمْ) فَ، حرف عطف، تو، لَا تَغُرَّنَّ، فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب مؤکد بانون تاکید ثقیلہ غَرَّ یَغُرُّ، مصدر غُرُوْرًا، دھوکے میں ڈالنا، وہ ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (تو وہ تمہیں ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے)

الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا۔ اَلْحَیٰوةُ، موصوف، زندگی، اَلدُّنْیَا، صفت، دنیاوی، دنیا (دنیاوی زندگی، دنیا کی زندگی)

وَلَا یَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾	اور وہ دھوکہ باز (شیطان) تمہیں اللہ کے بارے میں ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے

وَ، حرف عطف (اور) لَا یَغُرَّنَّكُمْ (لَا یَغُرَّنَّ۔ كُمْ) لَا یَغُرَّنَّ، فعل مضارع واحد مذکر غائب مؤکد بانون تاکید ثقیلہ غَرَّ یَغُرُّ، مصدر غُرُوْرًا، دھوکہ میں ڈالنا، وہ ہرگز دھوکہ میں نہ ڈالے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر تمہیں (وہ تمہیں ہرگز دھوکہ میں نہ ڈالے)

بِاللّٰهِ (بِ۔ اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کے بارے میں، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے بارے میں)

الْغَرُوْرُ۔ غُرُوْرًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت دھوکہ باز، بہت دغا باز)

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ	بے شک اللہ اسی کے پاس قیامت کا علم ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ۔ اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰہَ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (بے شک اللہ)

عِنْدَہٗ (عِنْدَ۔ ہٗ) عِنْدَ، مضاف، پاس، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع "اللہ" ہے (اسی کے پاس) عِلْمُ السَّاعَۃِ۔ عِلْمُ، مضاف، علم، اَلسَّاعَۃِ، مضاف الیہ، قیامت کا (قیامت کا علم)

وَیُنَزِّلُ الْغَیْثَ ج	اور وہ بارش نازل کرتا ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) یُنَزِّلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب، نَزَّلَ یُنَزِّلُ، مصدر تَنْزِیْلًا، اتارنا، نازل کرنا، (وہ نازل کرتا ہے) الْغَیْثَ (بارش)

وَیَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ ط	اور وہ جانتا ہے جو رحموں میں ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) یَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے)

مَا، اسم موصول (جو)

فِی الْاَرْحَامِ۔ فِیْ، حرف جار، میں، اَلْاَرْحَامِ، مجرور، عورت کے پیٹ کا وہ حصہ جس میں بچہ پیدا ہوتا ہے، رحموں، واحد، رِحْمٌ (رحموں میں)

وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَکْسِبُ غَدًا ط	اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کمائی (عمل) کرے گا۔

وَمَا۔ وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

تَدْرِیْ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب دَرٰی یَدْرِیْ، مصدر دِرَایَۃٌ، جاننا (وہ جانتی)

نَفْسٌ (کوئی نفس، کوئی شخص، کوئی جان) مَّاذَا، استفہامیہ (کیا)

تَکْسِبُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب کَسَبَ یَکْسِبُ، مصدر کَسْبٌ، کمانا (وہ کمائی کرے گی)

غَدًا (کل) نَفْسٌ، عربی میں مؤنث ہے اور اردو میں مذکر ہے۔ اگر مذکر کا صیغہ استعمال کریں تو ترجمہ ہوگا، (اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کمائی (عمل) کرے گا)

وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌۢ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ط	اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین پر مرے گا۔

وَ مَا۔ وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں)

تَدۡرِیۡ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب دَرٰی یَدۡرِیۡ، مصدر دِرَایَۃٌ، جاننا (وہ جانتی)

نَفۡسٌ (کوئی نفس، کوئی شخص، کوئی جان) بِاَیِّ اَرۡضٍ (بِ۔ اَیِّ۔ اَرۡضٍ) بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰی، پر، اَیِّ، مجرور، استفہامیہ، مضاف، کس، اَرۡضٍ، مضاف الیہ، زمین (کس زمین پر)

تَمُوۡتُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب مَاتَ یَمُوۡتُ، مصدر مَوۡتًا، مرنا، فوت ہونا (وہ مرے گی)

نَفۡسٌ، عربی میں مؤنث ہے اور اردو میں مذکر ہے۔ اگر مذکر کا صیغہ استعمال کریں تو ترجمہ ہوگا (اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین پر مرے گا)

اِنَّ اللّٰہَ عَلِیۡمٌ خَبِیۡرٌ ﴿۳۴﴾ ع	بے شک اللہ خوب جاننے والا خوب خبر رکھنے والا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ۔ اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰہَ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (بے شک اللہ)

عَلِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

خَبِیۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، خَبۡرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب خبر رکھنے والا)۔

اٰيَاتُهَا:۳۰	سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ	رُكُوْعَاتُهَا:۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

الٓمّٓ ۝۱	الف۔لام۔میم۔

الٓمّٓ ،الف ،لام ، میم ، حروف مقطعات ہیں۔

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲	(اس) کتاب کا نازل کرنا اس میں کوئی شک نہیں کہ تمام جہانوں کے رب کی طرف سے ہے۔

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ۔تَنْزِيْلُ، مضاف، مصدر ہے،اتارنا، نازل کرنا،اَلْكِتٰبِ، مضاف الیہ، کتاب کا (کتاب کا نازل کرنا) لَا رَيْبَ۔لَا، نافیہ، نہیں،رَيْبَ، مصدر، ایسا شک جس کی حقیقت بعد میں اس کے خلاف منکشف ہو، کوئی شک (کوئی شک نہیں) فِيْهِ(فِيْ۔هِ)فِيْ، حرف جار، میں،هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس(اس میں) مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، پروردگار، اَلْعٰلَمِيْنَ، مضاف الیہ، تمام جہانوں کے (تمام جہانوں کے رب کی طرف سے)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ	کیا وہ (کفار) کہتے ہیں کہ اس نے اسے گھڑ لیا ہے۔

اَمْ ،استفہامیہ (کیا) يَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں) افْتَرٰىهُ(اِفْتَرٰى۔هُ) اِفْتَرٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ، باندھنا، گھڑنا،اس نے گھڑ لیا ہے،هُ، ضمیر واحد مذکر غائب،اسے، ضمیر کا مرجع "اَلْكِتٰبِ" ہے، (اس (حضرت محمد ﷺ) نے اسے گھڑ لیا ہے)

بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ	بلکہ وہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے تاکہ آپ ان لوگوں کو ڈرائیں کہ ان کے پاس آپ سے پہلے

لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝	کوئی ڈرانے والا نہیں آیا تاکہ وہ ہدایت پائیں۔

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ) الْحَقُّ (حق، سچ)

مِنْ رَّبِّكَ (مِنْ۔ رَبِّ۔ كَ) مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے رب کی طرف سے)

لِتُنْذِرَ (لِ۔ تُنْذِرَ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، تُنْذِرَ، فعل مضارع منصوب واحد مذکر حاضر اَنْذَرَ يُنْذِرُ، مصدر اِنْذَارٌ، ڈرانا، آپ ڈرائیں (تاکہ آپ ڈرائیں) قَوْمًا (قوم، لوگوں) مَّآ، نافیہ (نہیں)

اَتٰىهُمْ (اَتٰى۔ هُمْ) اَتٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا، وہ آیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (وہ آیا ان کے پاس) مِّنْ نَّذِيْرٍ۔ مِنْ، حرف جار، برائے عموم، نَذِيْرٍ، مجرور، نَذْرٌ، مصدر سے بمعنی اسم فاعل صفت مشبہ، ڈرانے والا (کوئی ڈرانے والا)

مِّنْ قَبْلِكَ (مِنْ۔ قَبْلِ۔ كَ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ سے پہلے) لَعَلَّهُمْ (لَعَلَّ۔ هُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، شاید، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تاکہ وہ) يَهْتَدُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِهْتَدٰى يَهْتَدِيْ، مصدر اِهْتِدَآءٌ، ہدایت پانا، وہ ہدایت پائیں (تاکہ وہ ہدایت پائیں)

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ط	اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو جو ان دونوں کے دمیان ہے چھ دنوں میں پیدا کیا پھر وہ عرش پر قائم ہوا۔

اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) الَّذِيْ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے)

خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا)

السَّمٰوٰتِ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءُ، وَ، حرف عطف (اور)

الْاَرْضَ (زمین) وَ، حرف عطف (اور) مَا، اسم موصول (جو)

بَيْنَهُمَا (بَيْنَ۔هُمَا) بَيْنَ، مضاف، درمیان، هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مؤنث غائب، ان دونوں کے، (ان دونوں کے درمیان) فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ۔فِيْ، حرف جار، میں، سِتَّةِ، مجرور، مضاف، چھ،
اَيَّامٍ، مضاف الیہ، دنوں، واحد، يَوْمٌ (چھ دنوں میں) ثُمَّ، حرف عطف (پھر)
اِسْتَوٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِسْتَوٰى يَسْتَوِيْ مصدر اِسْتِوَآءٌ، برابر ہونا، قائم ہونا، ٹھہرنا (وہ قائم ہوا) عَلَى الْعَرْشِ۔عَلٰى، حرف جار، پر، اَلْعَرْشِ، مجرور، عرش (عرش پر)

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ	تمہارے لیے اس کے سوا کوئی مددگار نہیں ہے اور نہ کوئی سفارش کرنے والا۔

مَا، نافیہ (نہیں) لَكُمْ (لَ۔كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے) مِّنْ دُوْنِهٖ (مِنْ۔دُوْنِ۔هٖ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوْنِ، مجرور، مضاف، علاوہ، سوا، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے سوا)
مِنْ وَّلِيٍّ۔مِنْ، حرف جار برائے عموم، وَلِيٍّ، مجرور، وِلَايَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، مددگار، دوست (کوئی مددگار) وَّ لَا۔وَ، حرف عطف، اور، لَا، نافیہ، نہ (اور نہ)
شَفِيْعٍ۔شَفَاعَةٌ، مصدر سے بمعنی فاعل، کوئی سفارش کرنے والا، کوئی سفارشی)

اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝	تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟

اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ (اَ۔فَ۔لَا تَتَذَكَّرُوْنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو،
لَا تَتَذَكَّرُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ، مصدر تَذَكُّرٌ، نصیحت حاصل کرنا، تم نصیحت حاصل نہیں کرتے (تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟)

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝	وہ آسمان سے زمین تک (ہر) معاملے کی تدبیر کرتا ہے پھر وہ (معاملہ) اس کی طرف ایک دن میں اوپر جاتا ہے اس کی مقدار ایک ہزار

	سال ہے اس (حساب) سے جو تم شمار کرتے ہو

یُدَبِّرُ الْاَمْرَ۔یُدَبِّرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب دَبَّرَ یُدَبِّرُ، مصدر تَدْبِیْرٌ، تدبیر کرنا، وہ تدبیر کرتا ہے،اَلْاَمْرَ، کام، معاملہ، حکم،امر (وہ (ہر) معاملے کی تدبیر کرتا ہے)

مِنَ السَّمَآءِ۔ مِنْ، حرف جار، سے،اَلسَّمَآءِ، مجرور،آسمان، جمع،اَلسَّمٰوٰتِ(آسمان سے)

اِلَی الْاَرْضِ۔اِلٰی، حرف جار، تک،اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین تک) ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

یَعْرُجُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَرَجَ یَعْرُجُ، مصدر عُرُوْجًا، بلندی پر جانا،اوپر جانا (وہ (معاملہ) اوپر جاتا ہے) اِلَیْہِ(اِلٰی۔ہٖ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف،ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس کی طرف)

فِیْ یَوْمٍ ۔فِیْ، حرف جار، میں،یَوْمٍ، مجرور،ایک دن (ایک دن میں)

کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

مِقْدَارُہٗٓ(مِقْدَارُ،ہٗ)مِقْدَارُ، مضاف، مقدار،ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب،اس کی (اس کی مقدار) اَلْفَ سَنَۃٍ۔اَلْفَ،ایک ہزار،سَنَۃٍ،سال،برس، جمع،سِنُوْنَ (ایک ہزار سال)

مِّمَّا(مِنْ۔مَا)مِنْ، حرف جار، سے،مَا، مجرور،اسم موصول، جو (اس (حساب) سے جو)

تَعُدُّوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَدَّ یَعُدُّ، مصدر عَدًّا، گننا، شمار کرنا (تم شمار کرتے ہو)

ذٰلِکَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَۃِ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۙ﴿۶﴾	وہی غیب اور ظاہر کو جاننے والا، بہت غالب، بہت رحم کرنے والا ہے۔

ذٰلِکَ،اسم اشارہ واحد مذکر بعید (وہی)

عٰلِمُ الْغَیْبِ۔عٰلِمُ، مضاف،عِلْمٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، جاننے والا،اَلْغَیْبِ، مضاف الیہ، غیب کا (غیب کا جاننے والا) وَ، حرف عطف (اور) الشَّهَادَۃِ، مصدر (ظاہر کا)

اَلْعَزِیْزُ،اللہ کا صفاتی نام،عِزَّۃٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت غالب)

الرَّحِیْمُ،اللہ کا صفاتی نام،رَحْمَۃٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

الَّذِیۡۤ اَحۡسَنَ کُلَّ شَیۡءٍ خَلَقَہٗ وَ بَدَاَ خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ مِنۡ طِیۡنٍ ۚ﴿۷﴾	وہ جس نے اچھا بنایا ہر چیز کو جسے اس نے پیدا کیا اس نے انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی

الَّذِیۡۤ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جس نے) اَحۡسَنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَحۡسَنَ یُحۡسِنُ، مصدر اِحۡسَانٌ، احسان کرنا، اچھا بنانا (اس نے اچھا بنایا)

کُلَّ شَیۡءٍ۔ کُلَّ، مضاف، ہر، شَیۡءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز)

خَلَقَہٗ (خَلَقَ۔ ہٗ) خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ یَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا، اس نے پیدا کیا ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے "کُلَّ شَیۡءٍ" ضمیر کا مرجع، ہے (اس نے پیدا کیا اسے) وَ، حرف عطف (اور) بَدَاَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب بَدَاَ یَبۡدَاُ، مصدر بَدۡءٌ، ابتدا کرنا، شروع کرنا (اس نے شروع کی)

خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ۔ خَلۡقَ، مضاف، پیدائش، اَلۡاِنۡسَانِ، مضاف الیہ، انسان کی (انسان کی پیدائش)

مِنۡ طِیۡنٍ۔ مِنۡ، حرف جار، سے، طِیۡنٍ، مجرور، مٹی (مٹی سے)

ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَہٗ مِنۡ سُلٰلَۃٍ مِّنۡ مَّآءٍ مَّہِیۡنٍ ۚ﴿۸﴾	پھر اس نے اس کی نسل کو حقیر پانی کے نچوڑ (یعنی نطفہ) سے بنایا۔

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، تیار کرنا، پیدا کرنا (اس نے بنایا) نَسۡلَہٗ (نَسۡلَ۔ ہٗ) نَسۡلَ، مضاف، نسل، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی، (اس کی نسل) مِنۡ سُلٰلَۃٍ۔ مِنۡ، حرف جار، سے، سُلٰلَۃٍ، مجرور، مصدر، ایک چیز کا دوسری چیز سے کھینچ لینا، نچوڑی ہوئی، نچوڑ، خلاصہ، جوہر (نچوڑ سے)

مِّنۡ مَّآءٍ مَّہِیۡنٍ، مِنۡ، حرف جار، ترجمہ "کے" ضرورتاً کیا جارہا ہے، مَآءٍ، مجرور، موصوف، پانی، مَہِیۡنٍ، صفت، ھَوۡنٌ، مصدر سے اسم مفعول، حقیر، قابل نفرت (حقیر پانی کے)

ثُمَّ سَوّٰىہُ وَ نَفَخَ فِیۡہِ مِنۡ رُّوۡحِہٖ وَ جَعَلَ لَکُمُ السَّمۡعَ وَ الۡاَبۡصَارَ وَ الۡاَفۡـِٕدَۃَ ؕ	پھر اس نے اس (کے اعضا) کو درست کیا اور اس میں اپنی روح پھونکی اور اس نے تمہارے

	لیے کان اور آنکھیں اور دل بنائے۔

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) سَوّٰىهُ(سَوّٰى-هُ) سَوّٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب سَوّٰى يُسَوِّيْ، مصدر تَسْوِيَةٌ، سنوارنا، درست کرنا، برابر کرنا، اس نے درست کیا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کو، اس نے اس، (کے اعضاء) کو درست کیا) وَ، حرف عطف (اور)

نَفَخَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَفَخَ يَنْفُخُ، مصدر نَفْخًا، پھونکنا (اس نے پھونکی)

فِيْهِ(فِيْ-هِ) فِيْ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں)

مِنْ رُّوْحِهٖ(مِنْ-رُوْحِ-هٖ) مِنْ، حرف جار، سے، رُوْحِ، مجرور، مضاف، روح، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنی (اپنی روح سے) وَ، حرف عطف (اور)

جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (اس نے بنائے)

لَكُمُ (لَ-كُمْ) لَ، حرف جار، لیے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لیے)

السَّمْعَ، اسم قوت سامعہ، کان، مصدر، سننا، وَ، حرف عطف (اور)

الْاَبْصَارَ (آنکھیں) واحد، بَصَرٌ، آنکھ اور بینائی دونوں کو کہتے ہیں۔ وَ، حرف عطف (اور)

اَلْاَفْـِٕدَةَ، دلوں، واحد، فُؤَادٌ (دل)

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝	بہت تھوڑا ہے جو تم شکر کرتے ہو

قَلِيْلًا۔ قِلَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت کم، بہت تھوڑا) مَّا، اسم موصول (جو)

تَشْكُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر شَكَرَ يَشْكُرُ، مصدر شُكْرًا، شکر کرنا (تم شکر کرتے ہو)

وَ قَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۬	اور انہوں نے کہا کیا جب ہم زمین میں گم ہو جائیں گے کیا واقعی ہم ضرور نئی پیدائش میں ظاہر ہوں گے

وَ، حرف عطف (اور) قَالُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (انہوں نے کہا)

ءَاِذَا (ءَ-اِذَا) ءَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط، جب (کیا جب)

ضَلَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم ضَلَّ یَضِلُّ، مصدر ضَلٰلًا، گم ہونا، گمراہ ہونا،اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ہم گم ہو جائیں گے) فِی الْاَرْضِ۔فِیْ، حرف جار، میں،اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

ءَاِنَّا(ءَ۔اِنَّ۔نَا)ءَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا،اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، واقعی،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم، (کیا واقعی ہم) لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ(لَ۔فِیْ۔خَلْقٍ۔جَدِیْدٍ)لَ، لام تاکید، ضرور،فِیْ، حرف جار، میں، خَلْقٍ، مجرور، موصوف، مصدر، پیدائش،جَدِیْدٍ، صفت،جَدٌّ، مصدر سے اسم مفعول، نئی (ضرور نئی پیدائش میں)

بَلْ هُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝۱۰	بلکہ وہ اپنے رب کی ملاقات کا انکار کرنے والے ہیں

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

بِلِقَآءِ(بِ۔لِقَآءِ)بِ، حرف جار، کا،لِقَآءِ، مجرور، حاصل مصدر، ملاقات (ملاقات کا)

رَبِّهِمْ (رَبِّ۔هِمْ)رَبِّ، مضاف، رب، پروردگار،هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب) كٰفِرُوْنَ، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کفر کرنے والے،انکار کرنے والے، کافروں) واحد،اَلْكَافِرُ۔

قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱ ع	آپ کہہ دیجئے موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہیں فوت کرے گا پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

ع ۱۴

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا(آپ کہہ دیجئے)

يَتَوَفّٰىكُمْ (يَتَوَفّٰى۔كُمْ)يَتَوَفّٰى، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَوَفّٰى يَتَوَفّٰى، مصدر تَوَفِّيٌ، فوت کرنا، وہ فوت کرے گا،كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں فوت کرے گا)

مَّلَكُ الْمَوْتِ۔مَلَكُ، مضاف، فرشتہ، جمع،اَلْمَلٰٓئِكَةُ،اَلْمَوْتِ، مضاف الیہ، موت کا (موت کا فرشتہ)

الَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر (جو) وُکِّلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب وَکَّلَ یُوَکِّلُ، مصدر تَوْکِیْلٌ، مقرر کرنا، سرپرست مقرر کرنا، کسی کو کسی چیز کی نگرانی سونپنا (مقرر کیا گیا ہے)

بِکُمْ (بِ۔ کُمْ) بِ، حرف جار، پر، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر) ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

اِلٰی رَبِّکُمْ (اِلٰی۔ رَبِّ۔ کُمْ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے رب کی طرف) تُرْجَعُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر رَجَعَ یَرْجِعُ، مصدر رُجُوْعٌ، لوٹنا، رجوع کرنا (تم لوٹائے جاؤ گے)

وَ لَوْ تَرٰۤی اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ	اور اگر آپ دیکھیں جب مجرم لوگ اپنے رب کے پاس اپنے سروں کو جھکائے ہوئے ہوں گے

وَلَوْ۔ وَ، حرف عطف، اور، لَوْ، شرطیہ، اگر (اور اگر)

تَرٰی، فعل مضارع واحد مذکر حاضر رَاٰی یَرٰی، مصدر رُؤْیَۃٌ، دیکھنا (آپ دیکھیں) اِذِ، اسم ظرف (جب)

الْمُجْرِمُوْنَ، اِجْرَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (جرم کرنے والے، مجرم لوگ) واحد، اَلْمُجْرِمُ۔

نَاکِسُوْا، نَکْسٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (جھکائے ہوئے)

رُءُوْسِهِمْ (رُءُوْسِ، هِمْ) رُءُوْسِ، مضاف، سروں، واحد، رَأْسٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے سروں) عِنْدَ (پاس) رَبِّهِمْ (رَبِّ۔ هِمْ) رَبِّ، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب)

رَبَّنَاۤ اَبْصَرْنَا وَ سَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾	اے ہمارے رب! ہم نے دیکھ لیا اور ہم نے سن لیا پس تو ہمیں واپس بھیج ہم نیک عمل کریں گے بے شک ہم یقین کرنے والے ہیں۔

رَبَّنَاۤ، اصل میں "یَا رَبَّنَا" ہے (یَا۔ رَبَّ۔ نَا) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادٰی، رَبَّ، مضاف، رب، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

اَبْصَرْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَبْصَرَ یُبْصِرُ، مصدر اِبْصَارٌ، دیکھنا (ہم نے دیکھ لیا) وَ، حرف عطف (اور)

سَمِعْنَا، فعل ماضی جمع متکلم سَمِعَ یَسْمَعُ، مصدر سَمْعًا، سننا (ہم نے سن لیا)

فَارْجِعْنَا(فَ۔اَرْجِعْ۔نَا)فَ، حرف عطف، پس،اَرْجِعْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَرْجَعَ یُرْجِعُ، مصدر اِرْجَاعٌ، لوٹانا، واپس بھیجنا، تو واپس بھیج ،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (پس تو ہمیں واپس بھیج)

نَعْمَلْ، فعل مضارع مجزوم جمع متکلم عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (ہم عمل کریں گے)

صَالِحًا۔صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (نیک)

اِنَّا(اِنَّ۔نَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً،نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

مُوْقِنُوْنَ۔اِیْقَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (یقین کرنے والے) واحد، مُوْقِنٌ۔

وَ لَوْ شِئْنَا لَاٰتَیْنَا کُلَّ نَفْسٍ ھُدٰىھَا وَ لٰکِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّیْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ﴿۱۳﴾	اور اگر ہم چاہتے ضرور ہم ہر نفس کو اس کی ہدایت دے دیتے اور لیکن میری طرف سے فرمان ثابت ہو چکا ہے کہ بلاشبہ میں جہنم کو جنوں اور انسانوں سب سے ضرور بھر دوں گا۔

وَلَوْ۔وَ، حرف عطف، اور، لَوْ، شرطیہ، اگر (اور اگر)

شِئْنَا، فعل ماضی جمع متکلم شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیْٓئَةٌ، چاہنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ (ہم چاہتے)

لَاٰتَیْنَا(لَ۔اٰتَیْنَا)لَ، لام تاکید، ضرور،اٰتَیْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ، ہم دے دیتے (ضرور ہم دے دیتے)

کُلَّ نَفْسٍ۔کُلَّ، مضاف، ہر،نَفْسٍ، مضاف الیہ، نفس، جان، شخص (ہر نفس)

ھُدٰىھَا(ھُدٰی۔ھَا) ھُدٰی، مضاف، مصدر، ہدایت،ھَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع "نَفْسٍ" ہے (اس کی ہدایت) وَ، حرف عطف (اور) لٰکِنْ، حرف استدراک (لیکن)

حَقَّ الْقَوْلُ۔حَقَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب حَقَّ یَحِقُّ، مصدر حَقٌّ، ثابت ہونا، جائز ہونا، حق ہونا،

ثابت ہو چکا ہے، اَلْقَوْلُ، بات، فرمان (فرمان ثابت ہو چکا ہے)

مِنِّیْ (مِنْ۔نِ۔یْ) مِنْ، حرف جار بمعنی اِلٰی، طرف سے، نِ، نون وقایہ، یْ، ضمیر واحد متکلم، میری، (میری طرف سے) لَاَمْلَئَنَّ (لَ۔اَمْلَئَنَّ) لَ، لام تاکید، بلاشبہ، اَمْلَئَنَّ، فعل مضارع موکد بانون تاکید ثقیلہ واحد متکلم مَلَاَ یَمْلَاُ، مصدر مَلْاٌ، بھرنا، کسی چیز کو کسی چیز سے بھرنا (بلاشبہ میں ضرور بھر دوں گا)

جَهَنَّمَ (جہنم) مِنَ الْجِنَّةِ۔ مِنْ، حرف جار، سے، اَلْجِنَّةِ، مجرور، جنوں (جنوں سے)

وَ، حرف عطف (اور) النَّاسِ (انسانوں) اَجْمَعِیْنَ، تاکید کیلئے (سب کے سب، سب)

فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ	پس تم چکھو اس وجہ سے کہ تم نے اپنے اس دن کی پیشی کو بھلا دیا۔

فَذُوْقُوْا (فَ۔ذُوْقُوْا) فَ، حرف عطف، پس، ذُوْقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر ذَاقَ یَذُوْقُ، مصدر ذَوْقًا، چکھنا، تم چکھو (پس تم چکھو) بِمَا (بِ، مَا) بِ، حرف جار، وجہ سے، مَا، مجرور، مصدریہ، کہ (اس وجہ سے کہ)

نَسِیْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر نَسِیَ یَنْسٰی، مصدر نِسْیَانٌ، بھلانا (تم نے بھلا دیا)

لِقَآءَ، مصدر (ملاقات، پیشی) یَوْمِكُمْ هٰذَا (یَوْمِ۔كُمْ۔هٰذَا) یَوْمِ، مضاف، دن، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے، هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر، اس (اپنے اس دن کی)

اِنَّا نَسِیْنٰكُمْ وَ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۱۴	بے شک ہم نے تمہیں بھلا دیا اور تم ہمیشہ کا عذاب چکھو اس کے بدلے جو تم عمل کرتے تھے۔

اِنَّا (اِنَّ۔نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

نَسِیْنٰكُمْ (نَسِیْنَا۔كُمْ) نَسِیْنَا، فعل ماضی جمع متکلم نَسِیَ یَنْسٰی، مصدر نِسْیَانٌ، بھلانا، ہم نے بھلا دیا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (ہم نے تمہیں بھلا دیا) وَ، حرف عطف (اور)

ذُوْقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر ذَاقَ یَذُوْقُ، مصدر ذَوْقًا، چکھنا (تم چکھو)

عَذَابَ الْخُلْدِ۔ عَذَابَ، مضاف، عذاب، اَلْخُلْدِ، مضاف الیہ، اسم مصدر، ہمیشہ کا (ہمیشہ کا عذاب)

بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار، کے بدلے میں، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس کے بدلے جو)
كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے)
تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے)

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ سَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ هُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۩ ﴿۱۵﴾	بے شک صرف وہ لوگ ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں جو جب ان کے ذریعے نصیحت کیے جاتے ہیں وہ سجدہ کرتے ہوئے گر پڑتے ہیں اور وہ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔

السجدۃ ۹

اِنَّمَا۔ اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل اور "مَا" کافہ ہے جو حصر کیلئے ہے (بے شک صرف)
يُؤْمِنُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لاتا ہے)
بِاٰيٰتِنَا (بِ۔ اٰيٰتِ۔ نَا) بِ، حرف جار، پر، اٰيٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات پر) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)
اِذَا، اسم ظرف مستقبل متضمن بمعنی شرط (جب) ذُكِّرُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب ذَكَّرَ يُذَكِّرُ، مصدر تَذْكِيْرًا، نصیحت کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ نصیحت کیے جاتے ہیں)
بِهَا (بِ۔ هَا) بِ، حرف جار، کے ذریعے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع "اٰيٰتِ" ہے (ان کے ذریعے) خَرُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب خَرَّ يَخِرُّ، مصدر خُرُوْرًا، نیچے گرنا، گر پڑنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ گر پڑتے ہیں) سُجَّدًا۔ سُجُوْدًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سجدہ کرنے والے، سجدہ کرتے ہوئے) واحد، سَاجِدًا، وَّ، حرف عطف (اور)
سَبَّحُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب سَبَّحَ يُسَبِّحُ، مصدر تَسْبِيْحٌ، پاکیزگی بیان کرنا، تسبیح کرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ تسبیح کرتے ہیں) بِحَمْدِ (بِ۔ حَمْدِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، حَمْدِ، مجرور، حمد، تعریف (حمد کے ساتھ) رَبِّهِمْ (رَبِّ۔ هِمْ) رَبِّ، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع

مذکر غائب، اپنے، (اپنے رب کی) وَ، حرف عطف (اور) ھُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)
لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اِسْتَکْبَرَ یَسْتَکْبِرُ، مصدر اِسْتِکْبَارٌ، تکبر کرنا
(وہ تکبر نہیں کرتے)

تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ۡ	ان کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں وہ اپنے رب کو خوف اور امید سے پکارتے ہیں۔

تَتَجَافٰی، فعل مضارع واحد مؤنث غائب تَجَافٰی یَتَجَافٰی، مصدر تَجَافِیٌ، جگہ سے دور ہونا، الگ رہنا (وہ الگ رہتا ہے) جُنُوْبُهُمْ (جُنُوْبُ۔ هُمْ) جُنُوْبُ، مضاف، پہلو، واحد، جَنْبٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے پہلو) عَنِ الْمَضَاجِعِ۔ عَنْ، حرف جار، سے، اَلْمَضَاجِعِ، مجرور، بستروں، واحد، مَضْجَعٌ (بستروں سے) یَدْعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب دَعَا یَدْعُوْ، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعْوَةٌ، پکارنا (وہ پکارتے ہیں) رَبَّهُمْ (رَبَّ۔ هُمْ) رَبَّ، مضاف، رب، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کو) خَوْفًا، مصدر (ڈر، خوف) وَّ، حرف عطف (اور) طَمَعًا، مصدر (طمع، امید)

وَّ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝۱۶	اور ہم نے انہیں جو رزق دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں

وَّ، حرف عطف (اور) مِمَّا (مِنْ۔ مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس میں سے جو) رَزَقْنٰهُمْ (رَزَقْنَا۔ هُمْ) رَزَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم رَزَقَ یَرْزُقُ، مصدر رِزْقًا، رزق دینا، ہم نے رزق دیا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں رزق دیا ہے)
یُنْفِقُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَنْفَقَ یُنْفِقُ، مصدر اِنْفَاقٌ، خرچ کرنا (وہ خرچ کرتے ہیں)

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ ۚ	سو کوئی نفس اسے نہیں جانتا جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کیلئے پوشیدہ رکھی گئی ہے۔

فَلَا تَعْلَمُ (فَ۔ لَا تَعْلَمُ) فَ، حرف عطف، سو، لَا تَعْلَمُ، فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا، نَفْسٌ، عربی میں مؤنث اور اردو میں مذکر ہے (وہ نہیں جانتا)

نَفْسٌ (کوئی نفس) مَّآ، اسم موصول (اسے جو) اُخْفِيَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَخْفٰی یُخْفِيْ، مصدر اِخْفَآءٌ، چھپانا، پوشیدہ رکھنا (پوشیدہ رکھی گئی ہے)

لَهُمْ (لَ-هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ۔ مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، قُرَّةِ، مجرور، مضاف، قَرٌّ، مصدر سے مشتق ہے جس کے معنی ٹھنڈک ہے، اَعْيُنٍ، مضاف الیہ، آنکھوں، واحد، عَيْنٌ (آنکھوں کی ٹھنڈک)

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝	ان کا بدلہ ہے جو وہ عمل کرتے تھے۔

جَزَآءً، مصدر (بدلہ دینا، بدلہ) بِمَا (بِ-مَا) بِ، حرف جار، کا، مَا، مجرور، موصولہ، جو (ان کا جو)

كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

يَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کرتے)

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ۗ لَا يَسْتَوٗنَ ۝	تو کیا جو مومن ہو اس کی مثل ہے جو نافرمان ہو؟ وہ برابر نہیں ہو سکتے۔

وقف غفران

اَفَمَنْ (اَ-فَ-مَنْ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، مَنْ، اسم موصول، جو (تو کیا جو)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہو)

مُؤْمِنًا۔ اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ایمان والا، مومن)

كَمَنْ (كَ-مَنْ) كَ، حرف تشبیہ وحرف جار، مانند، مثل، طرح، مَنْ، اسم موصول، جو (اس کی مثل جو)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہو)

فَاسِقًا۔ فُسُوْقٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (فاسق، نافرمان) لَا يَسْتَوٗنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اِسْتَوٰی يَسْتَوِيْ، مصدر اِسْتِوَآءٌ، برابر ہونا (وہ برابر نہیں ہو سکتے)

اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۫	رہے وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے تو ان کیلئے رہنے کے باغات ہیں۔

اَمَّا، حرف شرط و تفصیل (رہے، لیکن) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

وَ، حرف عطف (اور) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (انہوں نے عمل کیے) الصّٰلِحٰتِ۔ صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (نیکیاں، اچھائیاں) واحد، اَلصَّالِحَةُ،

فَلَهُمْ (فَ۔ لَ۔ هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (تو ان کیلئے) جَنّٰتُ الْمَاْوٰى۔ جَنّٰتُ، مضاف، جنتیں، باغات، واحد، جَنَّةٌ، اَلْمَاْوٰى، مضاف الیہ، اسم ظرف مصدر، مقام سکونت، ٹھکانے رہنے کے (رہنے کے باغات)

نُزُلًاۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۹	مہمانی اس کے بدلے جو وہ عمل کرتے تھے۔

نُزُلًا، اسم مہمانی کا کھانہ (طعام، مہمانی)

بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار، کے بدلے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کے بدلے جو)

كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

يَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کرتے)

وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ	اور رہے وہ لوگ جنہوں نے نافرمانی کی تو ان کا ٹھکانہ آگ ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) اَمَّا، حرف شرط و تفصیل (رہے، لیکن) الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے) فَسَقُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب فَسَقَ يَفْسُقُ، مصدر فُسُوْقًا، نافرمانی کرنا، حد سے بڑھنا (انہوں نے نافرمانی کی)

فَمَاْوٰىهُمْ (فَ۔ مَاْوٰى۔ هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، مَاْوٰى، مضاف، مصدر اور اسم ظرف، ٹھکانہ، مقام سکونت، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (تو ان کا ٹھکانہ) النَّارُ (آگ، جہنم)

كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا	جب کبھی وہ ارادہ کریں گے کہ وہ اس سے باہر نکلیں

فِيْهَا وَ قِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ۝۲۰	(تو) وہ اس میں لوٹا دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ تم اس آگ کا عذاب چکھو جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

كُلَّمَآ، اسم ظرف زمان (جب کبھی)

اَرَادُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَرَادَ يُرِيْدُ، مصدر اِرَادَةٌ، ارادہ کرنا، چاہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ ارادہ کریں گے) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (کہ) يَّخْرُجُوْا، فعل مضارع منصوب جمع مذکر غائب خَرَجَ يَخْرُجُ، مصدر خُرُوْجًا، باہر نکلنا (وہ باہر نکلیں)

مِنْهَآ(مِنْ۔ هَا) مِنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع "اَلنَّارُ" ہے، (اس سے) اُعِيْدُوْا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اَعَادَ يُعِيْدُ، مصدر اِعَادَةٌ، لوٹانا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ لوٹا دیئے جائیں گے) فِيْهَا(فِيْ۔ هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَلنَّارُ ہے (اس میں) وَ، حرف عطف (اور) قِيْلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (کہا جائے گا) لَهُمْ (لَ۔ هُمْ) لَ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے) ذُوْقُوْا، فعل امر جمع مذکر غائب ذَاقَ يَذُوْقُ، مصدر ذَوْقًا، چکھنا (تم چکھو)

عَذَابَ النَّارِ۔ عَذَابَ، مضاف، عذاب، اَلنَّارِ، مضاف الیہ، آگ کا (آگ کا عذاب)

الَّذِيْ، اسم موصول واحد مذکر (اس کا جس کو)

كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے)

بِهٖ(بِ۔ هٖ) بِ، حرف جار، کو، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو)

تُكَذِّبُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا (تم جھٹلایا کرتے)

وَ لَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ	اور بلاشبہ ہم انہیں (آخرت کے) سب سے بڑے عذاب سے پہلے قریب ترین (دنیاوی) عذاب سے ضرور مزہ

لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾	چکھائیں گے تاکہ وہ (ہماری طرف) لوٹ آئیں۔

وَلَنُذِیْقَنَّهُمْ (وَ۔لَ۔نُذِیْقَنَّ۔هُمْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلاشبہ، نُذِیْقَنَّ، فعل مضارع مؤکد بانون تاکید ثقیلہ جمع متکلم اَذَاقَ یُذِیْقُ، مصدر اِذَاقَةٌ، مزہ چکھانا، ہم ضرور مزہ چکھائیں گے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (اور بلاشبہ ہم انہیں ضرور مزہ چکھائیں گے)

مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰی۔ مِنْ، حرف جار، سے، اَلْعَذَابِ، مجرور، موصوف، عذاب، اَلْاَدْنٰی، صفت، دُنُوٌّ، مصدر سے اسم تفضیل، زیادہ قریب، قریب ترین (قریب ترین عذاب سے)

دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَکْبَرِ۔ دُوْنَ، مضاف، سوا، پہلے، اَلْعَذَابِ، مضاف الیہ، موصوف، عذاب، اَلْاَکْبَرِ، صفت، کِبَرٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، سب سے بڑا (سب سے بڑے عذاب سے پہلے)

لَعَلَّهُمْ (لَعَلَّ۔هُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، شاید، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تاکہ وہ)

یَرْجِعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب رَجَعَ یَرْجِعُ، مصدر رُجُوْعٌ، لوٹنا (وہ لوٹ آئیں)

وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُکِّرَ بِاٰیٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ	اور اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اس کے رب کی آیات کے ذریعے نصیحت کیا گیا پھر اس نے ان سے منہ پھیر لیا۔

وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، استفہامیہ (کون)

اَظْلَمُ۔ظُلْمٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ ظالم)

مِمَّنْ (مِنْ۔مَنْ) مِنْ، حرف جار، سے، مَنْ، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

ذُکِّرَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب ذَکَّرَ یُذَکِّرُ، مصدر تَذْکِیْرٌ، نصیحت کرنا (وہ نصیحت کیا گیا)

بِاٰیٰتِ (بِ۔اٰیٰتِ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، اٰیٰتِ، مجرور، آیات، واحد، اٰیَةٌ (آیات کے ذریعے)

رَبِّهٖ (رَبِّ۔هٖ) رَبِّ، مضاف، رب، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے رب)

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اَعْرَضَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَعْرَضَ یُعْرِضُ، مصدر اِعْرَاضٌ، اعراض کرنا، منہ پھیرنا (اس نے منہ پھیر لیا) عَنْهَا (عَنْ۔هَا) عَنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث

غائب، اس، ضمیر کا مرجع "اٰیٰتِ" ہے (ان سے)

اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾	یقیناً ہم مجرموں سے انتقام لینے والے ہیں۔

ع ۲ ۱۱ ۱۵

اِنَّا (اِنَّ۔ نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (یقیناً ہم)

مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ۔ مِنْ، حرف جار، سے، اَلْمُجْرِمِيْنَ، مجرور، اِجْرَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جرم کرنے والے، مجرموں، واحد، اَلْمُجْرِمُ (مجرموں سے)

مُنْتَقِمُوْنَ۔ اِنْتِقَامٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (انتقام لینے والے، بدلہ لینے والے)

وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَ جَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے موسیٰ کو کتاب دی پس آپ اس کی ملاقات سے شک میں نہ ہوں اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کیلئے ہدایت بنایا۔

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدْ۔ لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (بلاشبہ یقیناً)

اٰتَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا (ہم نے دی) مُوْسَى (حضرت موسیٰ)

الْكِتٰبَ، خاص کتاب یعنی توریت (کتاب)

فَلَا تَكُنْ (فَ۔ لَا تَكُنْ) فَ، حرف عطف، پس، لَا تَكُنْ، فعل نہی واحد مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا آپ نہ ہوں (پس آپ نہ ہوں)

فِيْ مِرْيَةٍ۔ فِيْ، حرف جار، میں، مِرْيَةٍ، مجرور، اسم مصدر، شک (شک میں)

مِّنْ لِّقَآئِهٖ (مِنْ۔ لِقَآءِ۔ هٖ) مِنْ، حرف جار، سے، لِقَآءِ، مجرور، مصدر، مضاف، ملاقات، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی ملاقات سے) یہ اشارہ اس ملاقات کی طرف ہے جو حضرت موسیٰ اور حضرت محمد ﷺ کے درمیان معراج کی رات ہوئی۔ وَ، حرف عطف (اور)

جَعَلْنٰهُ (جَعَلْنَا۔ هُ) جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، ہم نے بنایا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے، ضمیر کا مرجع "اَلْكِتٰب" ہے (ہم نے اسے بنایا) هُدًى، مصدر (ہدایت)

لِّبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ (لِ۔بَنِیۡ۔اِسۡرَآءِیۡلَ) لِ، حرف جار، کیلئے، بَنِیۡ، مجرور، مضاف، اصل میں "بَنِیۡنَ" تھا، اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا، بیٹوں، اولاد، واحد، اِبۡنٌ، اِسۡرَآءِیۡلَ، حضرت یعقوب کا لقب، اولاد یعقوب، بنی اسرائیل (بنی اسرائیل کیلئے)

وَ جَعَلۡنَا مِنۡہُمۡ اَئِمَّۃً یَّہۡدُوۡنَ بِاَمۡرِنَا لَمَّا صَبَرُوۡا ؕ۟	اور جب انہوں نے صبر کیا (تو) ہم نے ان میں سے کئی پیشوا بنائے وہ ہمارے حکم سے ہدایت دیتے تھے

وَ، حرف عطف (اور) جَعَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا (ہم نے بنائے) مِنۡہُمۡ (مِنۡ۔ھُمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، ھُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں سے) اَئِمَّۃً (پیشوا، امام) واحد، اِمَامًا، یَّہۡدُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب ھَدٰی یَھۡدِیۡ، مصدر ھِدَایَۃٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت دیتے) بِاَمۡرِنَا (بِ۔اَمۡرِ۔نَا) بِ، حرف جار، سے، اَمۡرِ، مجرور، مضاف، حکم، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے حکم سے) لَمَّا، اسم ظرف بمعنی، حِیۡنَ (جب) صَبَرُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَبَرَ یَصۡبِرُ، مصدر صَبۡرًا، صبر کرنا (انہوں نے صبر کیا)

وَ کَانُوۡا بِاٰیٰتِنَا یُوۡقِنُوۡنَ ﴿۲۴﴾	اور وہ ہماری آیات پر یقین رکھتے تھے۔

وَ، حرف عطف (اور) کَانُوۡا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ تھے) بِاٰیٰتِنَا (بِ۔اٰیٰتِ۔نَا) بِ، حرف جار، پر، اٰیٰتِ، مجرور، مضاف، آیات، واحد، اٰیَۃٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آیات پر) یُوۡقِنُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَیۡقَنَ یُوۡقِنُ، مصدر اِیۡقَانًا، یقین رکھنا (وہ یقین رکھتے)

اِنَّ رَبَّکَ ہُوَ یَفۡصِلُ بَیۡنَہُمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ فِیۡمَا کَانُوۡا فِیۡہِ یَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۲۵﴾	بے شک آپ کا رب ہی قیامت کے دن ان کے درمیان اس کے بارے میں فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) رَبَّکَ (رَبَّ۔کَ) رَبَّ، مضاف، رب، کَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر

حاضر، آپ کا (آپ کا رب) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)
يَفْصِلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب فَصَلَ يَفْصِلُ، مصدر فَصْلًا، فیصلہ کرنا (وہ فیصلہ کرے گا)
بَيْنَهُمْ (بَيْنَ۔ هُمْ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے درمیان) يَوْمَ الْقِيٰمَةِ (يَوْمَ۔ اَلْقِيٰمَةِ) يَوْمَ، مضاف، دن، اَلْقِيٰمَةِ، مضاف الیہ، قیامت کے (قیامت کے دن) فِيْمَا (فِيْ۔ مَا) فِيْ، حرف جار، برائے تعلق، کے بارے میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جن، جس، (اس کے بارے میں جس) كَانُوْا، فعل ناقص ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے) فِيْهِ (فِيْ۔ هِ) فِيْ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس میں) يَخْتَلِفُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ، مصدر اِخْتِلَافٌ، اختلاف کرنا (وہ اختلاف کرتے)

اَوَ لَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ	اور کیا ان کو اس (امر) نے ہدایت نہیں دی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی امتوں کو ہلاک کیا ان کے رہنے کی جگہوں میں (اب) یہ چلتے پھرتے ہیں۔

اَوَ لَمْ يَهْدِ (اَ۔ وَ۔ لَمْ يَهْدِ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، وَ، حرف عطف، اور، لَمْ يَهْدِ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب هَدٰى يَهْدِيْ، مصدر هِدَايَةٌ، ہدایت دینا "لَمْ" کی وجہ سے ترجمہ (اس نے ہدایت نہیں دی) لَهُمْ (لَ۔ هُمْ) لَ، حرف جار، کو، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کو)
كَمْ، استفہامیہ، مقدار اور تعداد کیلئے (کتنی)
اَهْلَكْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَهْلَكَ يُهْلِكُ، مصدر اِهْلَاكًا، ہلاک کرنا (ہم نے ہلاک کیا)
مِنْ قَبْلِهِمْ (مِنْ۔ قَبْلِ۔ هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، پہلے، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے پہلے) مِّنَ الْقُرُوْنِ۔ مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں،
اَلْقُرُوْنِ، مجرور (امتوں، قوموں) وہ قومیں جن میں ہر ایک کا زمانہ دوسرے سے الگ ہو، واحد، اَلْقَرْنُ۔
يَمْشُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب مَشٰى يَمْشِيْ، مصدر مَشْيٌ، چلنا پھرنا (وہ چلتے پھرتے ہیں)

فِيْ مَسٰكِنِهِمْ (فِيْ۔ مَسٰكِنِ۔ هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، مَسٰكِنِ، مجرور، مضاف، گھروں، رہنے کی جگہوں واحد، مَسْكَنٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے رہنے کی جگہوں میں)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ	بلاشبہ اس میں یقیناً نشانیاں ہیں۔

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ) فِيْ ذٰلِكَ۔ فِيْ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس میں) لَاٰيٰتٍ (لَ۔ اٰيٰتٍ) لَ، لام تاکید، یقیناً، اٰيٰتٍ، نشانیاں، واحد، اٰيَةٌ (یقیناً نشانیاں)

اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾	تو کیا وہ سنتے نہیں ہیں؟

اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ (اَ۔ فَ۔ لَا يَسْمَعُوْنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، لَا يَسْمَعُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب سَمِعَ يَسْمَعُ، مصدر سَمْعًا، سننا، وہ نہیں سنتے (تو کیا وہ سنتے نہیں ہیں؟)

اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَ اَنْفُسُهُمْ ؕ	اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ بے شک ہم پانی کو چٹیل زمین کی طرف بہا کر لے جاتے ہیں پھر ہم اس کے ذریعے کھیتی نکالتے ہیں اس میں سے ان کے چوپائے اور وہ خود (بھی) کھاتے ہیں۔

اَوَلَمْ يَرَوْا (اَ۔ وَ۔ لَمْ يَرَوْا) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، وَ، حرف عطف، اور، لَمْ يَرَوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب رَاٰى يَرٰى، مصدر رُؤْيَةٌ، دیکھنا "لَمْ" کی وجہ سے ترجمہ، انہوں نے نہیں دیکھا (اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا)

اَنَّا (اَنَّ۔ نَا) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

نَسُوْقُ، فعل مضارع جمع متکلم سَاقَ يَسُوْقُ، مصدر سَوْقًا، جانور کو ہانکنا، بہا کر لے جانا (ہم بہا کر لے جاتے ہیں) الْمَآءَ (پانی) اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ۔ اِلٰى، حرف جار، کی طرف، اَلْاَرْضِ، مجرور، موصوف، زمین، اَلْجُرُزِ، صفت، جَرْزٌ، مصدر سے صفت مشبہ، وہ زمین جس کے درخت اور گھاس چھانٹ دی گئی ہو، چٹیل، بنجر (چٹیل زمین کی طرف) فَنُخْرِجُ (فَ۔ نُخْرِجُ) فَ، حرف عطف، پھر، نُخْرِجُ، فعل مضارع جمع متکلم اَخْرَجَ يُخْرِجُ، مصدر اِخْرَاجًا، نکالنا، ہم نکالتے ہیں (پھر ہم نکالتے ہیں)

بِهٖ (بِ۔ہٖ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ذریعے)
زَرْعًا، مصدر، کھیتی کرنا، زراعت بطور اسم (کھیتی، زراعت) .تَاْكُلُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب اَكَلَ
يَاْكُلُ، مصدر اَكْلٌ، کھانا (وہ کھاتا ہے) .مِنْهُ (مِنْ۔هُ) مِنْ، حرف جار، سے، هُ، مجرور، ضمیر واحد
مذکر غائب، اس (اس میں سے) اَنْعَامُهُمْ (اَنْعَامُ۔هُمْ) اَنْعَامُ، مضاف، چوپائے ،واحد، نَعَمٌ،
هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے چوپائے) وَ، حرف عطف (اور)
اَنْفُسُهُمْ (اَنْفُسُ۔هُمْ) اَنْفُسُ، مضاف، جانوں، خود، نفسوں، واحد، نَفْسٌ،
هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے، وہ (وہ خود)

اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾	تو کیا وہ نہیں دیکھتے؟

اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ (اَ۔فَ۔لَا يُبْصِرُوْنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، لَا يُبْصِرُوْنَ، فعل
مضارع منفی جمع مذکر غائب اَبْصَرَ يُبْصِرُ، مصدر اِبْصَارٌ، دیکھنا، وہ نہیں دیکھتے (تو کیا وہ نہیں دیکھتے؟)

وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾	اور وہ کہتے ہیں یہ فیصلہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو؟

وَ، حرف عطف (اور) يَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)
مَتٰى، استفہامیہ، ظرف زمان (کب) هٰذَا الْفَتْحُ۔ هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، یہ،
اَلْفَتْحُ، مشار الیہ، مصدر، فتح کرنا، فیصلہ کرنا، فیصلہ (یہ فیصلہ) اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر)
كُنْتُمْ، فعل ناقص ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)
صٰدِقِيْنَ، صِدْقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، سچ بولنے والے، سچے، واحد، صَادِقٌ،

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾	آپ کہہ دیجئے فیصلے کے دن ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا ان کا ایمان لانا نفع نہیں دے گا اور نہ وہ مہلت دیئے جائیں گے۔

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

يَوْمَ الْفَتْحِ۔ يَوْمَ، مضاف، دن، اَلْفَتْحِ، مضاف الیہ، مصدر، فیصلے کا (فیصلے کا دن)

لَايَنْفَعُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب نَفَعَ يَنْفَعُ، مصدر نَفْعًا، فائدہ دینا، نفع دینا (وہ نفع نہیں دے گا) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان لوگوں کو جنہوں نے)۔ كَفَرُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا وَّ كُفْرَانًا، کفر کرنا (انہوں نے کفر کیا)۔ اِيْمَانُهُمْ (اِيْمَانُ۔هُمْ) اِيْمَانُ، مضاف، مصدر، ایمان لانا، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا، (ان کا ایمان لانا) وَ لَا هُمْ وَ، حرف عطف، اور، لَا، نافیہ، نہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (اور وہ نہ)۔ يُنْظَرُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب اَنْظَرَ يُنْظِرُ، مصدر اِنْظَارٌ، مہلت دینا (وہ مہلت دیئے جائیں گے)

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَ انْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ؏	پس آپ ان سے منہ پھیر لیں اور آپ انتظار کریں یقیناً وہ (بھی) انتظار کرنے والے ہیں۔

فَاَعْرِضْ (فَ۔اَعْرِضْ) فَ، حرف عطف، پس، اَعْرِضْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَعْرَضَ يُعْرِضُ، مصدر اِعْرَاضٌ، اعراض کرنا، منہ پھیرنا، آپ منہ پھیر لیں (پس آپ منہ پھیر لیں)

عَنْهُمْ (عَنْ۔هُمْ) عَنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے)

وَ انْتَظِرْ (وَ۔اِنْتَظِرْ) وَ، حرف عطف، اور، اِنْتَظِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِنْتَظَرَ يَنْتَظِرُ، مصدر اِنْتِظَارٌ انتظار کرنا، آپ انتظار کریں (اور آپ انتظار کریں)

اِنَّهُمْ (اِنَّ۔هُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (یقیناً وہ)

مُّنْتَظِرُوْنَ۔اِنْتِظَارٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (انتظار کرنے والے) واحد، مُنْتَظِرٌ۔

اٰیَاتُھَا: ۷۳	سُوۡرَۃُ الۡاَحۡزَابِ مَدَنِیَّۃٌ	رُکُوۡعَاتُھَا: ۹

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

یٰۤاَیُّہَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰہَ وَ لَا تُطِعِ الۡکٰفِرِیۡنَ وَ الۡمُنٰفِقِیۡنَ ؕ	اے نبی! آپ اللہ سے ڈریں اور آپ کافروں اور منافقوں کا کہنا مانیں۔

یٰۤاَیُّھَا النَّبِیُّ (یَا۔اَیُّھَا۔ اَلنَّبِیُّ) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّھَا، جب منادیٰ پر "اَلۡ" داخل ہو تو مذکر کیلئے "یَا" کے ساتھ "اَیُّھَا" لگاتے ہیں، اَلنَّبِیُّ، منادیٰ، نبی (اے نبی) اتَّقِ اللّٰہَ (اِتَّقِ۔اَللّٰہَ) اِتَّقِ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا، آپ ڈریں، اَللّٰہَ، اللہ (آپ اللہ سے ڈریں) وَ، حرف عطف (اور) لَا تُطِعِ، فعل نہی واحد مذکر حاضر اَطَاعَ یُطِیۡعُ، مصدر اِطَاعَۃٌ، اطاعت کرنا، کہا ماننا (آپ کہا نہ مانیں) اَلۡکٰفِرِیۡنَ۔ کُفۡرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کفر کرنے والے، کافروں) واحد، اَلۡکَافِرُ، وَ، حرف عطف (اور) اَلۡمُنٰفِقِیۡنَ۔نِفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (منافقت کرنے والے، نفاق کرنے والے، منافقوں) واحد، اَلۡمُنَافِقُ۔

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیۡمًا حَکِیۡمًا ۙ﴿۱﴾	یقیناً اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ۔ اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰہَ، اللہ (یقیناً اللہ) کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا (وہ ہے) عَلِیۡمًا، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا) حَکِیۡمًا، اللہ کا صفاتی نام، حِکۡمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

وَّ اتَّبِعۡ مَا یُوۡحٰۤی اِلَیۡکَ مِنۡ رَّبِّکَ ؕ	اور آپ اس کی پیروی کریں جو آپ کے رب کی جانب سے آپ کی طرف وحی کی جاتی ہے۔

وَّ اتَّبِعۡ (وَ۔اِتَّبِعۡ) وَ، حرف عطف، اور، اِتَّبِعۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعٌ، پیروی کرنا (آپ پیروی کریں) مَا، اسم موصول (اس کی جو)

یُوْحٰٓی، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب اَوْحٰی یُوْحِیْ، مصدر اِیْحَآءٌ، وحی کرنا (وحی کی جاتی ہے)

اِلَیْكَ (اِلٰی۔كَ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ کی طرف)

مِنْ رَّبِّكَ (مِنْ۔رَبِّ۔كَ) مِنْ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف سے، کی جانب سے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کے (آپ کے رب کی جانب سے)

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا ۙ	بلاشبہ اللہ ان سے خوب باخبر ہے جو تم عمل کرتے ہو

اِنَّ اللّٰهَ۔ اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، اَللّٰهَ، اللہ (بلاشبہ اللہ)

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ یَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

بِمَا (بِ۔مَا) بِ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (ان سے جو)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

خَبِیْرًا، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب باخبر، خوب خبر رکھنے والا)

وَّ تَوَكَّلْ عَلَی اللّٰهِ ؕ	اور آپ اللہ پر بھروسہ کریں۔

وَّ، حرف عطف (اور) تَوَكَّلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر تَوَكَّلَ یَتَوَكَّلُ، مصدر تَوَكُّلٌ، توکل کرنا، بھروسہ کرنا، (آپ بھروسہ کریں) عَلَی اللّٰهِ (عَلٰی۔اَللّٰهِ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر)

وَ كَفٰی بِاللّٰهِ وَكِیْلًا ۝	اور اللہ ہی کارساز کافی ہے۔

وَ، حرف عطف (اور) كَفٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَفٰی یَكْفِیْ، مصدر كِفَایَةٌ، کافی ہونا (وہ کافی ہے)

بِاللّٰهِ (بِ۔اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَللّٰهِ، مجرور (اللہ)

وَكِیْلًا۔ وَكْلًا، مصدر سے صفت مشبہ بمعنی (نگران، نگہبان، کارساز)

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهٖ ۚ	اللہ نے کسی آدمی کیلئے اس کے سینے میں دو دل نہیں بنائے۔

مَا جَعَلَ اللّٰهُ۔ مَا، نافیہ، نہیں، جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر، جَعْلًا، بنانا، اس نے بنائے، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ نے نہیں بنائے)

لِرَجُلٍ(لِ۔رَجُلٍ)لِ، حرف جار، کیلئے ،رَجُلٍ، مجرور، کسی آدمی (کسی آدمی کیلئے)

مِّنْ قَلْبَيْنِ ۔ مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، قَلْبَيْنِ، مجرور، تثنیہ (دو دل) واحد، قَلْبٌ،

فِيْ جَوْفِهٖ(فِيْ۔ جَوْفِ۔ ہٖ)فِيْ، حرف جار، میں، جَوْفِ، مجرور، مضاف، اندرونی حصہ جو خالی ہو، سینہ،

ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے سینے میں)

وَ مَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓئِْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ	اور اس نے تمہاری ان بیویوں کو جن سے تم ظہار کرتے ہو تمہاری مائیں نہیں بنایا۔

وَمَا جَعَلَ۔ وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں، جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ،

مصدر، جَعْلًا، بنانا، اس نے بنایا (اس نے نہیں بنایا)

اَزْوَاجَكُمُ (اَزْوَاجَ۔كُمْ) اَزْوَاجَ، مضاف، بیویوں، خاوند اور بیوی دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے، واحد،

زَوْجٌ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، تمہاری (تمہاری بیویوں) الّٰٓئِْ، اسم موصول جمع مؤنث (ان کو جن)

تُظٰهِرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر ظَاهَرَ يُظَاهِرُ، مصدر مُظَاهَرَةٌ، ظِهَارٌ، مرد کا اپنی بیوی سے کہنا کہ

تو میرے لیے اس طرح ہے جس طرح میری ماں کی پشت، ظہار کرنا (تم ظہار کرتے ہو)

مِنْهُنَّ(مِنْ۔هُنَّ)مِنْ، حرف جار، سے، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان (ان سے)

اُمَّهٰتِكُمْ (اُمَّهٰتِ۔كُمْ)اُمَّهٰتِ، مضاف، مائیں، واحد، اُمٌّ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری

(تمہاری مائیں)

وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ	اور اس نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے (حقیقی) بیٹے نہیں بنایا۔

وَمَا جَعَلَ۔وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں، جَعَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَعَلَ يَجْعَلُ،

مصدر جَعْلًا، بنانا، اس نے بنایا (اور اس نے نہیں بنایا)

اَدْعِيَآءَكُمْ (اَدْعِيَآءَ۔كُمْ)اَدْعِيَآءَ، مضاف، منہ بولے بیٹے، لے پالک، واحد، دَعِيٌّ، كُمْ، مضاف الیہ،

ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے منہ بولے بیٹوں)

اَبْنَآءَکُمْ (اَبْنَآءَ۔ کُمْ) اَبْنَآءَ، مضاف، بیٹے (حقیقی) واحد، اِبْنٌ، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے (حقیقی) بیٹے)

ذٰلِکُمْ قَوْلُکُمْ بِاَفْوَاهِکُمْ ؕ	یہ تمہارے مونہوں کی اپنی باتیں ہیں۔

ذٰلِکُمْ، اسم اشارہ، کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر خطاب کیلئے ہے (یہ، اس)

قَوْلُکُمْ (قَوْلُ۔ کُمْ) قَوْلُ، مضاف، مصدر، بات، کہنا، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی بات) بِاَفْوَاهِکُمْ (بِ۔ اَفْوَاهِ۔ کُمْ) بِ، حرف جار، کی، اَفْوَاهِ، مجرور، مضاف، مونہوں، واحد، فَمٌ، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے مونہوں کی)

وَ اللّٰهُ یَقُوْلُ الْحَقَّ وَ هُوَ یَهْدِی السَّبِیْلَ ۝۴	اور اللہ سچ کہتا ہے اور وہی (سیدھی) راہ کی ہدایت دیتا ہے۔

وَ اللّٰهُ۔ وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (اور اللہ)

یَقُوْلُ الْحَقَّ۔ یَقُوْلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، وہ کہتا ہے، اَلْحَقَّ، حق، سچ (وہ سچ کہتا ہے) وَهُوَ، وَ، حرف عطف، اور، هُوَ ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب، وہی (اور وہی) یَهْدِیْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب هَدٰی یَهْدِیْ، مصدر هِدَایَةٌ، ہدایت دینا (وہ ہدایت دیتا ہے)

السَّبِیْلَ (راہ)

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ	تم ان کو ان کے باپوں (کی نسبت) سے پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف (کی بات) ہے۔

اُدْعُوْهُمْ (اُدْعُوْا۔ هُمْ) اُدْعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر دَعَا یَدْعُوْ، مصدر دُعَآءٌ وَّ دَعْوَةٌ، پکارنا، بلانا، تم پکارو، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کو، ضمیر کا مرجع، اَدْعِیَآءَ، ہے (تم ان کو پکارو)

لِاٰبَآئِهِمْ (لِ۔ اٰبَآءِ۔ هِمْ) لِ، حرف جار، سے، اٰبَآءِ، مجرور، مضاف، باپوں، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے باپوں (کی نسبت) سے) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)

اَقْسَطُ۔ قِسْطٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ انصاف)

عِنْدَ اللّٰہِ۔عِنْدَ، مضاف، نزدیک، ہاں،اَللّٰہِ، مضاف الیہ،اللہ کے (اللہ کے نزدیک)

فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَھُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَ مَوَالِيْكُمْ ؕ	پھر اگر تم ان کے باپوں کو نہ جانتے ہو تو (وہ) دین میں تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے دوست ہیں۔

فَاِنْ(فَ۔اِنْ)فَ، حرف عطف، پھر،اِنْ، شرطیہ جازمہ،اگر(پھر اگر) لَّمْ تَعْلَمُوْٓا، فعل مضارع مجزوم منفی بجحد بلم جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا،اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم نہ جانتے ہو)

اٰبَآءَھُمْ(اٰبَآءَ،ھُمْ)اٰبَآءَ، مضاف، باپوں،ھُمْ مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب،ان کے (ان کے باپوں)

فَاِخْوَانُكُمْ(فَ۔اِخْوَانُ۔كُمْ)فَ، حرف عطف، تو،اِخْوَانُ، مضاف، بھائی،واحد،اَخٌ، كُمْ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تو (وہ) تمہارے بھائی ہیں)

فِي الدِّيْنِ ۔فِيْ، حرف جار، میں،اَلدِّيْنِ، مجرور، دین (دین میں)وَ، حرف عطف (اور)

مَوَالِيْكُمْ(مَوَالِيْ۔كُمْ)مَوَالِيْ، مضاف (دینی) دوست،واحد،مَوْلٰی،كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے (دینی) دوست)

وَ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ	اور تم پر اس کے بارے میں کوئی گناہ نہیں جو تم نے اس (کے بولنے) میں خطا کی اور لیکن (گناہ ہوگا) جو تمہارے دلوں نے ارادے سے کیا۔

وَ، حرف عطف (اور) لَيْسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب،اس کے فعل مضارع اور فعل امر کے صیغے نہیں ہوتے (نہیں ہے) عَلَيْكُمْ(عَلٰی، كُمْ)عَلٰی، حرف جار،پر، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر) جُنَاحٌ (کوئی گناہ) فِيْمَآ (فِيْ۔مَا)فِيْ، حرف جار، کے بارے میں،مَا، مجرور،اسم موصول،جو (اس کے بارے میں جو) اَخْطَاْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَخْطَاَ يُخْطِئُ، مصدر اِخْطَآءٌ،خطا کرنا، بھول چوک ہو جانا (تم نے خطا کی) بِهٖ(بِ،ہٖ)بِ، حرف جار بمعنی،فِيْ، میں،ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس میں)وَ، حرف عطف (اور) لٰكِنْ، حرف استدراک (لیکن) مَّا،اسم موصول (جو) تَعَمَّدَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب تَعَمَّدَ يَتَعَمَّدُ، مصدر تَعَمُّدٌ، عمداً کرنا،ارادہ سے کرنا (اس نے ارادے سے کیا)

قُلُوْبُکُمْ (قُلُوْبُ۔ کُمْ) قُلُوْبُ، مضاف، دلوں، واحد، قَلْبٌ، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے دلوں)

وَ کَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۞	اور اللہ بہت بخشنے ولا بہت رحم کرنے والا ہے۔

وَ کَانَ اللّٰہُ۔ وَ، حرف عطف، اور، کَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا، وہ ہے، اَللّٰہُ، اللہ (اور اللہ ہے) غَفُوْرًا، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا) رَّحِیْمًا، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَۃٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُہٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ	(یہ) نبی مومنوں پر ان کی جانوں سے زیادہ حق دار ہے اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔

اَلنَّبِیُّ ((یہ) نبی) اَوْلٰی۔ وَلْیٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ قریب، زیادہ مستحق، زیادہ حق دار) بِالْمُؤْمِنِیْنَ (بِ۔ اَلْمُؤْمِنِیْنَ) بِ، حرف جار، پر، اَلْمُؤْمِنِیْنَ، مجرور، اِیْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان رکھنے والے، مومنوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ (مومنوں پر)

مِنْ اَنْفُسِهِمْ (مِنْ۔ اَنْفُسِ ۔ هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے، اَنْفُسِ، مجرور، مضاف، جانوں، واحد، نَفْسٌ، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی جانوں سے)

وَ، حرف عطف (اور) اَزْوَاجُہٗۤ (اَزْوَاجُ۔ ہٗ) اَزْوَاجُ، مضاف، بیویاں، واحد، زَوْجٌ، بیوی اور خاوند دونوں کیلئے بولا جاتا ہے، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی، ضمیر کا مرجع "اَلنَّبِیُّ" ہے (اس کی بیویاں) اُمَّهٰتُهُمْ (اُمَّهٰتُ۔ هُمْ) اُمَّهٰتُ، مضاف، مائیں، واحد، اُمٌّ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی، (ان کی مائیں)

وَ اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِیْ کِتٰبِ اللّٰہِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُهٰجِرِیْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤی اَوْلِیٰٓئِکُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ	اور نسبی رشتہ دار اللہ کی کتاب میں ان کا بعض بعض پر (بہ نسبت دوسرے) ایمان والوں اور ہجرت کرنے والوں سے زیادہ حق دار ہے مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے کوئی نیکی کرو۔

وَ، حرف عطف (اور) اُولُوا الْاَرْحَامِ۔ اُولُوْا، مضاف، والے، جمع، ہے، اَلْاَرْحَامِ، مضاف الیہ، رحموں کے (رحموں والے، رشتے والے، نسبی رشتہ دار) بَعْضُهُمْ (بَعْضُ۔ هُمْ) بَعْضُ، مضاف، بعض ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے بعض)

اَوْلٰی۔ وَلِيٌّ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ قریب، زیادہ حق دار)

بِبَعْضٍ (بِ۔ بَعْضٍ) بِ، حرف جار، پر، بَعْضٍ، مجرور، بعض (بعض پر)

فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ۔ فِيْ، حرف جار، میں، كِتٰبِ، مجرور، مضاف، کتاب، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی کتاب میں) مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (مِنْ۔ اَلْمُؤْمِنِيْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْمُؤْمِنِيْنَ، مجرور، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے، مومنوں (ایمان والوں سے) وَ، حرف عطف (اور)

الْمُهٰجِرِيْنَ۔ مُهَاجَرَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہجرت کرنے والے، مہاجروں)

اِلَّآ، حرف اشتنا (مگر) اَنْ، مصدریہ ناصبہ (یہ کہ)

تَفْعَلُوْٓا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر فَعَلَ يَفْعَلُ، مصدر فِعْلًا، کرنا (تم کرو)

اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ (اِلٰى۔ اَوْلِيَآءِ۔ كُمْ) اِلٰى، حرف جار، سے، اَوْلِيَآءِ، مجرور، مضاف، دوستوں، واحد، وَلِيٌّ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے دوستوں سے)

مَّعْرُوْفًا۔ عِرْفَانٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر (کوئی نیکی، بھلائی، دستور)

كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝	یہ کتاب میں لکھا ہوا ہے۔

كَانَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے) ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ) فِي الْكِتٰبِ۔ فِيْ، حرف جار، میں، اَلْكِتٰبِ، مجرور، کتاب (کتاب میں)

مَسْطُوْرًا۔ سَطْرٌ، مصدر سے اسم مفعول (لکھا ہوا)

وَ اِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَ مِنْكَ وَ مِنْ نُّوْحٍ وَّ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى وَ عِيْسَى	اور جب ہم نے نبیوں سے ان کا پختہ عہد لیا اور آپ سے اور (حضرت) نوح (علیہ السلام) اور (حضرت) ابراہیم (علیہ السلام) اور (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) اور

ابْنِ مَرْيَمَ ۙ	(حضرت) عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) سے

وَ، حرف عطف (اور) اِذْ، اسم ظرف (جب)

اَخَذْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَخَذَ يَاْخُذُ، مصدر اَخْذًا، پکڑنا، لینا (ہم نے لیا)

مِنَ النَّبِيّٖنَ۔ مِنْ، حرف جار، سے، اَلنَّبِيّٖنَ، مجرور، نبیوں (نبیوں سے)

مِيْثَاقَهُمْ (مِيْثَاقَ۔ هُمْ) مِيْثَاقَ، مضاف، پختہ عہد، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا پختہ عہد) وَ، حرف عطف (اور) مِنْكَ (مِنْ۔ كَ) مِنْ، حرف جار، سے، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (آپ سے) وَ، حرف عطف (اور)

مِنْ نُّوْحٍ۔ مِنْ، حرف جار، سے، نُوْحٍ، مجرور، نوح (حضرت نوح سے) وَّ، حرف عطف (اور)

اِبْرٰهِيْمَ (حضرت ابراہیم) وَ، حرف عطف (اور) مُوْسٰى (حضرت موسیٰ) وَ، حرف عطف (اور)

عِيْسَى (حضرت عیسیٰ) ابْنِ مَرْيَمَ۔ اِبْنِ، مضاف، بیٹا، مَرْيَمَ، مضاف الیہ، مریم کا (مریم کا بیٹا)

وَ اَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ	اور ہم نے ان سے بہت پختہ عہد لیا۔

وَ، حرف عطف (اور) اَخَذْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَخَذَ يَاْخُذُ، مصدر اَخْذًا، پکڑنا، لینا (ہم نے لیا)

